(Rev. 07/16) LDSS-4148A-UR

# کتاب 1

# اپنے حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے

بینیفٹس کے لیے درخواست دینے یا انہیں موصول کرنے کے وقت

اگر آپ نابینا ہیں یا سنگین طور پر بصری نقص والے فرد ہیں اور آپ کو درخواست یا یہ ہدایات متبادل فارمیٹ میں درکار ہیں تو، آپ اس کی درخواست اپنے سوشل سروسز ڈسٹرکٹ سے کرسکتے ہیں۔ درج ذیل متبادل فارمیٹس دستیاب ہیں:

- بڑے حروف والے؛
- ڈیٹا فارمیٹ (اسکرین ریڈر سے قابل سائی الیکٹرانک فائل)؛
- آڈیو فارمیٹ (ہدایات یا درخواست کے سوالات کی ایک آڈیو نقل حرفی)؛ اور
- بریل، اگر آپ یقین دلاتے ہیں کہ مذکورہ بالا متبادل فارمیٹ میں سے کوئی بھی آپ کے مساوی طور پر مؤثر نہیں ہوگا۔

درخواستیں اور ہدایات ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے www.otda.ny.gov یا www.health.ny.gov سے بڑے پرنٹ، ڈیٹا فارمیٹ اور آڈیو فارمیٹ میں بھی دستیاب ہیں۔ براہ کرم نوٹ کر لیں کہ درخواستیں آڈیوفارمیٹ اور بریل میں کلی طور پر اطلاعاتی مقاصد کے لیے دستیاب ہیں۔ درخواست دینے کے لیے، آپ کو تحریری، غیر متبادل شکل میں ایک درخواست جمع کرانی ہوگی۔ اگر آپ کو کوئی دیگر سہولت درکار ہو تو براہ مہربانی اپنے سوشل سروسز ڈسٹرکٹ سے رابطہ کریں۔

---

یہ بھی دیکھیں

**کتاب 2 (LDSS-4148B)**

"سوشل سروسز پروگراموں کے بارے میں آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے"

اور

**کتاب 3 (LDSS-4148C)**

"اگر آپ کو ایمرجنسی درپیش ہے تو آپ کو کیا جاننا چاہیے"

---

**اس کتاب کو آئندہ استعمال کے لیے محفوظ رکھیں**

# فہرست مشمولات

صفحہ


**تعارف** .......... 2

**آپ کے حقوق**

1. درخواست سے متعلق حقوق .......... 3
2. عدم امتیاز سے متعلق حقوق .......... 4
3. ذاتی رازداری کے حقوق .......... 5
4. اپنے ریکارڈز پر نظرڈالنے کا آپ کا حق .......... 6
5. کانفرنسز اور منصفانہ سماعتیں .......... 7
6. ملازمتی حقوق .......... 10
7. عدالت میں ولدیت قائم ہونے پر بچوں اور والد کے حقوق .......... 11
8. ولدیت اور چائلڈ سپورٹ لیگل ایکشن اور نمائندگی سے متعلق حقوق .......... 12
9. بچے کی نگہداشت سے متعلق حقوق .......... 12
10. پاس-تھرو اور زائد تعاون کی ادائیگیوں میں تعاون – عارضی اعانت سے متعلق حقوق .......... 13
11. عارضی اعانت کے لیے پابند کردہ ادائیگی کا مطالبہ کرنے کا آپ کا حق .......... 14
12. دھوکہ دہی کا شبہ ہونے پر آپ کے حقوق .......... 14
13. ووٹ کرنے کے لیے رجسٹر ہونے کا آپ کا حق .......... 14
14. عقیدے پر مبنی خدمت فراہم کنندگان کے سلسلے میں آپ کے حقوق .......... 14

**آپ کی ذمہ داریاں**

1. عمومی ذمہ داریاں .......... 15
2. سچی اور قطعی معلومات فراہم کرنے کی ذمہ داری .......... 15
3. ثبوت فراہم کرنے کی ذمہ داری .......... 17
4. آٹومیٹڈ فنگر امیجنگ سسٹم میں مندرج ہونے کی ذمہ داری .......... 21
5. تبدیلیوں کی اطلاع دینے کی ذمہ داری .......... 22
6. اپنے عمومی فائدے کے شناختی کارڈ کے سلسلے میں ذمہ داریاں .......... 25
7. اپنے فوڈ اسٹامپ بینیفٹس تک رسائی کی ذمہ داریاں .......... 25
8. اپنے بینیفٹ کی فاضل ادائیگیوں کو واپس ادا کرنے کی ذمہ داری .......... 25
9. ملازمتی ذمہ داریاں .......... 26
10. بچے کی نگہداشت سے متعلق ذمہ داریاں .......... 28
11. بچے اور شریک حیات کے تعاون کے سلسلے میں ذمہ داریاں .......... 29
12. TA کے لیے الکحل اور منشیات کے بے جا استعمال کی اسکریننگ مکمل کرنے کی ذمہ داریاں .......... 31
13. طبی اعانت کے لیے منشیات کے بے جا استعمال سے بحالی میں شرکت کرنے کی ذمہ داریاں .......... 31
14. طبی اعانت فراہم کنندگان کو استعمال کرنے کے سلسلے میں ذمہ داریاں .......... 32
15. دوبارہ تصدیق کی ذمہ داریاں .......... 32
16. عارضی اعانت کے لیے درخواست دینے یا حاصل کرنے کے لیے نابالغ والدین کی ذمہ داریاں .......... 33
17. اگر آپ بے گھر ہیں تو عارضی رہائش کے سلسلے میں آپ کی ذمہ داریاں .......... 33
18. سپلیمنٹل سیکیورٹی انکم (Supplemental Security Income (SSI)) کے لیے درخواست دینے سے متعلق آپ کی ذمہ داریاں .......... 34


**براہ کرم نوٹ کریں:**

**یہ کتاب سوشل سروسز بینیفٹس یا نگہداشت حاصل کرنے کے لیے درخواست دینے اور موصول ہونے کے وقت آپ کے متعدد حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں آپ کو بتاتا ہے۔**

**اس کا مقصد آپ کو ریاستی اور وفاقی قوانین، اصولوں و ضوابط میں شامل حقوق اور ذمہ داریوں کی ایک عام سمجھ فراہم کرنا ہے۔ اگر آپ کے پاس کوئی مخصوص سوالات ہیں تو براہ کرم اپنے کارکن سے مزید معلومات طلب کریں۔**

# تعارف

یہ کتاب (**LDSS-4148A**: "اپنے حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے") ان تین میں سے ایک ہے جس میں اس اعانت کے بارے میں زیادہ تر سوالات کے جوابات موجود ہیں جو ہم آپ کو دے سکتے ہیں۔ یہ کتاب بینیفٹس کے لیے درخواست دینے اور ان کے موصول ہونے کے وقت آپ کے حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں آپ کو بتاتا ہے۔

دوسری کتاب (**LDSS-4148B**: "سوشل سروسز پروگراموں کے بارے میں آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے") ہر پروگرام کے بارے میں مخصوص معلومات فراہم کرتا ہے، اور تیسری کتاب (**LDSS-4148C**: "اگر آپ کو ہنگامی صورتحال درپیش ہے تو آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے") آپ کو بتاتا ہے کہ ہنگامی صورتحال میں کیا کرنا ہے۔

ان تمام کتابوں میں ہم سرکاری اعانت کے پروگراموں کو "عارضی اعانت" (Temporary Assistance) کہتے ہیں۔ (باضابطہ طور پر انہیں "کنبہ جاتی اعانت" اور "سیفٹی نیٹ اسسٹنس" کہا جاتا ہے۔) "عارضی" لفظ کا سبب اس بات پر زور دینا ہے کہ یہ پروگرامز صرف اس وقت تک آپ کی مدد کرنے کے لیے ہیں جب تک کہ آپ اپنی اور اپنے خاندان کی مکمل مدد نہیں کرسکتے ہیں۔

ان کتابوں میں طبی اعانت کا بھی حوالہ دیا گیا ہے۔ طبی اعانت میں بچوں کے لیے ایک کوریج چائلڈ ہیلتھ پلس (Child Health Plus A)، بالغوں کے لیے Medicaid کی کوریج، فیملی ہیلتھ پلس (Family Health Plus)، کام کرنے والے معذور افراد کے لیے Medicaid بائے ان پروگرام (Medicaid Buy-In Program)، Medicare سیونگز پروگرام (Medicare Savings Program) اور فیملی پلاننگ بینیفٹس پروگرام (Family Planning Benefits Program) شامل ہیں۔

**ان کتابوں میں سروسز (خدمات) کا بھی حوالہ دیا گیا ہے۔ سروسز میں بچوں کی نگہداشت، رضاعی نگہداشت، بچوں کی فلاح و بہبود، گود لینا اور دیگر چیزیں شامل ہیں۔**

# آپ کے حقوق

## 1. درخواست کے حقوق

آپ کو درج ذیل کا حق حاصل ہے:

- پروگراموں اور اس مدد کے بارے میں بتایا جائے جسے آپ حاصل کرسکتے ہیں۔
- یہ بتایا جائے کہ ان پروگراموں کو حاصل کرنے کے لیے آپ کو کیا کرنے کی ضرورت ہے۔
- ان پروگراموں کے لیے درخواست دینے کا۔
- طلب کیے جانے پر درخواست حاصل کرنے کا۔
- درخواست کو اسی دن واپس کرنے(جمع کرنے) کا جس دن آپ کو ملا (عارضی اعانت اور فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کے لیے (Temporary Assistance and Food Stamp Benefits))۔

**نوٹ:** اگر آپ نے کم سے کم اپنا نام، پتہ (اگر آپ کے پاس ہے) بھر دیے ہیں اور دستخط کردیا ہے تو فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کی درخواست قبول کی جانی چاہیئے۔ یہ اس لیے اہم ہے کیونکہ آپ کے فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کی رقم کا حساب اس دن سے لگایا جاتا ہے جب آپ فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کی اپنی درخواست جمع کرتے ہیں۔ اگر آپ اپنی درخواست اسی دن واپس جمع کرتے ہیں جس دن آپ کو یہ ملتا ہے تو آپ کو زیادہ فوڈ اسٹامپ بینیفٹس مل سکتے ہیں۔ تاہم، براہ کرم نوٹ کریں کہ، آپ کو لازمی طور پر باقی درخواست بھرنی ہوگی کہ تاکہ یہ معلوم ہوسکے کہ آیا آپ فوڈ اسٹامپ بینیفٹس حاصل کرسکتے ہیں۔

- اگر آپ صرف چائلڈ کیئر سروسز کے لیے درخواست دے رہے ہیں تو اپنی درخواست ڈاک کے ذریعہ بھیجیں۔
- انٹرویو دیں۔

-- طبی اعانت کے لیے (Medicaid/ چائلڈ ہیلتھ پلس اے/ فیملی ہیلتھ پلس/ کام کرنے والے معذور افراد کے لیے Medicaid بائی-ان پروگرام/ Medicare سیونگز پروگرام/ فیملی پلاننگ بینیفٹ پروگرام) کوئی مخصوص پیمانہ وقت نہیں ہے جس کے اندر آپ یا آپ کے نمائندے کا انٹرویو ہونا ضروری ہے۔ تاہم، اہلیت قائم ہوپانے سے پہلے آپ کا انٹرویو ہونا ضروری ہے۔

-- عارضی اعانت کے لیے، یہ انٹرویو سات کام کے دنوں کے اندر ہونا چاہیے۔

-- فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کے لیے، انٹرویو وقت پر ہونا چاہیئے تاکہ درخواست دینے کے 30 دنوں کے اندر اہلیت کے تعین اور بینیفٹس جاری ہونے کو یقینی بنایا جائے۔

-- فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کے لیے، مشکل حالات میں آپ کو یہ درخواست کرنے کا حق ہے کہ درون دفتر انٹرویو سے چھوٹ دی جائے۔ مشکل حالات میں عام طور پر بیماری، نقل و حمل کی پریشانیاں، گھرانے کے رکن کی نگہداشت، دیہی علاقے میں رہائش کے سبب مشکل، طویل عرصے تک سخت موسم یا کام یا تربیت کے ایسے اوقات جو آپ کو سوشل سروسز ڈسٹرکٹ کے دفتر کے اوقات کے دوران آنے سے باز رکھتے ہوں شامل ہیں لیکن یہ انہیں تک محدود نہیں ہیں۔ آپ کی درخواست پر دفتر میں انٹرویو سے چھوٹ حاصل ہوگی، اگر آپ کے گھر کے تمام بالغ افراد عمر رسیدہ یا معذور ہیں جن کی کوئی کمائی ہوئی آمدنی نہیں ہے۔ ایجنسی ٹیلی فون انٹرویو یا طے شدہ گھریلو دورے کے ذریعہ دفتر میں انٹرویو سے چھوٹ دے سکتے ہیں۔ ذاتی طور پر انٹرویوز گھرانے کی رہائش سمیت کسی بھی باہمی طور پر قابل قبول مقام پر پیشگی شیڈول کیے جا سکتے ہیں۔

اگر کوئی درخواست دہندہ انٹرویو میں شرکت کرنے سے قاصر ہے تو، وہ گھر میں انٹرویو میں شامل ہونے کے لیے **تحریری طور پر** ایک ایسا مجاز نمائندہ نامزد کرسکتا ہے، جو گھر کا رکن نہ ہو۔ وہ دوست، رشتہ دار یا درخواست دہندہ کے ذریعہ منتخب کوئی اور فرد ہوسکتا ہے۔ اس شخص کے پاس ضروری دستاویزات ہونی چاہئیں اور وہ سوشل سروسز کے مقامی محکمہ (Local Department of Social Services -LDSS) کو اہلیت کے تعین کے لیے درکار معلومات دینے کے قابل ہو۔ مجاز نمائندے کا انتخاب گھرانے کا انتخاب ہے۔ اگر کوئی درخواست دہندہ چاہتا ہے کہ کوئی مجاز نمائندے کے طور پر کام کرے تو، درخواست دہندہ اور مجاز نمائندہ دونوں کو درخواست پر دستخط کرنا چاہیئے۔

جب درخواست صرف طبی اعانت کے لیے ہو تو، درخواست کو کسی بھی ایسے فرد کے ذریعہ مکمل اور اس پر دستخط کیا جاسکتا ہے جسے درخواست دہندہ درخواست کے عمل میں اپنی نمائندگی کرنے کا اختیار دیتا ہے۔ یہ نمائندہ درخواست دہندہ کے لیے انٹرویو میں شرکت کر سکتا ہے۔

**نوٹ:** اگر آپ عارضی اعانت کے لیے درخواست دے رہے ہیں، اور آپ آج ہمیں بتاتے ہیں کہ آپ کو ہنگامی صورتحال درپیش ہے تو، ہمیں آج آپ کی ہنگامی صورتحال کے بارے میں آپ کا انٹرویو کرنا ہوگا۔ ہمارے لیے آپ کی ہنگامی صورتحال سے متعلق آج اپنے فیصلے کے بارے میں تحریری طور پر بھی بتانا ضروری ہے۔ اگر آپ فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کے لیے درخواست دے رہے ہیں اور آپ تیز رفتار کارروائی کے اہل ہیں تو، آپ کا انٹرویو اور ہمارے فیصلے کا نوٹس آپ کی درخواست جمع کرنے کے دن سے پانچ کیلنڈر دن سے پہلے ہوگا۔

- اپنے لیے ترجمانی کی خاطر کسی کو اپنے انٹرویو میں ساتھ لے کر آئیں۔ اگر آپ کو ترجمان کی ضرورت ہے تو، ایجنسی اس کا انتظام کرے گی۔ انگریزی میں مہارت نہ رکھنے کی وجہ سے آپ کو سروسز تک رسائی سے انکار نہیں کیا جاسکتا ہے۔ سمعی یا گویائی معذوری والے درخواست دہندگان/ وصول کنندگان سروسز تک رسائی حاصل کرنے کے لیے TTY/TTD ریلے سسٹمز استعمال کرنے پر غور کرسکتے ہیں۔
- اگر آپ معذور ہیں تو آپ کو سوشل سروسز کے پروگراموں تک ویسی ہی رسائی حاصل ہے جیسے اس شخص کو ہے جو معذور نہیں ہے۔

- اگر آپ کی درخواست منظور یا انکار کی جاتی ہے تو، آپ کو کنبہ جاتی اعانت اور فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کے لیے اپنی درخواست جمع کرنے (فائل کرنے) کی تاریخ کے 30 دن کے اندر بتایا جائے؛ اگر آپ کی درخواست منظور یا انکار کی جاتی ہے تو **سیفٹی نیٹ اسسٹنس** کے لیے اپنی درخواست جمع کرنے (فائل کرنے) کی تاریخ کے 45 دن کے اندر بتایا جائے۔
- آپ کی درخواست جمع ہونے (فائل ہونے) ہونے کی تاریخ کے 30 دن کے اندر سروسز کے لیے آپ کی درخواست منظور یا مسترد کرنے کا فیصلہ لیا گیا ہے، اور فیصلہ ہونے کے 15 دن کے اندر آپ کو فیصلے کا تحریری نوٹس بھیج دیا گیا ہے۔ تاہم، بالغوں کے لیے حفاظتی خدمات کی منظوری یا انکار کا فیصلہ اس وقت کیا جانا چاہیئے جب بالغوں کی تشخیص کی خدمات کا منصوبہ مکمل ہو جائے۔
- طبی اعانت، بشمول آپ کے انٹرویو کے لیے آپ کی درخواست کے مکمل ہوجانے پر، اگر آپ طبی اعانت کے اہل ہیں یا آپ کی درخواست مسترد ہو جاتی ہے تو آپ کو مطلع کیا جائے۔ آپ کو مطلع کرنے کا وقت مختلف ہوتا ہے:
  -- حاملہ خواتین اور چھوٹے بچوں کو درخواست دائر کرنے کے 30 دن کے اندر بتانا ضروری ہے؛
  -- اگر کسی شخص کی اہلیت معذوری کی صوتحال پر منحصر ہے تو، اس شخص کو اہلیت کے فیصلے کے بارے میں درخواست دائر کرنے کے 90 دن کے اندر بتانا ضروری ہے؛ اور
  -- دوسرے تمام لوگوں کو درخواست جمع کرنے کے 45 دن کے اندر بتانا ضروری ہے۔
- تحریری نوٹس حاصل کریں جس میں آپ کو یہ بتایا گیاہو کہ آیا آپ کی درخواست منظور ہوگئی ہے یا اس سے انکار کیا گیا ہے:
  -- اگر آپ کی درخواست منظور ہو جاتی ہے تو، یہ نوٹس آپ کو بتائے گا کہ آپ کو کون سے بینیفٹس حاصل ہوں گے؛
  -- اگر آپ کی درخواست کو انکار کردیا جاتا ہے تو، یہ نوٹس آپ کو بتائے گا کہ اگر آپ اس فیصلے سے متفق نہیں ہیں یا اسے نہیں سمجھتے ہیں تو آپ کو کیا کرنا چاہیئے۔

**نوٹ:** اگر عارضی اعانت کے لیے آپ کی درخواست منظور ہوجاتی ہے اور آپ بالغ ہیں آپ کے کوئی بچے نہیں ہیں تو، آپ کی عارضی اعانت کا زمرہ عام طور پر سیفٹی نیٹ اسسٹنس ہوگا۔ بچوں کے ساتھ کچھ خاندانوں کو سیفٹی نیٹ اسسٹنس حاصل ہوگی۔

سیفٹی نیٹ اسسٹنس کیسز میں لوگوں کو درخواست کی تاریخ سے 45 دن پہلے کسی بھی مدت کے لیے اعادی عارضی اعانت نہیں ملے گی۔ سیفٹی نیٹ اسسٹنس زمرے کے لوگ 45 دن کی مدت کے دوران ہنگامی صورتحال سے نمٹنے میں مدد حاصل کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں جس میں وہ اعادی بینیفٹس حاصل نہیں کرسکتے ہیں۔ (LDSS-4148C: "اگر آپ کو ہنگامی صورتحال درپیش ہے تو آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے" ملاحظہ کریں۔)

سیفٹی نیٹ اسسٹنس زمرے کے وہ لوگ جو فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کے اہل ہیں انہیں کسی بھی دوسرے درخواست دہندہ کے مقابلے میں ان بینیفٹس کے لیے مزید انتظار نہیں کرنا پڑتا ہے۔

## 2. عدم امتیاز سے متعلق حقوق

نیویارک ریاست کے دفتر برائے عارضی و معذوری سے متعلق اعانت (New York State Office of Temporary and Disability Assistance, OTDA)، نیویارک اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف ہیلتھ، نیویارک ریاست کا دفتر برائے اطفال و کنبہ جاتی خدمات (New York State Office of Children and Family Services) یا نسل، مذہب، نسلی پس منظر، ازدواجی حیثیت، معذوری، جنس، قومی نژاد، سیاسی عقیدے یا عمر کی بنیاد پر آپ کے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کی طرف سے امتیازی سلوک کیا جانا غیر قانونی ہے۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کے ساتھ **عارضی اعانت** کے پروگرام میں امتیازی سلوک کیا گیا ہے، **جس میں کنبہ جاتی اعانت اور سیفٹی نیٹ اسسٹنس شامل ہے،** یا یہ کہ کسی قسم کے امتیازی سلوک کی وجہ سے آپ کے کیس کو نامناسب طریقے سے نمٹا گیا ہے تو، آپ انہیں کال کرکے یا لکھ کر شکایت کرسکتے ہیں:

**(Bureau of Equal Opportunity Development, BEOD) مساوی مواقع کی ترقی کا بیورو**
**New York State Office of Temporary and Disability Assistance**
**40North Pearl Street 13A**
**Albany, New York 12243-0001**
**(518) 473-8555**

BEOD شکایت کو تفتیش کے لیے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کو بھیجے گا اور شکایت کنندہ کو ترسیل والے خط کی کاپی بھیجے گا۔ OTDA کی طرف سے شکایت کو سوشل سروسز کے مقامی محکمے کو بھیج دیے جانے پر اس طرح کی درخواست کی تاریخ کے 20 دن کے اندر ایک رپورٹ پیش کی جانی چاہیئے اور 18 NYCRR حصہ 356.3(e). کے تقاضہ کے مطابق اس میں شکایت سے متعلق تمام معاملات کا مکمل احاطہ ہوگا۔ اگر وقت کی حد پوری نہیں کی جا سکتی تو، عبوری رپورٹ بھیجی جانی چاہیئے۔ OTDA شکایت سے متعلق رپورٹ میں شامل کسی بھی معاملات سے متعلق سوشل سروسز کے مقامی محکمے کو تاثرات فراہم کر سکتا ہے اور ضروری خیال کیے جانے پر سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کی مشاورت سے شکایت کا مزید جائزہ لے سکتا ہے۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ **فوڈ اسٹامپ بینیفٹس** پروگرام میں آپ کے ساتھ امتیازی سلوک برتا گیا ہے تو، آپ انہیں بھی لکھ کر شکایت کر سکتے ہیں:

**USDA**
**Director, Office of Civil Rights**
**Room 326-W, Whitten Building**
**.Independence Avenue, S.W 1400**
**Washington, D.C. 20250-9410**
**((202) 720-5964 :TDD (صوتی اور**

آپ کے امتیازی سلوک کی شکایت کی تفتیش کی جائے گی اور نتائج کے بارے میں آپ کو تحریری طور پر مطلع کیا جائے گا۔
اگر آپ کو لگتا ہے کہ معذوری کی بنیاد پر آپ کے ساتھ امتیازی سلوک کیا گیا ہے تو، آپ انہیں لکھ کر بھی شکایت کرسکتے ہیں:

**Disability Rights Section**
**P.O. Box 66738**
**Washington, D. C.  20035-6738**
**یا**

**Director**
**Office for Civil Rights**
**U.S. Department of Health and Human Services**
**Independence Avenue, SW, Room 506-F 200**
**Washington, D.C.  20201**
**یا**

**دفتر برائے شہری حقوق کو 1-800-368-1019 (وائس) یا (TDD) 1-800-537-7697 پر کال کرسکتے ہیں**

آپ کے امتیازی سلوک کی شکایت کی تفتیش کی جائے گی اور نتائج کے بارے میں آپ کو تحریری طور پر مطلع کیا جائے گا۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کے ساتھ **طبی اعانتی** پروگرام میں امتیازی سلوک برتا گیا ہے تو، آپ نیو یارک ریاست کے شعبۂ حقوق انسانی (New York State Division of Human Rights) کے علاقائی دفاتر میں سے کسی ایک کو کال کرسکتے یا لکھ سکتے ہیں، جسے ٹیلی فون بک کے سرکاری صفحات میں تلاش کیا جاسکتا ہے۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کے ساتھ **عارضی اعانت، فوڈ اسٹامپ بینیفٹس** اور ان سے متعلق روزگار پروگراموں، **طبی اعانت، سروسز** یا **نگہداشت طفل** میں امتیازی سلوک برتا گیا ہے تو، آپ البنی میں نیو یارک ریاست کے شعبۂ حقوق انسانی ڈویژن سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

آپ نیو یارک ریاست کے شعبۂ حقوق انسانی کے علاقائی دفاتر میں سے کسی ایک کو بھی کال کرسکتے یا لکھ سکتے ہیں، جسے ٹیلی فون بک کے سرکاری صفحات میں تلاش کیا جاسکتا ہے۔ نیویارک ریاست کے کچھ شہروں اور کاؤنٹیوں میں کمیشن برائے انسانی حقوق بھی موجود ہے جو امتیازی سلوک کی شکایات کی تفتیش کرتے ہیں۔ فہرست کے لیے ٹیلی فون بُک چیک کریں۔

### 3. ذاتی رازداری کے حقوق

نیویارک اسٹیٹ پرسنل پرائیویسی پروٹیکشن لاء اور وفاقی رازداری ایکٹ کے تحت نیویارک ریاست کے دفتر برائے عارضی و معذوری سے متعلق اعانت، نیو یارک ریاست کا دفتر برائے اطفال و کنبہ جاتی خدمات (New York State Office of Children and Family Services) اور نیو یارک ریاست محکمہ صحت (New York State Department of Health) کو آپ کو یہ بتانا ضروری ہے کہ وہ سوشل سیکیورٹی نمبرز سمیت معلومات کے ساتھ کیا کرتا ہے، جو آپ ریاست (یا، کچھ معاملات میں، آپ کے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ) کو اپنے اور اپنے خاندان کے بارے میں دیتے ہیں۔ رازداری سے متعلق قانون کا بیان آپ کے درخواست فارم پر ہے۔

یہ معلومات، بشمول آپ کا سوشل سیکیورٹی نمبر یہ جاننے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے کہ آپ کو کون سے پروگراموں سے مدد مل سکتی ہے اور اسے یہ جاننے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے کہ آپ کتنی رقم اور دیگر مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ معلومات کے لیے کچھ دیگر استعمالات درج ذیل ہیں:

- بعض حالات میں قانون نافذ کرنے والے افسر کی درخواست پر، سوشل سروسز کے مقامی محکمے کو عارضی اعانت اور فوڈ اسٹامپ بینیفٹس وصول کنندگان کا پتہ فراہم کرنا ہوگا۔
- کچھ معاملات میں، آپ کی فراہم کردہ معلومات جیوری پولز بنانے کے لیے استعمال کی جاتی ہیں۔
- بعض صورتوں میں، معلومات ریاستہائے متحدہ کی شہریت اور ترک وطنی کی خدمات (United States Citizenship and Immigration Services, USCIS) (ہوم لینڈ سکیورٹی کے محکمے میں) کے ساتھ شیئر کی جاتی ہیں۔ **نوٹ:** طبی اعانت آپ کی امیگریشن/ شہریت کی صورتحال سے متعلق آپ کی فراہم کردہ معلومات ریاستہائے متحدہ کی شہریت اور ترک وطنی کی خدمات (USCIS) کو نہیں دے گی۔
- معلومات کا استعمال چائلڈ سپورٹ کے مقاصد کے لیے کیا جاتا ہے۔
- نقل اور دھوکہ دہی کو روکنے کے لیے، معلومات اس طرح کی اعانت فراہم کرنے والی دیگر ریاستوں اور ایجنسیوں کے ساتھ شیئر کی جاتی ہیں۔

جب بھی آپ سے معلومات طلب کی جاتی ہیں تو، آپ کے لیے اسے فراہم کرنا ضروری ہے تاکہ اسے یہ دیکھنے کے لیے استعمال کیا جا سکے کہ آیا آپ کو رقم یا دیگر مدد مل سکتی ہے۔ قانون کے وہ حصے جو نیویارک ریاست کے دفتر برائے عارضی و معذوری سے متعلق اعانت، نیویارک ریاست محکمہ صحت اور سوشل سروسز کے مقامی محکموں کو آپ کے بارے میں معلومات حاصل کرنے اور اس معلومات کی تصدیق کرنے پر پابند کرتے ہیں وہ سوشل سروسز قانون کی سیکشنز 21، 132، 134-a اور 366-a اور فیڈرل سوشل سیکیورٹی ایکٹ کی دفعہ 1137 ہیں۔

اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ آپ کو وہ رقم یا دیگر مدد مل رہی ہے جو آپ کو اور آپ کے خاندان کو قانونی طور پر حاصل کرنے کی اجازت ہے، دوسرے لوگوں سے ان معلومات کی تصدیق کرنے اور اضافہ کرنے کے لیے کہا جاسکتا ہے جو آپ نے ہمیں پہلے ہی دی ہیں۔ مثال کے طور پر:

- یہ معلوم کرنے کے لیے کہ آیا آپ کام کررہے ہیں یا کررہے تھے اور اگر ایسا ہے تو، آپ نے کتنی رقم کمائی ہے، آپ کا نام اور سوشل سیکیورٹی نمبر نیویارک ریاست محکمہ برائے ٹیکس کاری اور مالیات (New York State Department of Taxation) اور آجروں کو بھی بھیجا جاتا ہے۔ بعض صورتوں میں آپ کا نام اور سوشل سیکیورٹی نمبر دوسری ریاستوں کے سرکاری ایجنسیوں کو بھیجا جاسکتا ہے تاکہ یہ معلوم کیا جاسکے کہ آیا آپ نے ان ریاستوں میں کام کیا ہے یا رقم یا دیگر مدد حاصل کی ہے۔

**نوٹ:** اگر آپ عارضی اعانت یا طبی اعانت کے لیے درخواست دے رہے ہیں یا حاصل کر رہے ہیں تو، ہم آپ کے بچوں کے سوشل سیکیورٹی نمبرز ان کے غیر تحویلی والدین کو دے سکتے ہیں تاکہ وہ بچوں کو اپنے غیر تحویلی والدین کی صحت کے بیمہ احاطہ میں مندرج کرسکیں اور ضروری ہونے پر، چائلڈ سپورٹ انفورسمنٹ سروسز شروع کی کرسکیں۔ اگر آپ صرف طبی اعانت کے لیے درخواست دے رہے ہیں تو، ہم صرف طبی تعان کے لیے ہی آپ کے بچوں کے غیر تحویلی والدین کی پیروی کرسکتے ہیں۔

- نیویارک ریاست میں بے روزگاری بیمہ ڈویژن اور دوسری ریاستوں میں اسی طرح کے دفاتر سے پوچھا جاتا ہے کہ آیا آپ بے روزگاری کے بینیفٹس حاصل کر رہے ہیں یا حاصل کر رہے تھے۔
- بینکوں سے یہ دیکھنے کے لیے پوچھا جاسکتا ہے کہ آیا آپ کے پاس بینک اکاؤنٹ(س) ہے/ ہیں، یا اس بات کی تصدیق کریں کہ آپ کے پاس ہے اور آپ کے اکاؤنٹ(س) میں کتنی رقم ہے۔
- اسکولوں سے اس بات کی تصدیق کرنے کے لیے کہا جاسکتا ہے کہ آپ کے بچے وہاں جاتے ہیں۔
- نیو یارک اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف موٹر وہیکلز (New York State Department of Motor Vehicles) سے پوچھا جاسکتا ہے کہ آیا آپ کے پاس کار ہے۔
- سوشل سیکیورٹی ایڈمنسٹریشن سے روزگار کی معلومات اور یہ معلوم کرنے کے لیے کہا جاتا ہے کہ آیا آپ کو پنشن یا معذوری سے متعلق بینیفٹس حاصل ہوئے ہیں۔
- محکمہ دفاع اور سابق فوجی کے امور سے پوچھا جاتا ہے کہ کیا آپ معاوضہ اور/ یا پنشن بینیفٹس کے اہل ہیں اور/ یا وصول کرنے کے اہل ہیں۔
- آپ کی آمدنی یا وسائل کا تعین کرنے کے لیے انٹرنل ریونیو سروسز سے وفاقی ٹیکس معلومات (1099) کے بارے میں پوچھا جاسکتا ہے کہ آیا آپ عارضی اعانت کی درخواست دے رہے ہیں یا وصول کررہے ہیں۔

ذاتی رازداری کے حقوق کا اطلاق تمام طبی اعانت اور سروسز کے درخواست دہندگان اور شرکت کنندگان پر بھی ہوتا ہے۔

طبی اعانت کی درخواست میں آپ کی فراہم کردہ تمام معلومات خفیہ رہیں گی۔ صرف جو لوگ جو معلومات دیکھیں گے وہ اندراج کے سہولت کار اور ریاستی یا مقامی ایجنسیاں اور صحت کے منصوبے ہیں جنہیں یہ تعین کرنے کے لیے معلومات جاننے کی ضرورت ہے کہ آیا آپ (درخواست دہندہ) اور آپ کے گھر کے افراد اہل ہیں۔ آپ کی درخواست میں آپ کی مدد کرنے والا شخص کسی سے بھی معلومات پر بات نہیں کر سکتا، سوائے سپروائزر یا ریاستی یا مقامی ایجنسیوں یا صحت کے منصوبوں کے جنہیں ان معلومات کی ضرورت ہے۔

اگر آپ نہیں چاہتے ہیں کہ خاندان کی منصوبہ بندی کی مراعات کے پروگرام (Family Planning Benefit Program – FPBP) کے لیے آپ کی اہلیت سے متعلق معلومات آپ کے معمول کے پتہ پر بھیجی جائے تو آپ ڈاک کا خفیہ پتہ استعمال کرسکتے ہیں۔ اگر آپ کو اپنے ہیلتھ انشورنس فراہم کنندہ سے اپنی فیملی پلاننگ کی معلومات خفیہ رکھنے کی ضرورت ہے تو، اپنے کارکن کو بتائیں۔

آپ ہمیں اس طرح سے جو بھی معلومات فراہم کرتے ہیں اس کا استعمال کرنے کے علاوہ، نیویارک ریاست کے دفتر برائے عارضی و معذوری سے متعلق اعانت (OTDA) پروگرام کی منصوبہ بندی اور نظم و نسق اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے بھی معلومات کا استعمال کرتا ہے تاکہ سوشل سروسز کے مقامی محکمے ممکنہ حد تک بہترین کام کررہے ہیں **("کوالٹی کنٹرول")**۔ یہ معلومات ڈپٹی کمشنر، ڈویژن آف انفارمیشن ٹیکنالوجی (Division of Information Technology, DoIT)، آفس آف ٹیمپرری اینڈ ڈس ایبیلیٹی اسسٹنس، 40 North Pearl Street, Albany, N. Y. 12243-0001 کے پاس رکھی ہیں۔

نیویارک ریاست کے دفتر برائے عارضی و معذوری سے متعلق اعانت (OTDA) یہ جاننے کے لیے بھی تحقیق کر رہا ہے کہ آیا ہمارے پروگرام عارضی اعانت کے درخواست دہندگان اور وصول کنندگان کو ملازمتیں تلاش کرنے اور برقرار رکھنے میں مدد دینے میں موثر ہیں۔ یہ تحقیق بہت ہی اہم ہے۔ اس سے ہمیں ان سروسز کو بہتر بنانے میں مدد ملتی ہے جو آپ جیسے ہزاروں عارضی اعات کے کلائنٹس کو متاثر کرتی ہیں۔

اس تحقیق کو انجام دینے کے لیے، یہ ضروری ہے کہ ریاستی ویج رپورٹنگ سسٹم (Wage Reporting System, WRS) کا استعمال کرتے ہوئے عارضی اعانت کے درخواست دہندگان اور وصول کنندگان کے 10 سالوں تک کی اجرت کے نمونوں کا پتہ لگایا جائے۔ یہ اجرت کی معلومات صرف تحقیق کے مقاصد کے لیے استعمال کی جاتی ہیں۔ **یہ کسی بھی طرح سے عارضی اعانت کے لیے آپ کی اہلیت کو متاثر نہیں کرتا ہے۔** تحقیق کے لیے جمع کی گئی اجرت کی تمام معلومات کو پوری طرح خفیہ رکھا جاتا ہے۔ صرف تحقیق کرنے والے لوگ ہی اجرت کی معلومات دیکھتے ہیں اور انہیں انفرادی درخواست دہندگان اور شرکت کنندگان کے ناموں تک رسائی حاصل نہیں ہے۔ اگر آپ کو تحقیق میں شامل کیا جاتا ہے تو، آپ کا نام کبھی بھی کسی رپورٹ میں نہیں دیا جائے گا اور آپ کی اجرت کے بارے میں کبھی بھی کوئی معلومات نہیں دی جائیں گی۔ اگر آپ کو اپنی اجرت کی رپورٹنگ کے ریکارڈز کے استعمال پر اعتراض ہے تو، آپ انہیں تحریری طور پر درخواست کر سکتے ہیں کہ انہیں تحقیق میں شامل نہ کیا جائے:

**New York State Office of Temporary and Disability Assistance**
**Office of Program Evaluation**
**40North Pearl Street**
**Albany, New York 12243**

### 4. اپنے ریکارڈز پر نظرڈالنے کا آپ کا حق

جب آپ رقم یا دیگر مدد کے لیے درخواست دیتے ہیں تو، آپ کے کیس کے بارے میں **دو** قسم کے ریکارڈ رکھے جاتے ہیں۔ عام طور پر، آپ کو ان ریکارڈز کو دیکھنے کا حق ہے۔

آپ اپنے پورے ریکارڈز کو دیکھنے کے اہل **نہیں** بھی ہوسکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، آپ چائلڈ سپورٹ، گود لینے، رضاعی نگہداشت، تحفظ طفل اور تدارکی ریکارڈز کے تمام یا کچھ حصے کو دیکھنے کے قابل نہیں ہو سکتے ہیں۔ آپ کا کارکن آپ کو ان اصولوں کی وضاحت کر سکتا ہے۔

**کیس ریکارڈ – پہلی** قسم کے ریکارڈ کو **آپ کا کیس ریکارڈ** کہا جاتا ہے اس میں آپ کے سے متعلق تمام کاغذات موجود ہوتے ہیں، **اور** یہ آپ کے سوشل سروسز کے مقامی محکمے کے ذریعے قابل رسائی ہے۔ آپ کے کیس ریکارڈ میں آپ کی درخواست، پیدائش کے سرٹیفکیٹ کی کاپیاں، تنخواہ کی رسیدیں، آپ کے انٹرویوز کے دوران آپ کے کارکن کی طرف سے لکھی گئی یادداشتیں اور آپ کے کیس کے بارے میں کوئی اور معلومات شامل ہوسکتی ہیں۔

عام طور پر، آپ کو کام کے اوقات کے دوران اپنے کیس ریکارڈ کو دیکھنے کا حق حاصل ہوتا ہے۔ تاہم، آپ کو ایسا کرنے کے لیے اپنے سوشل سروسز کے مقامی محمکہ سے وقت سے پہلے پوچھنا چاہیئے۔ آپ اپنے کیس ریکارڈ میں موجود کاغذات کی کاپیاں مانگ سکتے ہیں، لیکن آپ کو ان کاغذات کی نقل کے لیے ادائیگی کرنی پڑ سکتی ہے۔ اگر کاغذات منصفانہ سماعت کے لیے استعمال کیے جائیں گے یا ان کی ضرورت ہے تو، آپ کو ان کی کاپیاں مفت میں دی جانی چاہئیں۔

**کمپیوٹر ریکارڈز – دوسری** قسم کے ریکارڈ کو نیویارک ریاست کے دفتر برائے عارضی و معذوری سے متعلق اعانت (OTDA) نیو یارک ریاست محکمہ صحت (DOH, New York State Department of Health)، یا نیو یارک ریاست کے دفتر برائے اطفال و کنبہ جاتی خدمات (New York State Office of Children and Family Services, OCFS) کے زیر انتظام کمپیوٹر سسٹم پر رکھا جاتا ہے۔ آپ کے کیس کے بارے میں معلومات آپ کے سوشل سروسز کے مقامی محکمے اور/یا رضاکارانہ مجاز ایجنسیوں کے ذریعہ ان ریاستی کمپیوٹر سسٹم میں رکھی جاتی ہیں جو آپ کو اور آپ کے خاندان کے لیے سروسز فراہم کرتی ہیں۔ زیادہ تر معاملات میں، آپ کے پاس اپنی ریاست کے ذریعہ رکھے ہوئے کمپیوٹر ریکارڈ کو بھی دیکھنے کا حق ہے۔ عام طور پر، آپ کو اپنی پوچھ تاچھ سوشل سروسز کے مقامی محکمے سے کرنی چاہیئے جہاں آپ نے درخواست دی تھی، یا جو آپ کو اور/یا آپ کے خاندان کو سروسز فراہم کرتا ہے۔ اپنے کارکن سے مشورہ کریں کہ آپ کو کہاں درخواست کرنا ہے۔

آپ کی مخصوص Medicaid سے محفوظ صحت کی معلومات کی کاپیوں کے لیے، انہیں تحریری درخواست بھیجنا ضروری ہے:

**Claim Detail Unit**
**NYS Department of Health**
**Office of Medicaid Management**
**Washington Ave 99**
**7th floor, Suite 729**
**Albany, NY 12210**

جب آپ اپنے کمپیوٹر ریکارڈز کی کاپیوں کے لیے لکھتے ہیں تو، پرسنل پرائیویسی پروٹیکشن لاء اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ نیویارک کی ریاستی ایجنسیاں، آپ کا خط ملنے کے بعد، کام کے پانچ دنوں کے اندر لازمی طور پر:

- آپ کو آپ کے ریکارڈز بھیجے؛ **یا**
- آپ کو بتائیں کہ وہ آپ کو آپ کا ریکارڈز کیوں نہیں دیں گے؛ **یا**
- آپ کو بتائیں کہ ان کے پاس آپ کی درخواست موجود ہے اور وہ اس بات کا تعین کریں گے کہ آیا آپ کو اپنا ریکارڈ حاصل کرنے کی اجازت ہے۔

## 5. کانفرنسز اور منصفانہ سماعتیں

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کے کیس کے بارے میں کوئی فیصلہ غلط ہے، یا کوئی فیصلہ آپ کی سمجھ میں نہیں آتا ہے تو، فورا اپنے کارکن سے بات کریں۔ اگر آپ اب بھی اختلاف کرتے ہیں یا آپ کو سمجھ میں نہیں آتا ہے تو، آپ کے پاس **کانفرنس** اور **منصفانہ سماعت** کا حق ہے۔

**کانفرنس** – کانفرنس اس وقت ہوتی ہے جب آپ اپنے کیس کے بارے میں فیصلہ کرنے والے شخص کے علاوہ کسی اور سے ملتے ہیں۔ کانفرنس میں یہ شخص اس فیصلے کا جائزہ لے گا۔ کبھی کبھار کانفرنس آپ کو درپیش کسی بھی مسئلے کو حل کرنے کا سب سے تیز طریقہ ہوتا ہے۔ ایسا کرنے کے لیے کہنے کی ہم آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں **خواہ آپ نے منصفانہ سماعت کے لیے درخواست** کی ہے۔ تاہم کانفرنسز رضاکارانہ ہوتی ہیں اور اگر آپ کانفرنس کی درخواست نہیں کرتے ہیں تب بھی منصفانہ سماعت کی درخواست کر سکتے ہیں۔ کانفرنس طلب کرنے کے لیے، اپنے سوشل سروسز کے مقامی محکمے کو کال کریں یا لکھیں۔

**کانفرنس منصفانہ سماعت نہیں ہوتی ہے۔** اگر آپ کو بتایا جاتا ہے کہ آپ کا کیس بند کیا جا رہا ہے، یا آپ کو جو رقم دیگر مدد مل رہی ہے وہ گھٹ جائیں گی اور مسئلے کا تصفیہ کانفرنس کے ذریعہ نہیں ہوتا ہے تو، آپ کے لیے رقم یا دیگر مدد حاصل کرتے رہنے کیلئے منصفانہ سماعت کی گزارش کرنا **ضروری** ہے۔

**نوٹ:** کانفرنس کی درخواست منصفانہ سماعت کی درخواست نہیں ہے۔ اگر آپ منصفانہ سماعت چاہتے ہیں تو، آپ کو اس کی درخواست کرنی چاہیئے۔

**منصفانہ سماعت** – منصفانہ سماعت آپ کے لیے نیویارک ریاست کے دفتر برائے عارضی و معذوری سے متعلق اعانت کے ایڈمنسٹریٹو لاء جج کو یہ بتانے کا ایک موقع ہے کہ آپ کے خیال میں آپ کے کیس کے بارے میں فیصلہ کیوں غلط ہے۔ اس کے بعد ریاست ایک تحریری فیصلہ جاری کرے گی جس میں بتایا جائے گا کہ آیا سوشل سروسز کے مقامی محکمے کا فیصلہ صحیح یا غلط تھا۔ تحریری فیصلہ میں سوشل سروسز کے مقامی محکمے کو آپ کے کیس کو درست کرنے کا حکم دیا جاسکتا ہے۔

**اس بابت کچھ وجوہات کہ آپ منصفانہ سماعت کے لیے پوچھ سکتے ہیں**

- آپ نے اپنی درخواست واپس لینے پر رضامندی ظاہر کی ہے لیکن آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو احاطہ شدہ پروگرام یا سروس کے لیے آپ کی اہلیت کے بارے میں غلط یا نامکمل معلومات دی گئی تھی۔
- عارضی اعانت، طبی اعانت، فوڈ اسٹامپ بینیفٹس، سروسز، چائلڈ کیئر یا گھریلو توانائی میں اعانت کے پروگرام (Home Energy Assistance Program, HEAP) کے لیے آپ کی درخواست سے انکار کردیا گیا ہے اور آپ اس فیصلے سے متفق نہیں ہیں۔
- آپ نے عارضی اعانت، فوڈ اسٹامپ بینیفٹس، سروسز یا HEAP کے لیے درخواست دی اے اور 30 دن سے زیادہ گزر چکے ہیں۔ آپ کو ابھی تک یہ نہیں بتایا گیا ہے کہ آیا آپ کی درخواست منظور کی گئی ہے یا اس سے انکار کیا گیا ہے۔ عارضی اعانت کے لیے درخواست دینے والے کچھ بالغوں افراد کے لیے، فیصلے میں 45 دن لگ سکتے ہیں۔

- آپ کو یقین ہے کہ آپ کی عارضی اعانت، طبی اعانت، سروسز، چائلڈ کیئر یا HEAP ناکافی ہیں۔
- آپ نے طبی اعانت کے لیے درخواست دی ہے اور آپ کو یہ بتانے کے لیے نوٹس موصول نہیں ہوا ہے کہ آیا آپ کی درخواست منظور کی گئی ہے یا انکار کیا گیا ہے۔
  - اگر آپ حاملہ ہیں یا چھوٹے بچے کے لیے درخواست دے رہی ہیں تو، آپ کو 30 دنوں کے اندر نوٹس ملنا چاہیئے۔
  - اگر آپ معذور شخص کے طور پر درخواست دے رہے ہیں تو، آپ کی اہلیت کے تعین میں 90 دن لگ سکتے ہیں۔
  - باقی سب کو 45 دن کے اندر مطلع کیا جاتا ہے۔
- آپ کو بتایا جاتا ہے کہ آپ کام کرنے یا ملازمت کی سرگرمی میں شرکت کرنے کے قابل ہیں (قابل روزگار)، اور آپ اس سے متفق نہیں ہیں۔
- آپ کے خیال میں آپ کی عارضی اعانت یا فوڈ اسٹامپ بینیفٹس یا چائلڈ کیئر بینیفٹس کی رقم غلط ہے۔
- آپ کو طبی اعانت یا چائلڈ کیئر بینیفٹس حاصل ہو رہے ہیں، لیکن آپ کو لاگت کے کچھ حصے کی ادائیگی کرنے کی ضرورت ہے۔ آپ کو لگتا ہے کہ آپ کا حصہ بہت زیادہ ہے۔
- طبی اعانت سروس کے لیے ادائیگی کر رہی ہے اور آپ کو بتایا گیا ہے کہ آپ کی سروس کو کم یا بند کیا جا رہا ہے۔ آپ اس سے متفق نہیں ہیں۔
- آپ نے طبی اعانت سے دستبرداری کے پروگرام کے لیے درخواست دی ہے اور اس سے انکار کر دیا گیا ہے۔ آپ اس سے متفق نہیں ہیں۔
- آپ کو بتایا گیا ہے کہ، طبی اعانت کے غلط استعمال کی وجہ سے، آپ کو اپنی طبی دیکھ بھال ایک اہم فراہم کنندہ (وصول کنندہ پر پابندی کے پروگرام) سے حاصل کرنی ہوگی۔ آپ اس فیصلے سے متفق نہیں ہیں۔ **("آپ کی ذمہ داریاں"، سیکشن 14، "طبی اعانت فراہم کنندگان کے استعمال سے متعلق ذمہ داریاں" ملاحظہ کریں)۔**
- آپ کو عارضی اعانت، طبی اعانت، فوڈ اسٹامپ بینیفٹس، سروسز یا چائلڈ کیئر حاصل ہو رہی ہے اور آپ کو بتایا گیا ہے کہ آپ کا کیس بند کیا جا رہا ہے۔ آپ اس فیصلے سے متفق نہیں ہیں۔
- آپ نے ہٹائے گئے نقد الیکٹرانک بینیفٹ ٹرانسفر (Electronic Benefit Transfer, EBT) بینیفٹس کو پھر سے جاری کرنے کی گزارش کی اور انہیں دوبارہ جاری نہیں کیا گیا۔
- آپ نے اپنے فوڈ اسٹامپ بینیفٹ EBT اکاؤنٹ کی ایڈجسٹمنٹ (اصلاح) کی گزارش کی اور آپ کی درخواست مسترد کردی گئی تھی۔
- EBT سسٹم کی غلطی کو درست کرنے کے لیے آپ کا فوڈ اسٹامپ بینیفٹ EBT اکاؤنٹ کم کر دیا گیا تھا اور آپ اس عمل سے متفق نہیں ہیں۔
- آپ کا سوشل سروسز کا مقامی محکمہ آپ کی عارضی اعانت کا کچھ حصہ آپ کے بلوں جیسے کہ حرارت، کرایہ، افادہ جات (محدود ادائیگیوں) کی براہ راست ادائیگی کے لیے استعمال کرتا ہے۔ آپ اس سے متفق نہیں ہیں۔
- آپ کسی خاص ضرورت کے لیے مزید تعاون یا سروسز کا مطالبہ کرتے ہیں اور آپ کو بتایا جاتا ہے کہ آپ اسے حاصل نہیں کرسکتے ہیں۔ آپ اس سے متفق نہیں ہیں۔
- آپ کو ہر ماہ عارضی اعانت یا فوڈ اسٹامپ بینیفٹس، سروسز یا چائلڈ کیئر بینیفٹس مل رہے ہیں اور آپ کو بتایا جاتا ہے کہ آپ کو یہ کم حاصل ہوگا۔ آپ اس سے متفق نہیں ہیں۔
- آپ کو بتایا جاتا ہے کہ آپ کو چائلڈ کیئر سروسز، عارضی اعانت یا فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کے لیے زیادہ ادائیگی حاصل ہوئی ہے اور آپ کو اس زائد ادائیگی کو واپس ادا کرنے کے لیے کہا گیا ہے۔ آپ اس بات سے متفق نہیں ہیں کہ زیادہ ادائیگی ہوئی ہے یا آپ زیادہ ادائیگی کی رقم سے متفق نہیں ہیں۔

منصفانہ سماعت میں آپ کو اس بات کی وضاحت کرنے کا موقع ملے گا کہ آپ کو کیوں لگتا ہے کہ فیصلہ غلط ہے۔

**منصفانہ سماعت طلب کرنے کے لیے وقت کی حد** – اگر آپ عارضی اعانت، طبی اعانت، فوڈ اسٹامپ بینیفٹس، سروسز یا چائلڈ کیئر کے لیے منصفانہ سماعت کا مطالبہ کرنا چاہتے ہیں تو، **فوری طور پر** کال کریں کیونکہ اس کے لیے **وقت محدود** ہے۔ اگر آپ بہت زیادہ انتظار کرتے ہیں تو، آپ منصفانہ سماعت حاصل کرنے کے قابل نہیں ہو سکتے ہیں۔

> **نوٹ:** اگر آپ کی صورتحال بہت سنگین ہے تو، نیویارک ریاست کے دفتر برائے عارضی و معذوری سے متعلق اعانت جلد از جلد آپ کے لیے منصفانہ سماعت ترتیب دے گا۔ جب آپ منصفانہ سماعت کے لیےکال کریں یا لکھیں تو، یقینی طور پر اس بات کی وضاحت کریں کہ آپ کی صورتحال بہت سنگین ہے۔

**اگر آپ کو اپنے کیس کے بارے میں نوٹس ملتا ہے** – اور آپ منصفانہ سماعت طلب کرنا چاہتے ہیں تو، نوٹس میں آپ کو بتایا جائے گا کہ آپ کے پاس منصفانہ سماعت طلب کرنے کے لیے کتنا وقت ہے۔ **تمام نوٹس کو بغور پڑھنے کو یقینی بنائیں۔**

اگر آپ کے نوٹس میں بتایا جاتا ہے کہ آپ کی **عارضی اعانت، طبی اعانت، سروسز یا چائلڈ کیئر** کو انکار کر دیا گیا ہے، اسے روک دیا جائے گا یا کم کر دیا جائے گا تو، آپ نوٹس کی تاریخ سے **60** دنوں کے اندر منصفانہ سماعت کا مطالبہ کرسکتے ہیں۔

اگر آپ کے نوٹس میں آپ کو بتایا گیا ہے کہ آپ کے **فوڈ اسٹامپ بینیفٹس** کو انکار کر دیا گیا ہے، اسے روک دیا جائے گا یا کم کر دیا جائے گا تو، آپ نوٹس کی تاریخ سے **90** دنوں کے اندر منصفانہ سماعت کا مطالبہ کرسکتے ہیں۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو تصدیق کی مدت کے اندر کسی بھی وقت کافی فوڈ اسٹامپ بینیفٹس نہیں مل رہے ہیں تو آپ منصفانہ سماعت کا مطالبہ کرسکتے ہیں۔

**اگر آپ کو اپنے کیس کے بارے میں نوٹس نہیں ملتا ہے**، اور آپ کی رقم یا دیگر مدد سے انکار کیا گیا ہے، اسے روک دیا گیا ہے یا کمی کی گئی ہے تو آپ منصفانہ سماعت کا بھی مطالبہ کرسکتے ہیں۔

**منصفانہ سماعت کا مطالبہ کیسے کریں:**

**اگر آپ کو اپنے کیس کے بارے میں نوٹس ملتا ہے** اور آپ منصفانہ سماعت طلب کرنا چاہتے ہیں تو، نوٹس میں آپ کو اس کا طریقہ بتایا جائے گا۔ **تمام نوٹس کو بغور پڑھنے کو یقینی بنائیں۔**

اگر آپ کو یہ بتانے کے لیے نوٹس ملتا ہے کہ آپ کی رقم یا دیگر مدد روک دی جائے گی یا کم کر دی جائے گی اور آپ اپنے نوٹس پر موجود **مؤثر تاریخ** سے پہلے منصفانہ سماعت کا مطالبہ کرتے ہیں تو، آپ کی رقم یا دیگر مدد، زیادہ تر معاملات میں، جوں کی توں (**"مسلسل امداد"**) رہے گی تاوقتیکہ منصفانہ سماعت کا فیصلہ نہ ہو جائے۔ اگر نوٹس موثر تاریخ سے پہلے نہیں بھیجا گیا تھا اور آپ نوٹس کی **پوسٹ مارک تاریخ** سے **10** دنوں کے اندر منصفانہ سماعت کا مطالبہ کرتے ہیں تو، آپ کو یہ بھی حق حاصل ہے کہ آپ اپنی رقم یا دیگر مدد کو جوں کی توں(**"مسلسل امداد"**) برقرار رکھیں۔

تاہم، اگر آپ **"مسلسل امداد"** حاصل کرتے ہیں اور آپ منصفانہ سماعت ہار جاتے ہیں تو، آپ کو عارضی اعانت، فوڈ اسٹامپ بینیفٹس، طبّی اعانت اور/ یا چائلڈ کیئر بینیفٹس کی واپس ادائیگی کرنی ہوگی جو آپ نے منصفانہ سماعت کے فیصلے کا انتظار کرتے ہوئے "مسلسل امداد" کے بطور حاصل کی تھی۔

اگر آپ **نہیں** چاہتے ہیں کہ منصفانہ سماعت کا فیصلہ ہونے تک آپ کو ملنے والی موجود رقم یا دیگر مدد جوں کی توں رہے تو، آپ کو منصفانہ سماعت کے لئے کال کرتے یا لکھتے وقت اس بارے میں بات نیویارک ریاست کے دفتر برائے عارضی و معذوری سے متعلق اعانت کو بتانے کی ضرورت ہے۔

**اگر آپ کو اپنے کیس کے بارے میں نوٹس نہیں ملتا ہے**، اور آپ کی رقم یا دیگر مدد روک دی گئی ہے یا کمی کی گئی ہے تو آپ اب بھی منصفانہ سماعت کا مطالبہ کرسکتے ہیں۔ آپ کے منصفانہ سماعت کا مطالبہ کرتے وقت ہی، آپ اپنی رقم یا دیگر مدد کو بحال کرنے کا مطالبہ بھی کرسکتے ہیں **("مسلسل امداد")۔**

تاہم، اگر آپ **"مسلسل امداد"** حاصل کرتے ہیں اور آپ منصفانہ سماعت ہار جاتے ہیں تو، آپ کو عارضی اعانت، فوڈ اسٹامپ بینیفٹس، طبّی اعانت اور/ یا چائلڈ کیئر بینیفٹس کی واپس ادائیگی کرنی ہوگی جو آپ نے منصفانہ سماعت کے فیصلے کا انتظار کرتے ہوئے "مسلسل امداد" کے بطور حاصل کی تھی۔

## منصفانہ سماعت کے لیے آپ کو کیا کرنا چاہیئے

نیویارک ریاست کا دفتر برائے عارضی و معذوری سے متعلق اعانت آپ کو ایک نوٹس بھیجے گا، جس میں آپ اس بارے میں بتایا جائے گا کہ منصفانہ سماعت کب اور کہاں ہوگی۔

منصفانہ سماعت کے لیے تیار ہونے میں آپ کی مدد کرنے کے لیے، آپ کو اپنے کیس ریکارڈ کو دیکھنے اور ان فارموں اور کاغذات کی مفت کاپیاں حاصل کرنے کا حق ہے جو منصفانہ سماعت میں ایڈمنسٹریٹو لاء جج کو دی جائیں گی۔ آپ اپنے کیس ریکارڈ میں کسی بھی دوسرے کاغذات کی مفت کاپیاں بھی حاصل کرسکتے ہیں جو آپ کے خیال میں آپ کو منصفانہ سماعت کے لیے درکار ہوسکتی ہیں۔ عام طور پر، آپ ان کاغذات کو سماعت سے پہلے یا کم سے کم سماعت پر حاصل کرسکتے ہیں۔ اگر آپ کوئی کاغذات طلب کرتے ہیں اور سوشل سروسز کا مقامی محکمہ انہیں سماعت سے پہلے یا سماعت کے وقت آپ کو فراہم نہیں کرتا ہے تو، آپ کو ایڈمنسٹریٹو لاء جج کو اس کے بارے میں بتانا چاہیئے۔ **("آپ کے حقوق"، سیکشن 4، "اپنے ریکارڈز پر نظرڈالنے کا آپ کا حق" دیکھیں۔)**

آپ منصفانہ سماعت پر کسی وکیل، رشتہ دار یا دوست کو لا سکتے ہیں تاکہ آپ کو یہ وضاحت کرنے میں مدد ملے کہ آپ اپنے کیس کے بارے میں فیصلہ کو غلط کیوں سمجھتے ہیں۔ اگر آپ منصفانہ سماعت پر نہیں جا سکتے تو، آپ اپنی جگہ کسی اور کو بھیج سکتے ہیں۔ اگر آپ منصفانہ سماعت میں کسی ایسے شخص کو بھیج رہے ہیں جو وکیل نہیں ہے تو، آپ کو اس شخص کو ایڈمنسٹریٹو لاء جج کو دینے کے لیے ایک خط دینا چاہیئے۔ اس خط میں جج کو بتانا چاہیئے کہ یہ شخص آپ کی جگہ لے رہا ہے۔

منصفانہ سماعت میں اس بات کی وضاحت کرنے میں آپ کی مدد کرنے کے لیے کہ آپ کو فیصلہ غلط کیوں لگتا ہے، آپ کو منصفانہ سماعت میں کو کوئی گواہ بھی لانا چاہیئے جو آپ کی مدد کر سکتا ہے اور اپنے پاس موجود کوئی معلومات بھی لانی چاہیئے جیسے کہ:

- **ادائیگی کی پرچیاں**
- **بلز**
- **رسیدیں**
- **لیز**
- **ڈاکٹر کے بیانات**

آپ کے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کا کوئی شخص بھی آپ کے کیس کے بارے میں فیصلے کی وضاحت کے لیے منصفانہ سماعت میں موجود ہوگا۔ آپ یا آپ کا نمائندہ اس شخص سے سوال پوچھنے کے قابل ہوگا اور کیس میں آپ کا رخ پیش کر سکے گا۔ آپ یا آپ کا نمائندہ کسی بھی گواہ سے بھی سوالات پوچھنے کے قابل ہوگا جسے آپ اپنی مدد کے لیے لائے ہیں۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو اپنی منصفانہ سماعت میں مددکے لیے کسی وکیل کی ضرورت ہے تو، آپ اپنے مقامی لیگل ایڈ یا لیگل سروس آفس کو کال کر کے مفت میں وکیل حاصل کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں۔ دوسرے وکلاء کے نام کے لیے، اپنے مقامی بار ایسوسی ایشن کو کال کریں۔

**نوٹ:** اگر آپ درخواست کریں تو، آپ منصفانہ سماعت پر جانے کے لیے عوامی نقل و حمل، نگہداشت طفل اور دیگر ضروری اخراجات کے لیے ادا کی جانے والی رقم واپس حاصل کرپائیں گے۔ اگر کوئی عوامی نقل و حمل دستیاب نہیں ہے تو، آپ وہ رقم واپس حاصل کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں جو آپ کو دوسری قسم کی نقل و حمل کے لیے ادا کرنی پڑی تھی۔ اگر آپ طبی مسئلہ کی وجہ سے عوامی نقل و حمل استعمال کرنے کے قابل نہیں ہیں تو، آپ وہ رقم واپس حاصل کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں جو آپ نے دوسری قسم کی نقل و حمل کے لیے ادا کی تھی۔ تاہم، آپ سے طبی تصدیق فراہم کرنے کے لیے کہا جاسکتا ہے۔

اگر آپ نیویارک ریاست میں کہیں بھی رہتے ہیں تو، آپ ذیل میں دیے گئے پتہ پر ٹیلی فون، فیکس کے ذریعہ، آن لائن یا تحریری طور پر منصفانہ سماعت کی درخواست کرسکتے ہیں۔

**ٹیلیفون:** ریاست پیما ٹول فری درخواست نمبر 3334-342-800 ہے۔ براہ کرم کال کرتے وقت نوٹس، اگر کوئی ہو، اپنے پاس رکھیں۔

**فیکس:** اپنی منصفانہ سماعت اس نمبر پر: 6735-473 -518 فیکس کریں

**آن لائن:** آن لائن درخواست فارم http://www.otda.state.ny.us.us/oah/forms.asp پر مکمل کریں

**تحریری طور پر:** نوٹسز کے لیے، فراہم کردہ خالی جگہ وک بھریں اور نوٹس کی کاپی بھیجیں، یا لکھیں:

**NYS Office of Temporary and Disability Assistance**
**Office of Administrative Hearings**
**P.O. Box 1930**
**Albany, New York 12201-1930**

*براہ کرم اپنے لیے کسی بھی نوٹس کی ایک کاپی اپنے پاس رکھیں*

اگر آپ کی درخواست میں آپ کے منضبط نگہداشت کے منصوبہ یا منضبط طویل مدتی نگہداشت کے تحت فراہم کردہ صحت کے بینیفٹس یا سروسز کے بارے میں کوئی مسائل شامل ہیں تو آپ انہیں لکھ سکتے ہیں:

**NYS Office of Temporary and Disability Assistance**
**Office of Administrative Hearings**
**Managed Care Hearing Unit**
**P.O. Box 22023**
**Albany, New York 12201-2023**

**فیکس:** نوٹس کی آپ کی کاپی، یا آپ کی تحریری درخواست 6735-473 (518) پر فیکس کریں

آپ نیچے درج دفاتر میں ذاتی طور پر تشریف لے جاکر بھی اپنی درخواست دےسکتے ہیں۔

**واک-ان** نوٹس کی کاپی ساتھ لائیں، یا ان سے ایسے معاملے پر سماعت کے لیے کہیں جو نوٹس پر مبنی نہ ہو:

**Office of Temporary & Disability Assistance**
**Office of Administrative Hearings**
**14Boerum Place**
**Brooklyn, New York**
**یا**
**330W. 34th Street, 3rd Fl., New York, New York**
**یا**
**NYS Office of Temporary and Disability Assistance**
**Office of Administrative Hearings**
**Fair Hearings**
**P.O. Box 1930**
**Albany, NY 12201-1930**

**نوٹ:** صرف نیویارک شہر کے ہنگامی منصفانہ سماعتوں کے لیے – کال کریں 0110-205 (800)۔ ہنگامی حالات کے علاوہ کسی بھی چیز کے لیے اس ٹیلی فون نمبر کا استعمال نہ کریں۔ ایسی درخواستیں جن میں ہنگامی صورتحال شامل نہ ہو اس نمبر پر نہیں لی جائیں گی۔

## 6. عارضی اعانت سے متعلق ملازمتی حقوق

### عارضی اعانت کے لیے

عارضی اعانت وصول کنندہ کے طور پر، آپ سے کام تلاش کرنے اور ایسی سرگرمیوں میں شرکت کرنے کی توقع کی جاسکتی ہے جس سے آپ کو ملازمت حاصل کرنے اور برقرار رکھنے میں مدد ملیں گی۔ اگر آپ کے پاس ہائی اسکول ڈپلومہ یا اس کے مساوی نہیں ہے، جیسے GED ڈپلومہ، تو آپ اہل ہو سکتے ہیں اور آپ کو اپنی بنیادی مہارتوں کو بہتر بنانے اور/ یا ہائی اسکول کے مساوی ڈپلومہ حاصل کرنے کے لیے تعلیمی سرگرمی میں شرکت کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ ممکنہ طور پر آپ سے تعلیمی سرگرمی کے ساتھ ہی ملازمت، کام کے تجربے یا دیگر سرگرمیوں میں بھی شرکت کرنے کی توقع کی جائے گی۔ اگر آپ کسی تعلیمی سرگرمی میں شرکت کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں تو اپنے کارکن کو بتائیں۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ گھریلو تشدد کی وجہ سے ملازمت کے کچھ یا تمام تقاضوں کی تعمیل نہیں کر سکیں گے تو، آپ ان تقاضوں سے عارضی چھوٹ کے اہل ہو سکتے ہیں۔ دست کشی کی درخواست کرنے کے لیے، آپ کو گھریلو تشدد اسکریننگ فارم کو مکمل کرنا ہوگا یا اپنے کارکن کو مطلع کرنا ہوگا کہ آپ تشخیص کے لیے گھریلو تشدد کے رابطہ کار سے ملنا چاہتے ہیں۔

اگر آپ کو ایسی جسمانی یا ذہنی صحت سے متعلق نقص ہے جو زندگی کی ایک یا ایک سے زیادہ بڑی سرگرمیوں کو کافی حد تک محدود کرتی ہے، اس طرح کے نقص کا ریکارڈ ہے یا آپ کو اس طرح کے نقص والا سمجھا جاتا ہے تو، آپ کے پاس باز آبادکاری سے متعلق 1973 کے ایکٹ کی دفعہ 504 اور معذور امریکیوں سے متعلق 1990

کے ایکٹ کے ٹائٹل II کے تحت حقوق ہو سکتے ہیں۔ جسمانی یا ذہنی صحت کے نقص میں مثال کے طور پر آموزشی معذوریاں، ذہنی معذوری، افسردگی، نقل و حرکت سے متعلق نقائص اور سماعت یا بینائی سے متعلق نقائص شامل ہیں۔ معذوری کا شکار ہونے سے آپ عارضی اعانت حاصل کرنے سے نااہل نہیں ہوں گے۔

سوشل سروسز کا مقامی محکمہ آپ سے پوچھے گا کہ آیا ایسی کوئی چیز ہے، جس میں جسمانی یا ذہنی صحت سے متعلق نقص شامل ہے، جو آپ کی ملازمت سمیت کام کی سرگرمیوں میں شرکت کرنے کی صلاحیت کو متاثر کر سکتی ہے۔ اگر آپ اپنی معذوری کے بارے میں سوشل سروسز کے مقامی محکمے کو بتانا نہیں چاہتے ہیں تو اسے بتانے کی ضرورت نہیں ہے، تاہم، اس کے بعد آپ کو اپنی معذوری کے لیے سہولت کے بغیر ملازمت سمیت کام کی سرگرمیوں میں شرکت کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ آپ سوشل سروسز کے مقامی محکمے کو جو بھی صحت کی معلومات فراہم کرتے ہیں اسے خفیہ رکھا جائے گا اور اس کا استعمال اس بات کے تعین کے لیے کیا جائے گا کہ آیا آپ کو کام کی سرگرمیوں میں شرکت کرنے میں مدد کے لیے سروسز اور معقول سہولیات کی ضرورت ہے۔ مثال کے طور پر، مناسب سہولیات میں معذوری سے متعلق اپائنمنٹس کی اجازت دینے کے لیے کام کے اوقات میں کمی یا تبدیلی، نقل و حرکت کے نقائص والے افراد کے لیے قابل رسائی کام کی جگہیں اور خصوصی پروگرام شامل ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ کی معذوری کو مناسب طور پر دستاویزی شکل دی گئی ہے تو، سوشل سروسز کا مقامی محکمہ آپ کو ایسی سرگرمیاں تفویض کرے گا جو آپ کی حدود کے مطابق ہوں۔

اگر آپ اپنے کام کی سرگرمی کے اسائنمنٹ سے متفق نہیں ہیں یا آپ کو لگتا ہے کہ آپ صحت سے متعلق حدود کی وجہ سے اسائنمنٹ پر کام کرنے سے قاصر ہیں، بشمول اگر آپ کو نہیں لگتا ہے کہ سوشل سروسز کے مقامی محکمے نے آپ کی معذوری کے لحاظ سے مناسب سہولیات فراہم کی ہیں تو، آپ مصالحتی کانفرنس کی درخواست کرسکتے ہیں۔ مصالحتی کانفرنس آپ کے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کے عملے کے ساتھ ایک میٹنگ ہے جس میں اس بارے میں بات کی جاتی ہے کہ آپ اپنے کام کی سرگرمی کے اسائنمنٹ سے متفق کیوں نہیں ہیں۔ کانفرنس میں ایسا شخص موجود ہوگا جو براہ راست آپ کے کیس کے لیے ذمہ دار نہیں ہے۔ یہ شخص کسی بھی مسئلے کو حل کرنے کی کوشش کرے گا۔ اگر آپ مصالحتی کانفرنس کی درخواست کرتے ہیں تو، آپ سے اب بھی توقع کی جاتی ہے کہ آپ اپنے کام کی سرگرمی کے اسائنمنٹ کی تعمیل جاری رکھیں گے۔ آپ ایڈمنسٹریٹو لاء جج کو یہ بتانے کے لیے منصفانہ سماعت کی درخواست بھی کرسکتے ہیں کہ آپ اپنے اسائنمنٹ سے کیوں متفق نہیں ہیں۔ اگر آپ کو کسی مذہبی تنظیم کے ذریعے فراہم کیا جانے والا ملازمتی یا تربیتی پروگرام تفویض کیا جاتا ہے تو، آپ کو کسی مختلف فراہم کنندہ سے اسی طرح کی خدمات حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔

اگر آپ کا سوشل سروسز کا مقامی محکمہ آپ کو کام کی سرگرمی کی کا اسائنمنٹ تفویض کرتا ہے اور آپ وہ نہیں کرتے جو آپ کے لیے کرنا ضروری ہے تو، آپ کو مصالحتی کانفرنس کی درخواست کرنے کا موقع فراہم کیا جاسکتا ہے۔ مصالحتی کانفرنس آپ کے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کے عملے کے ساتھ ایک میٹنگ ہے جس میں اس بات کی وضاحت کی جاتی ہے کہ آپ نے شرکت کیوں نہیں کی ہے۔ اگر سوشل سروسز کا مقامی محکمہ یہ فیصلہ کرتا ہے کہ ضرورت کے مطابق شرکت نہ کرنے کی آپ کے پاس معقول وجہ تھی تو، آپ پر پابندی نہیں لگائی جاسکتی ہے۔ اگر آپ اپنے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ سے اتفاق نہیں کرتے کہ آپ کے پاس شرکت نہ کرنے کی کوئی معقول وجہ نہیں ہے، یا اگر پیشکش کیے جانے پر آپ نے مصالحتی کانفرنس کی درخواست نہیں کی ہے اور آپ کا سوشل سروسز کا مقامی محکمہ آپ پر پابندیاں عائد کرتا ہے تو، آپ ایڈمنسٹریٹو لاء جج کو یہ بتانے کے لیے منصفانہ سماعت کی درخواست بھی کرسکتے ہیں کہ آپ نے شرکت کیوں نہیں کی ہے۔

اگر آپ کو ملازمت سمیت کام کی سرگرمیوں میں حصہ لینے کے لیے چائلڈ کیئر یا نقل و حمل جیسے اخراجات میں مدد کی ضرورت ہے تو، آپ کو سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کو آگاہ کرنا چاہیئے۔ اگر آپ یہ بتاتے ہیں کہ آپ کو ملازمت یا کام کی سرگرمی سے متعلق اخراجات میں مدد کی ضرورت ہے تو، سوشل سروسز کا مقامی محکمہ آپ کو مطلع کرے گا کہ کسی بھی دستیاب سروسز تک رسائی کیسے حاصل کی جائے اور ان اخراجات کی لاگتوں کو پورا کرنے کے لیے بازادائیگی فراہم کرے گا جو ضلع کے تعین کے لحاظ سے آپ کے کام کی سرگرمیوں میں شرکت کرنے کے لیے ضروری ہے۔ اگر آپ تیرہ سال سے کم عمر کے بچے کے لیے درکار نگہداشت طفل کا پتہ لگانے میں ناکام رہتے ہیں تو سوشل سروسز کا مقامی محکمہ آپ کو نگہداشت طفل کا پتہ لگانے میں مدد کرے گا۔

**فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کے لیے**

اگر آپ اس بات سے متفق نہیں ہیں کہ آپ کام کرنے کے قابل ہیں تو، آپ کو سوشل سروسز کے مقامی محکمے کو بتانا چاہیئے کہ آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو کام سے متعلق سرگرمیوں میں شرکت سے مستثنیٰ ہوجانا چاہیئے۔ آپ کو اپنے دعوے کے سلسلے میں سوشل سروسز کے تعین کے مقامی محکمے کے ذریعہ مطلع کیا جائے گا۔ اگر سوشل سروسز کا مقامی محکمہ آپ سے متفق نہیں ہے تو، آپ ایڈمنسٹریٹو لاء جج کو یہ بتانے کے لیے منصفانہ سماعت کی درخواست کرسکتے ہیں کہ آپ کے خیال میں آپ کام کرنے کے قابل کیوں نہیں ہیں۔

اگر آپ کے لیے فوڈ اسٹامپ کے کام کی سرگرمیوں میں حصہ لینا ضروری ہے تو، آپ کام سے متعلق کچھ اخراجات کی ادائیگی میں مدد حاصل کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں۔ آپ بچے کی دیکھ بھال کے اخراجات میں مدد حاصل کرنے کے قابل بھی ہو سکتے ہیں۔

اگر آپ کو بچے کی دیکھ بھال حاصل کرنے یا کام سے متعلق اخراجات جیسے کہ نقل و حمل کے لیے ادائیگی کرنے میں مدد کی ضرورت ہے تو آپ کو سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کو آگاہ کرنا چاہیئے۔ اگر آپ تیرہ سال سے کم عمر کے بچے کے لیے درکار نگہداشت طفل کا پتہ لگانے میں ناکام رہتے ہیں تو سوشل سروسز کا مقامی محکمہ آپ کو نگہداشت طفل کا پتہ لگانے میں مدد کرے گا۔

**طبی اعانت کے لیے**

طبی اعانت کے لیے ملازمت کی کوئی تقاضے نہیں ہیں۔ تاہم معذور افراد کے لیے Medicaid بائی-ان پروگرام کے اہل ہونے کے واسطے، فرد کے لیے کام میں مصروف عمل ہونا ضروری ہے۔

## 7. عدالت میں ولدیت قائم ہونے پر بچوں اور والد کے حقوق

جب عدالت اس بات کا تعین کردے کہ بچے کا والد کون ہے تو، والد اور بچے میں سے ہر ایک کو حقوق حاصل ہو سکتے ہیں، جیسا کہ ذیل میں بیان کیا گیا ہے:

A. **بچے** کو یہ حق حاصل ہوسکتا ہے:

- والد کے معذور ہونے پر معذوری سے متعلق بینیفٹس کا
- والد کی موت ہونے پر موت سے متعلق بینیفٹس کا
- والد کی موت ہونے پر وراثت کا
- 21 سال کی عمر تک چائلڈ سپورٹ سے متعلق ادائیگیوں کا

B. **والد** کو یہ حق حاصل ہوسکتا ہے:

- بچے کی تحویل کا
- بچے سے ملاقات کرنے کا
- بچے کے لیے کسی بھی رضاعی نگہداشت، گود لیے جانے یا دیگر استقامت کی منصوبہ بندی میں حصہ لینے کا
- بچے سے وراثت کا

## 8. ولدیت اور چائلڈ سپورٹ لیگل ایکشن اور نمائندگی سے متعلق حقوق

آپ کو اس چیز کا حق حاصل ہے کہ آپ کو کسی بھی ایسی عدالتی کارروائیوں کے بارے میں بتایا جائے جس میں آپ اور آپ کے بچے شامل ہوں، جس میں ایسی عدالتی کارروائیوں کے وقت، تاریخ اور جگہ کے بارے میں مطلع کیا جانا شامل ہے۔ آپ کے پاس کسی بھی ولدیت یا چائلڈ سپورٹ کی کارروائی کے وقت عدالت میں حاضر ہونے کا حق حاصل ہے، یا حاضر ہونے کی ضرورت پڑسکتی ہے جس میں آپ اور آپ کا بچہ شامل ہے۔

اگر کسی ولدیت یا چائلڈ سپورٹ کی کارروائی کو عدالت میں لایا جاتا ہے تو، آپ کے سوشل سروسز کے مقامی محکمے کے پاس وکیل یا دیگر نمائندہ موجود ہوگا جو **صرف** آپ کے بچے کی ولدیت ثابت کرنے کی کوشش کرے گا۔ یہ وکیل یا نمائندہ صرف سوشل سروسز کے مقامی محکمے کی نمائندگی کرتا ہے آپ کی ذاتی طور پر **نہیں**۔ یہ وکیل یا نمائندہ ایسی تحویل، ملاقات کرنے یا دیگر قانونی امور سے متعلق کسی بھی معاملہ سے **نہیں نمٹے گا** جو چائلڈ سپورٹ سے متعلق نہ ہو۔

آپ اس وکیل یا نمائندے کو جو بھی معلومات فراہم کرتے ہیں یہ نجی **نہیں رہ سکتے** ہیں۔ بہبود کے فریب کی نشاندہی کرنے والی کسی بھی معلومات کی رپورٹ کی جاسکتی ہے۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ مددکے لیے آپ کو کسی وکیل کی ضرورت ہے تو آپ اپنے مقامی لیگل ایڈ یا لیگل سروس آفس کو کال کر کے مفت میں وکیل حاصل کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں۔ دوسرے وکلاء کے نام کے لیے، اپنے مقامی بار ایسوسی ایشن کو کال کریں۔

اگر آپ کو یقین ہے کہ گھریلو تشدد کی وجہ سے ولدیت کے تعین یا چائلڈ سپورٹ انفورسمنٹ کی تعمیل آپ یا آپ کے بچوں کو خطرے میں ڈال دے گی تو، آپ چائلڈ سپورٹ کی کچھ یا تمام سرگرمیوں سے عارضی دستبرداری کے اہل ہو سکتے ہیں۔ دستبرداری حاصل کرنے کے لیے، آپ کو گھریلو تشدد اسکریننگ فارم کو مکمل کرنا ہوگا یا اپنے کارکن کو مطلع کرنا ہوگا کہ آپ تشخیص کے لیے گھریلو تشدد کے رابطہ کار سے ملنا چاہتے ہیں۔

## 9. نگہداشت طفل سے متعلق حقوق

آپ کے پاس نگہداشت طفل فراہم کرنے والے کو تلاش کرنے کے طریقے کے بارے میں **معلومات حاصل کرنے کا حق** ہے۔ یہ معلومات متعدد طریقوں سے فراہم کیے جاسکتے ہیں۔

- آپ کا کارکن آپ کو چائلڈ کیئر ریسورس اینڈ ریفرل پروگرام یا (Child Care Resource and Referral Program) اسی طرح کے دوسرے پروگرام کا نام اور ٹیلیفون نمبر دے سکتا ہے جس سے آپ کو نگہداشت طفل فراہم کنندہ کو تلاش کرنے میں مدد مل سکتی ہے؛ **یا**
- آپ کا کارکن آپ کو نگہداشت طفل فراہم کرنے والوں کے نام، پتہ اور ٹیلی فون نمبروں کے ساتھ ایک فہرست دے سکتا ہے۔
- آپ کے پاس اپنے بچے کے لیے نگہداشت طفل فراہم کرنے والے کا **انتخاب کرنے کا حق** ہے۔ یہ کوئی لائسنس یافتہ یا رجسٹر شدہ فراہم کنندہ ہو سکتا ہے یا یہ رشتہ دار، خاندان کا دوست یا بھروسے مند پڑوسی ہوسکتا ہے۔ اگر آپ کسی ایسے شخص کا انتخاب کرتے ہیں جو لائسنس یافتہ یا رجسٹرڈ نہیں ہے تو انہیں نگہداشت طفل کا اندراج فارم مکمل کرنا ہوگا تاکہ یہ معلوم کیا جاسکے کہ آیا وہ ادائیگی کے اہل ہیں۔

آپ کو عارضی اعانت (Temporary Assistance, TA) کے عوض نگہداشت طفل کا انتخاب کرنے کا حق ہے۔ آپ یہ فیصلہ کر سکتے ہیں کہ، TA وصول کرنے کے بجائے، آپ کو واقعتاً جس چیز کی ضرورت ہے وہ نگہداشت طفل کی ادائیگی میں مدد ہے۔ جو خاندان TA کے لیے درخواست دے رہے ہیں یا جنہیں یہ مل رہی ہے اور انہیں کام کرنے کے لیے نگہداشت طفل کی ضرورت ہے وہ کام کاجی خاندانوں کے لیے نگہداشت طفل کی ضمانت کے اہل ہو سکتے ہیں۔ نگہداشت طفل کی اس ضمانت کے لیے اہلیت کی 60 ماہ کی مدت *نہیں* ہے۔ آپ جب تک اہل ہوں گے تب تک آپ کو نگہداشت طفل کے بینیفٹس موصول ہوتے رہ سکتے ہیں۔

آپ اس ضمانت کے لیے اہل ہیں اگر آپ TA کے لیے درخواست دے رہے ہیں اور TA کے بجائے نگہداشت طفل کا انتخاب کرتے ہیں یا اگر آپ کو TA موصول ہو رہا ہے اور آپ یہ گزارش کرتے ہیں کہ TA کا کیس بند کر دیا جائے؛ اور:

- آپ کی آمدنی TA کی حدود میں ہے؛
- آپ TA کے لیے درکار گھنٹوں کی تعداد میں کام کر رہے ہیں؛
- آپ کو 13 سال سے کم عمر کے بچے کے لیے نگہداشت طفل کی ضرورت ہے تاکہ آپ کام کر سکیں؛
- آپ ایک اہل نگہداشت طفل فراہم کنندہ استعمال کررہے ہیں؛ اور

اگر آپ TA کے لیے اہل ہیں اور فیصلہ کرتے ہیں کہ آپ کو بس نگہداشت طفل کی ضرورت ہے تو آپ کا کارکن آپ کو نگہداشت طفل کی ضمانت کے لیے درخواست دینے کا طریقہ بتائے گا۔ اگر آپ کو پہلے سے ہی TA موصول ہو رہا ہے اور بصورت دیگر پروگرام کے لیے اہل ہیں تو نگہداشت طفل کی ضمانت پانے کے واسطے آپ کو اپنا TA کا کیس بند کرنا ہوگا۔ اگر آپ اپنا فیصلہ تبدیل کرلیتے ہیں اور فیصلہ کرتے ہیں کہ آپ کو عارضی اعانت کی ضرورت ہے تو، آپ کسی بھی وقت درخواست دے سکتے ہیں۔

اگر آپ TA اور نگہداشت طفل حاصل کرنے کے بجائے نگہداشت طفل میں مدد حاصل کرنے کا انتخاب کرتے ہیں تو، آپ کو اپنے نگہداشت طفل کے اخراجات کے کچھ حصے کی ادائیگی کرنے کی ضرورت ہوگی۔ اسے آپ کے خاندان کا حصہ یا فیس کہا جاتا ہے۔ آپ جو رقم ادا کرتے ہیں اس کا انحصار آپ کی آمدنی پر ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ، اگر آپ کا فراہم کنندہ بازار کی شرح سے زیادہ چارج کرتا ہے تو آپ کا نگہداشت طفل فراہم کنندہ بازار کی شرح سے زائد جو رقم چارج کرتا ہے وہ آپ کو ادا کرنا ہوگا۔

آپ اب بھی فوڈ اسٹامپ بینیفٹس حاصل کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں خواہ آپ عارضی اعانت کے لیے اپنی درخواست کو نگہداشت طفل کی اعانت کی درخواست میں تبدیل کرنے یا اپنا TA کیس بند کرنے کی درخواست کریں۔ اگر آپ نگہداشت طفل کی اعانت حاصل کرنے کے لیے اپنی درخواست تبدیل کرتے ہیں یا اپنا TA کیس بند کرتے ہیں تو آپ کو فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کے لیے ایک علیحدہ اہلیت کا تعین حاصل ہوگا۔

اگر آپ نے عارضی اعانت اور فوڈ اسٹامپس کے لیے درخواست دینے کے وقت طبی اعانت کے لیے درخواست دی ہے اور آپ صرف نگہداشت طفل کی اعانت حاصل کرنے کا انتخاب کرتے ہیں تو، آپ کی درخواست علیحدہ تعین کے لیے طبی اعانت کے پروگرام کے پاس بھیج دی جائے گی۔ اگر آپ فی الحال عارضی اعانت حاصل کر رہے ہیں اور اپنے کیس کو بند کرنے کی درخواست کرتے ہیں تو، آپ کی طبی اعانت آپ کے اسے بند کرنے کی درخواست کرنے یا آپ کے حالات میں ایسی تبدیلی ہونے تک جاری رہے گی کہ آپ طبی اعانت کے مزید اہل نہ رہیں۔ اگر آپ آمدنی میں اضافے کی وجہ سے اپنے کیس کو بند کرنے کی درخواست کر رہے ہیں تو، آپ کو اپنے طبی اعانت کے کارکن سے بات کرنی چاہیئے۔ آپ اب بھی طبی اعانت کے اہل ہو سکتے ہیں یا آپ عبوری طبی اعانت کے اہل ہو سکتے ہیں۔

اگر آپ کو چائلڈ کیئر بینیفٹس سے منع کیا گیا ہے، آپ کے بینیفٹس کم یا بند کردیے گئے ہیں یا آپ پر زیادہ ادائیگی کا چارج لگایا گیا ہے تو، آپ کے پاس **منصفانہ سماعت کی درخواست** کرنے کا حق ہے۔

__عارضی اعانت وصول کنندگان کے لیے:__

اگر آپ کام کی سرگرمیوں میں شرکت نہیں کررہے ہیں تو آپ کی **عارضی اعانت کو کم یا ختم نہیں کیا جا سکتا** ہے **اگر** آپ کے شرکت نہ کرنے کی وجہ یہ ہے کہ **آپ کے پاس 13 سال سے کم عمر کے بچے کے لیے مناسب، قابل رسائی، حسب استطاعت اور موزوں نگہداشت طفل نہیں ہے۔**

اگر آپ اپنے طور پر نگہداشت طفل فراہم کننده تلاش نہیں کر سکتے ہیں تو، آپ کے کارکن کو آپ کو نگہداشت طفل فراہم کنندگان کے **دو انتخابات** فراہم کرنا چاہیئے۔ ان میں سے کم از کم ایک انتخاب نگہداشت طفل فراہم کننده ہونا چاہیئے جو نیویارک ریاست یا نیویارک شہر کے محکمہ صحت اور ذہنی حفظان صحت (New York City Department of Health and Mental Hygiene.) کے ساتھ لائسنس یافتہ یا رجسٹرڈ ہو۔

اگر آپ کے بچے کی عمر 13 سال سے کم ہے اور آپ **مناسب، قابل رسائی، حسب استطاعت اور موزوں** نگہداشت طفل فراہم کننده تلاش نہیں کرپاتے ہیں تو آپ کے پاس **کام کی سرگرمی سے دستبرداری کا حق ہے۔** تاہم، آپ کو جتنے وقت تک کام کی سرگرمی سے دستبرداری حاصل ہوگی اسے اب بھی وفاقی فنڈیافتہ اور نقد عارضی اعانت کی آپ کی 60 ماہ کی حد میں شمار کیا جائے گا۔

- **مناسب** کا مطلب ہے کہ فراہم کننده آپ کے کام کی سرگرمی میں حصہ لینے کے لیے درکار گھنٹوں اور دنوں کے لیے دستیاب ہے، اور آپ کے بچے کی کسی بھی خصوصی ضروریات سمیت آپ کے بچے (بچوں) کی دیکھ بھال کرنے کے لیے تیار ہے۔
- **قابل رسائی** کا مطلب ہے کہ آپ اپنی گاڑی چلا کر یا عوامی نقل و حمل کے ذریعے فراہم کننده تک پہنچنے کے قابل ہیں اور فراہم کننده آپ کے گھر اور کام سے **معقول فاصلے** کے اندر موجود ہے۔ آپ کے کارکن کو آپ کو یہ بتانا چاہیئے کہ آپ کی کمیونٹی کے لیے مناسب فاصلہ کسے سمجھا جاتا ہے۔
- **موزوں** کا مطلب ہے قانونی طور پر مستثنیٰ (غیر رسمی) فراہم کننده کی جسمانی یا ذہنی کیفیت یا قانونی طور پر مستثنیٰ گھر کی طبعی حالت آپ کے بچوں کی صحت یا تحفظ کے لیے مضرت رساں نہیں ہوگی۔
- **حسب استطاعت** کا مطلب ہے کہ اگر آپ کو اخراجات کے حصہ کی ادائیگی کرنے کی ضرورت ہے تو، آپ کے پاس نگہداشت طفل کے اخراجات سے متعلق اپنا حصہ ادا کرنے کے لیے کافی رقم ہے۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کے کارکن نے نگہداشت طفل کے فقدان کی وجہ سے آپ کے کام کی سرگرمیوں کی تعمیل سے انکار کے بارے میں غلط فیصلہ کیا ہے تو، **آپ کے پاس اپنی عارضی اعانت کو کم کرنے یا ختم کرنے کے فیصلے کے خلاف اپیل کرنے کے لیے منصفانہ سماعت کی درخواست کرنے کا حق** ہے۔

## 10. پاس-تھرو اور زائد تعاون کی ادائیگیوں میں تعاون – عارضی اعانت سے متعلق حقوق

جب آپ عارضی اعانت کے لیے درخواست دیتے ہیں، جس میں کنبہ جاتی اعانت اور سیفٹی نیٹ اسسٹنس شامل ہے اور، جب تک آپ عارضی اعانت حاصل کرتے ہیں، آپ اپنے سوشل سروسز کے مقامی محکمے کو اپنی جانب سے معاون ادائیگیاں حاصل کرنے اور خاندان کے کسی بھی فرد کی طرف سے اعانت کے کسی بھی ایسے حقوق فراہم کرنے کے لیے اپنے **تمام** حقوق تفویض کرتے ہیں جس کے لیے آپ درخواست دے رہے ہیں، یا عارضی اعانت حاصل کررہے ہیں۔

**1 اکتوبر 2009 سے مؤثر ہے،** جب آپ عارضی اعانت کے لیے درخواست دیتے ہیں اور جب تک آپ عارضی اعانت حاصل کرتے ہیں، آپ اپنے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کو اپنے حقوق تفویض کرتے ہیں کہ وہ آپ کی جانب سے معاون ادائیگیاں حاصل کریں اور خاندان کے کسی بھی فرد کی طرف سے اعانت کے حقوق تفویض کرتے ہیں جس کے لیے آپ اعانت کی درخواست دے رہے ہیں یا حاصل کر رہے ہیں، لیکن یہ اس رقم تک __**محدود**__ ہے جو آپ یا خاندان کے رکن کو عارضی اعانت حاصل کرتے ہوئے حاصل ہوتی ہے۔

**پاس-تھرو اعانت:** عدالت کے حکم پر موجودہ ذمہ داری کے لیے کسی بھی تفویض کردہ چائلڈ سپورٹ کلیکشنز کا ایک حصہ، بروقت ادائیگی کیے جانے پر، آپ کو ماہانہ عارضی اعانتی گرانٹ کے علاوہ دیا جائے گا۔ آپ کو دی جانے والی چائلڈ سپورٹ ادائیگی کے حصے کو "پاس-تھرو ادائیگی" کہا جاتا ہے۔ پاس-تھرو ادائیگی ہر ماہ جمع کی جانے والی موجودہ اعانت کے پہلے 100$یا عدالت کے ذریعہ حکم کردہ ماہانہ ذمہ داری کے لیے جمع کی گئی رقم سے کم ہے۔ 1 جنوری 2010 سے، 100$ کی پاس-تھرو ادائیگی جاری رہے گی جہاں عارضی اعانت کے معاملے میں 21 سال سے کم عمر کا ایک فرد سرگرم ہے۔ جہاں ایک ہی عارضی اعانت کے معاملے میں 21 سال سے کم عمر کے دو یا دو سے زیادہ افراد سرگرم ہوں، پاس-تھرو ادائیگی ہر ماہ جمع کی جانے والی موجودہ اعانت کے پہلے 200$ تک یا اس رقم سے کم رقم تک بڑھ جائے گی جو عدالت کے حکم کی ماہانہ ذمہ داری کے لیے جمع کی گئی ہے۔ یہ پاس-تھرو ادائیگی آپ کی عارضی اعانت گرانٹ کے خلاف شمار نہیں کی جاتی ہے، لیکن آپ کے فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کو کم کر سکتی ہے۔

جب آپ کے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کو آپ کے لیے موجودہ اعانت حاصل ہوتی ہے تو، آپ کو موصول ہونے والی اعانت کی ماہانہ رپورٹ بھیجی جائے گی۔ یہ ماہانہ رپورٹ آپ کو بتاتی ہے کہ آپ کو پاس-تھرو ادائیگی ملے گی یا نہیں، کتنی ملے گی اور کیوں۔ آپ کو اس رپورٹ کا موازنہ اس مہینے کے لیے اپنے بینیفٹس کی وصولیابی سے کرنا چاہیئے۔

آپ کو پاس-تھرو ادائیگی اس مہینے میں ملے گی جب آپ کے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کو آپ کے لیے موجودہ معاون ادائیگیاں موصول ہوں گی۔ پاس-تھرو ادائیگی مہینے میں ایک بار ادا کی جاتی ہے۔

اگر معاون ادائیگی اس مہینے میں ادا کی جاتی ہے جب وہ واجب الادا ہے تو یہ "موجودہ" ہے۔ غیر تحویلی والدین کی جانب سے معاون ادائیگی وقت پر ادا کی جاسکتی ہے لیکن آپ کے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کو تاخیر سے وصول ہوتی ہے۔ ایسا اس وقت ہوسکتا ہے جب کوئی آجر غیر تحویلی والدین کی تنخواہ سے اعانتی رقم لے رہا ہو لیکن اسے دیر سے بھیج رہا ہو۔ اگر غیر تحویلی والدین کسی دوسری کاؤنٹی یا ریاست میں معاون ادائیگی کر رہے ہیں اور وہ دفتر دیر سے ادائیگی بھیجتا ہے تو موجودہ اعانت بھی تاخیر سے حاصل ہوسکتی ہے۔ جب تک غیر تحویلی والدین واجب الادا مہینے میں اعانت کی ادائیگی کرتے ہیں اور آپ کے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کو اعانت حاصل ہوتی ہے تو، آپ کو اس مہینے کے لیے پاس-تھرو ادائیگی کی ادائیگی کی جائے گی۔

**زائد تعاون کی ادائیگی:** حاصل ہونے والے تفویض کردہ چائلڈ سپورٹ کلیکشنز ریاست اور سوشل سروسز کے مقامی محکمے کو آپ کو ادا کی گئی عارضی اعانت کی کل رقم تک بازادائیگی کی جائے گی۔ آپ جمع کردہ کوئی بھی تعاون حاصل کرنے کے حقدار ہیں جو آپ کو ادا کردہ عارضی اعانت کی کل رقم سے **تجاوز** کرتی ہے، جو کہ کسی بھی پاس-تھرو ادائیگی کے علاوہ ہے جو آپ حاصل کرنے کے حقدار ہیں۔

**ڈیسک ریویو:** اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ پاس-تھرو ادائیگی یا اضافی اعانت کے حقدار ہو سکتے ہیں تو، آپ اپنی ادائیگیوں کے ڈیسک ریویو کی درخواست کی خاطر فارم حاصل کرنے کے لیے پر **1-888-208-4485** کال کرسکتے ہیں۔ آپ کو لگتا ہے کہ کوئی غلطی ہوئی تو آپ کو اس کے فورا بعد ڈیسک ریویو کی درخواست کرنی چاہیئے کیونکہ فرسٹ لیول ڈیسک ریویو صرف آپ کی درخواست کے کیلنڈر سال اور آپ کی درخواست کے سال سے پہلے کے سال کی ادائیگیوں کا احاطہ کرتا ہے۔ مکمل فارم اور دستاویزات بھیجنے کے بعد، سوشل سروسز کا مقامی محکمہ آپ کے کیس کا جائزہ لے گا اور آپ کو آپ کی تحریری درخواست موصول ہونے کی تاریخ سے 45 کیلنڈر دنوں کے اندر، یا کچھ مخصوص حالات میں، 75 کیلنڈر دنوں کے اندر تحریری جواب جاری کرے گا۔ اس ڈیسک ریویو کے حصے کے طور پر، آپ ڈیسک ریویو عملے کو معلومات دے سکیں گے جو اس بات کے تعین کے لیے مناسب ریکارڈز اور آپ کی فراہم کردہ کسی بھی معلومات کا جائزہ لیں گے کہ آیا آپ پر چائلڈ سپورٹ واجب الادا ہے یا نہیں۔ آپ یہ ثابت کرنے کے لیے معلومات حاصل کرنے میں مدد مانگ سکتے ہیں کہ آپ پر زیادہ رقم واجب الادا ہے۔

اگر فرسٹ لیول ڈیسک ریویو مکمل ہونے کے بعد آپ اس کے تعین سے مطمئن نہیں ہیں تو، آپ اپنے فرسٹ لیول ڈیسک ریویو کے تعین کے ساتھ فراہم کردہ سیکنڈ لیول ڈیسک ریویو فارم کو مکمل کرکے سیکنڈ لیول ڈیسک ریویو کا مطالبہ کرسکتے ہیں۔ آپ کو فرسٹ لیول ڈیسک ریویو کے تعین کی تاریخ کے 20 دن کے اندر سیکنڈ لیول ڈیسک ریویو کی درخواست کرنی ہوگی۔ سیکنڈ لیول ڈیسک ریویو نیویارک ریاست کے دفتر برائے عارضی و معذوری سے متعلق اعانت (OTDA) کی جانب سے فرسٹ لیول کے تعین اور آپ کی جانب سے فراہم کردہ کسی بھی اضافی لیکن پہلے سے دستیاب دستاویزات کا جائزہ ہے۔ NYS OTDA جائزہ منعقد کرے گا اور آپ کو آپ کی درخواست کی تاریخ کے 30 کیلنڈر دنوں کے اندر اپنا تعین فراہم کرے گا۔ اگر آپ کے پاس اس عمل کے بارے میں کوئی سوالات ہیں یا آپ کو سیکنڈ لیول ڈیسک ریویو کے درخواست فارم کی اضافی کاپی درکار ہے تو، آپ 1-888-208-4485 پر کال کرسکتے ہیں۔

## 11. عارضی اعانت کے لیے پابند کردہ ادائیگی کا مطالبہ کرنے کا آپ کا حق

اگر آپ کنبہ جاتی اعانت کے پروگرام سے عارضی اعانت کی درخواست دے رہے ہیں یا حاصل کر رہے ہیں تو، آپ کے پاس اپنے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ سے اپنی عارضی اعانتی گرانٹ کے سبھی یا کچھ حصہ کو براہ راست حرارت، کرایہ یا افادہ جات جیسے بلوں کی ادائیگی کے لیے **"پابند"** کرنے کے لیے کہنے کا حق ہے۔ آپ کی عارضی اعانت کو **"پابند"** کرنے کا مطلب یہ ہے کہ آپ کی عارضی اعانت کا ایک حصہ آپ کے لیے کسی اور کو ادا کیا جائے گا۔

مثال کے طور پر، اگر آپ اپنے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ سے اپنے کرایہ کو پابند کرنے کے لیے کہتے ہیں تو، آپ کے کرایہ کی رقم آپ کو عارضی اعانت کے نقد بینیفٹ میں دینے کے بجائے ہر ماہ آپ کے مالک مکان کو بھیجی جائے گی۔ یہ پوچھنے کے لیے کہ آپ کی عارضی اعانت کو پابند کیا جائے، "رضاکارانہ طور پر پابند کردہ ادائیگیوں کی درخواست" فارم طلب کریں، اسے بھریں اور اپنے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کو واپس کریں۔

آپ اپنے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کو خط لکھ کر رضاکارانہ پابندی کو روک سکتے ہیں۔ سوشل سروسز کے مقامی محکمے کو آپ کی تحریری درخواست ملنے کے 30 دنوں کے اندر رضاکارانہ پابندی رک جانی چاہیئے۔ تاہم، سماجی خدمات کا مقامی محکمہ انتظامی سہولت کے لیے آپ کی گرانٹ کے تمام یا کچھ حصے کو پابند کرنے کا فیصلہ کر سکتا ہے۔

اگر آپ درخواست کرتے ہیں کہ آپ کی گرانٹ کو آپ کی حرارت اور/ یا گھریلو توانائی کے بلوں کی ادائیگی کے لیے پابند رکھا جائے تو، آپ کی گھریلو توانائی کے لیے آپ کے حرارتی الاؤنس اور/ یا بجٹ بلنگ کی رقم آپ کی گرانٹ سے پابند کردی جائے گی۔ سوشل سروسز کا مقامی محکمہ سال میں کم از کم ایک بار آپ کی توانائی کے بل (بلوں) کا موازنہ آپ کی گرانٹ سے پابند رقم سے کرے گا۔ اگر بل کی گئی کُل رقم آپ کی گرانٹ سے پابند کردہ رقم سے کم ہے تو، سوشل سروسز کا مقامی محکمہ آپ کو اس فرق کے لیے نقد ادائیگی کرسکتا ہے۔ اگر بل کی گئی رقم آپ کی گرانٹ سے پابند کردہ رقم سے زیادہ ہے تو، اس فرق کو آپ کی مستقبل کی عارضی اعانت کے گرانٹس سے وصول کیا جائے گا۔

جب آپ کی عارضی اعانت کی گرانٹ آپ کے واجب الادا بل سے کم ہو تو آپ کا سوشل سروسز کا مقامی محکمہ آپ کی ادائیگی کو پابند کرنے سے انکار کر سکتا ہے۔

آپ پابند کردہ ادائیگیوں کے بارے میں پوچھ سکتے ہیں خواہ آپ کی عارضی اعانت کنبہ جاتی اعانت کے پروگرام (Family Assistance program) سے نہ آئے۔

## 12. دھوکہ دہی کا شبہ ہونے پر آپ کے حقوق

اگر آپ کو پتہ چلتا ہے کہ آپ زیر تفتیش ہیں کیونکہ آپ کے کارکن لگتا ہے کہ آپ نے اپنے کیس کے بارے میں سچ نہیں بتایا ہے تو آپ کو کسی وکیل سے بات کرنی چاہیئے۔ اگر آپ پر فوجداری عدالت میں بہبود کے فریب کا الزام عائد کیا جاتا ہے تو، آپ کے اہل ہونے پر، عدالت آپ کی نمائندگی کے لیے مفت میں وکیل تفویض کرے گی۔

**13. ووٹ کرنے کے لیے رجسٹر ہونے کا آپ کا حق**

کوئی بھی شخص جو ووٹ کرنے کے لیے رجسٹر ہونا چاہتا ہے، اعانت کے لیے درخواست دینے سے قطع نظر، وہ اس کتاب میں وضاحت کردہ بینیفٹس کے لیے درخواستیں قبول کرنے والے سرکاری دفتر میں ووٹر رجسٹریشن فارم اور ووٹر رجسٹریشن فارم کو بھرنے میں تعاون حاصل کرسکتا ہے۔ وہ دفتر مکمل ووٹر رجسٹریشن فارم بھی قبول کرے گا اور اسے مقامی بورڈ آف الیکشن کو بھیج دے گا۔ مزید معلومات کے لیے، آپ نیویارک اسٹیٹ بورڈ آف الیکشنز سے (367-8683) 1-800-FORVOTE پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

**14. عقیدے پر مبنی خدمت فراہم کنندگان کے سلسلے میں آپ کے حقوق**

اگر فراہم کی جانے والی خدمات اور بینیفٹس میں سے کوئی بھی کسی مذہبی تنظیم کے ذریعے فراہم کی جاتی ہے تو، آپ کو کسی مختلف فراہم کنندہ سے اسی طرح کی خدمات حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔

# آپ کی ذمہ داریاں

**1. عمومی ذمہ داریاں**

اگر آپ عارضی اعانت، طبی اعانت، فوڈ اسٹامپ بینیفٹس، خدمات، چائلڈ کیئر بینیفٹس یا دیگر مدد کے لیے درخواست دے رہے ہیں، یا حاصل کر رہے ہیں تو، آپ کو لازمی طور پر:

- تمام سوالات کا مکمل اور ایمانداری سے جواب دینا چاہیئے۔ جھوٹے جوابات کے نتیجے میں جرمانے عائد ہوسکتے ہیں، جس میں دیوانی یا فوجداری سزائیں شامل ہیں؛
- انٹرویو دینا چاہیئے۔ اگر آپ اپنے کارکن کو یہ بتائے بغیر انٹرویو چھوٹ جاتی ہے کہ ایسا کیوں ہوا تو، آپ کی درخواست سے انکار کیا جاسکتا ہے یا کیس بند ہوسکتا ہے۔ اگر آپ انٹرویو میں حاضر نہیں ہوتے ہیں اور اسے دوبارہ شیڈول کرنا چاہتے ہیں تو، اپنے کارکن کو بتانا آپ کی ذمہ داری ہے۔
  - فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کے لیے، فوڈ اسٹامپ بینیفٹس سے محروم ہونے سے بچنے کے لیے درخواست دینے کی تاریخ کے بعد 30 ویں دن سے پہلے چھوٹے ہوئے انٹرویو کو دوبارہ شیڈول کریں۔
  - چائلڈ کیئر بینیفٹس کے لیے، اگر آپ صرف چائلڈ کیئر بینیفٹس کے لیے درخواست دے رہے ہیں تو آپ ڈاک کے ذریعے درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ نے بذریعہ ڈاک جو بھیجا ہے اگر آپ کا کارکن اس کی بنیاد پر آپ کی اہلیت کا تعین نہیں کرسکتا ہے تو، آپ کو انٹرویو کے لیے آنے کو کہا جاسکتا ہے۔
  - طبی اعانت کے لیے، آپ یا آپ کے نمائندے کے ساتھ ذاتی انٹرویو لیا جاتا ہے۔ اگر آپ طویل مدتی دیکھ بھال کے لیے درخواست نہیں دے رہے ہیں تو، آپ کا انٹرویو ایک سہولت یافتہ اندراج کنندہ کے ذریعہ لیا جاسکتا ہے۔

- اپنے کارکن کو کاغذات اور معلومات فراہم کریں تاکہ یہ معلوم کیا جاسکے کہ آیا آپ مدد حاصل کرسکتے ہیں۔ اگر آپ یہ کاغذات اور معلومات حاصل نہیں کر سکتے تو، آپ کے کارکن کو آپ کی مدد کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے؛
- اگر آپ کام کرنے کے قابل ہیں، اور عارضی اعانت کے لیے درخواست دے رہے ہیں تو، آپ کو پیش کردہ کوئی بھی ملازمت قبول کرنی چاہیئے جسے آپ کرنے کے قابل ہیں، خواہ وہ آپ کو عارضی اعانت سے کم ادائیگی کرے۔ اگر آپ کو ضرورت ہے تو عارضی اعانت آپ کو اضافی گرانٹ ادا کرے گی۔
- اگر آپ غیر قانونی طور پر ذمہ دار نگراں رشتہ دار ہیں جو نابالغ بچوں کے لیے عارضی اعانت کے لیے درخواست دے رہے ہیں اور خود عارضی اعانت حاصل نہیں کر رہے ہیں تو، آپ کو کچھ ذاتی معلومات فراہم کرنی چاہئیں جو کہ وفاقی حکومت ہمیں جمع کرنے اور رپورٹ کرنے کا تقاضا کرتی ہے۔
- اگر عارضی اعانت کے لیے درخواست دینے والے یا وصول کرنے والے نابالغ بچوں میں درخواست نہ دینے والے یا وصول نہ کرنے والے بھائی یا بہنیں ہیں جو ایک ہی گھر میں رہنے والے نابالغ بچے بھی ہیں تو، آپ کو درخواست نہ دینے والے یا وصول نہ کرنے والے بچوں کے بارے میں کچھ معلومات فراہم کرنی چاہئیں جو کہ وفاقی حکومت ہمیں جمع کرنے اور رپورٹ کرنے کا تقاضا کرتی ہے۔
- آپ کو کسی بھی ایسے بینیفٹ کے لیے درخواست دینی چاہیئے اور کوشش کرنی چاہیئے جو عارضی اعانت کی آپ کی ضرورت کو کم اور/یا ختم کردے۔

**2. سچی اور قطعی معلومات فراہم کرنے کی ذمہ داری**

جب آپ مدد کے لیے درخواست دے رہے ہوں یا حاصل کر رہے ہوں، یا جب آپ قانونی طور پر غیر ذمہ دار نگراں رشتہ دار ہوں جو نابالغ بچوں کے لیے عارضی اعانت کے لیے درخواست دے رہے ہوں یا حاصل کر رہے ہوں اور اپنے لیے درخواست نہ دے رہے ہوں یا اعانت حاصل نہ کر رہے ہوں تو، آپ سے کچھ چیزوں کا ثبوت فراہم کرنے کے لیے کہا جائے گا جیسے کہ جو چیزیں **"آپ کی ذمہ داریاں"، سیکشن 3، "ثبوت فراہم کرنے کی ذمہ داری"** میں مذکور ہے۔

اگر آپ عارضی اعانت یا فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کے لیے درخواست دے رہے ہیں یا حاصل کر رہے ہیں، اور آپ یا آپ کے معاملے میں کسی اور کو رقم، جائیداد یا وسائل کے بارے میں جھوٹ بولنے یا چھپانے کا مجرم پایا گیا ہے تو، آپ اپنی عارضی اعانت یا فوڈ اسٹامپ بینیفٹس سے محروم ہو سکتے ہیں۔ اسے **پروگرام کی دانستہ خلاف ورزی (Intentional Program Violation, IPV)** کہا جاتا ہے۔

اگر آپ کو عدالت یا ریاستی انتظامی سماعت کے ذریعہ IPV کا ارتکاب کرتے ہوئے پایا جاتا ہے تو، آپ کو "نااہل" قرار دیا جائے گا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو ایک مخصوص مدت کے لیے عارضی اعانت یا فوڈ اسٹامپ بینیفٹس نہیں مل سکتے ہیں۔ وقت کی طوالت کا انحصار اس بات پر ہوگا کہ آیا آپ کو عارضی اعانت یا فوڈ اسٹامپ بینیفٹس حاصل ہوئی ہیں اور کیا آپ پہلے بھی IPV اور خلاف ورزی کی مالی رقم کے مرتکب پائے گئے ہیں۔

اپنی اعانت سے محروم ہونے کے علاوہ، اگر آپ کو IPV کا ارتکاب کرتے ہوئے پایا جاتا ہے تو، آپ کو اپنے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کو وہ رقم یا فوڈ اسٹامپس بینیفٹس واپس کرنے ہوں گے جو آپ کو نہیں ملنا چاہیئے تھا۔

آپ کو یا تو رقم یا فوڈ اسٹامپ بینیفٹس واپس کرنی ہوگی یا جب آپ دوبارہ اپنے بینیفٹس حاصل کرنا شروع کریں گے تو، انہیں اس وقت تک کم کیا جائے گا جب تک کہ آپ پر واجب الادا رقم کی واپس ادائیگی نہیں ہوجاتی ہے۔ اگر آپ دوسرے لوگوں کے ساتھ رہتے ہیں اور آپ کی نااہلی کے وقت دوسرے لوگوں کو بینیفٹس ملتے رہتے ہیں تو، دوسرے لوگوں کو بھی کم بینیفٹس مل سکتے ہیں۔

اگر آپ عارضی اعانت حاصل کرنے کے لیے نااہل ہیں تو، آپ کے فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کی اہلیت کا جائزہ لیا جائے گا تاکہ یہ تعین کیا جاسکے کہ آیا آپ مسلسل فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کے اہل ہیں۔ آپ کی طبی اعانت کی اہلیت کا جائزہ لیا جاسکتا ہے تاکہ یہ تعین کیا جاسکے کہ آیا آپ مسلسل طبی اعانت کے اہل ہیں۔

اگر آپ کو وفاقی یا ریاستی عدالت کے ذریعہ ایک ہی وقت میں دو یا دو سے زیادہ ریاستوں سے عارضی اعانت یا فوڈ اسٹامپ بینیفٹس حاصل کرنے کے لیے اپنی رہائش کے بارے میں فریب سے متعلق بیان یا نمائندگی کرنے کا مجرم قرار دیا گیا ہے تو، آپ دس سالوں کے لیے نااہل قرار دیے جائیں گے۔

اگر آپ نے چائلڈ کیئر بینیفٹس کے لیے درخواست دیتے وقت یا حاصل کرتے وقت سچی اور قطعی معلومات فراہم نہیں کی ہے تو، آپ کو کسی بھی ایسے بینیفٹس واپس کرنے ہوں گے جن کے آپ اہل نہیں تھے۔ اگر آپ کو فریب کا مجرم قرار دیا گیا ہے تو، اضافی جرمانے کا اطلاق ہوسکتا ہے۔

اگر آپ کو نگہداشت طفل میں تعاون حاصل ہوتی ہے یا آپ کو نگہداشت طفل میں تعاون حاصل ہوئی ہے اور آپ کا کیس بند ہوگیا ہے، اور آپ کو فریب سے چائلڈ کیئر بینیفٹس حاصل کرنے کا مجرم قرار دیا گیا ہے، یا رضاکارانہ طور پر تسلیم کیا ہے تو، آپ اپنی چائلڈ کیئر سروسز کو معطل یا ختم کر دیں گے اور ذیل میں مذکور پروگرام کی دانستہ خلاف ورزیوں کے لیے قائم کردہ مدت کے مطابق متعین مدت کے لیے بعد میں چائلڈ کیئر سروسز کے اہل نہیں ہوں گے۔

**پروگرام کی دانستہ خلاف ورزی (IPV) عارضی اعانت کے لیے جرمانے:**

<u>اگر آپ عارضی اعانت IPV کے مرتکب ہیں تو</u>، آپ درج ذیل کے مطابق عارضی اعانت حاصل کرنے کے اہل نہیں ہوں گے:

- 6 مہینے کی عدم اہلیت اگر یہ
- آپ کی پہلی IPV ہے، <u>اور</u>
  - IPV $1,000 سے بھی کم ہے
- 12 مہینے کی عدم اہلیت اگر یہ
  - آپ کی دوسری IPV ہے، <u>یا</u>
  - IPV $1,000 اور $3,900 کے درمیان ہے
- 18 مہینے کی عدم اہلیت اگر یہ
  - آپ کی تیسری IPV ہے، <u>یا</u>
  - IPV $3,900 سے زیادہ ہے
- 5 سال کی عدم اہلیت اگر یہ آپ کا چوتھا یا اس کے بعد کا جرم ہے

کوئی بھی شخص جو متعدد عارضی اعانت کے بینیفٹس حاصل کرنے کے سلسلے میں جھوٹا بیان دیتا ہے کہ وہ کون ہے یا وہ کہاں رہتا/ رہتی ہے وہ دس سال تک عارضی اعانت حاصل نہیں کرپائے گا۔

کوئی بھی شخص جو کسی جرم کے مدنظر مجرم قرار دیے جانے، حراست یا قید سے بچنے کے لیے فرار ہو رہا ہے، یا جو پروبیشن یا پیرول کی شرط کی خلاف ورزی کر رہا ہے، وہ عارضی اعانت حاصل کرنے کا اہل نہیں ہے۔

**پروگرام کی دانستہ خلاف ورزی (IPV) طبی اعانت کے لیے جرمانے:**

طبی اعانت کے پاس اپنی IPVs نہیں ہے۔ واحد افراد اور بے اولاد جوڑے جو IPV کی وجہ سے عارضی اعانت کے لیے اہل نہیں ہیں وہ Medicaidکے لیے بھی غیر اہل ہیں۔ دیگر تمام درخواست دہندگان/ وصول کنندگان جو TA IPVکے لیے نااہل ہیں ان کی طبی اعانت کی اہلیت کا تعین الگ سے کیا جائے گا۔

**پروگرام کی دانستہ خلاف ورزی (IPV) فوڈ اسٹامپ پروگرام کے لیے جرمانے:**

<u>اگر آپ فوڈ اسٹامپ بینیفٹس پروگرام کی IPV کے مرتکب ہیں تو</u>، آپ درج ذیل کے مطابق فوڈ اسٹامپ بینیفٹس حاصل کرنے کے اہل نہیں ہوں گے:

- ایک سال کی نااہلی اگر یہ
  - پہلی IPV ہے
- دو سالوں کی نااہلی اگر یہ
  - دوسری IPV ہے
- مستقل نااہلی اگر یہ
  - اگر یہ تیسری IPV ہے۔
- ایک عدالت مخصوص حالات میں، کسی فرد کو اضافی 18 ماہ کے لیے فوڈ اسٹامپ بینیفٹس حاصل کرنے سے بھی روک سکتی ہے۔

اگر عدالت میں کوئی شخص فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کے بدلے **آتشیں اسلحہ، گولہ بارود یا دھماکہ خیز مواد** فروخت کرنے یا حاصل کرنے کا قصوروار پایا جاتا ہے تو وہ دوبارہ <u>کبھی بھی</u> فوڈ اسٹامپ بینیفٹس حاصل کرنے کے قابل <u>نہیں</u> ہوگا۔

اگر عدالت میں کوئی شخص فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کے بدلے **ممنوع اشیاء** (غیر قانونی منشیات یا بعض ایسی منشیات جن کے لیے ڈاکٹر کا نسخہ مطلوب ہوتا ہے) کی خرید و فروخت کرنے کا قصوروار پایا جاتا ہے تو وہ پہلے جرم کے لیے 2 سالوں تک فوڈ اسٹامپ بینیفٹس حاصل نہیں کر پائے گا اور دوسرے جرم کے لیے <u>مستقل طور پر</u> حاصل نہیں کرپائے گا۔

اگر کوئی عدالت میں کوئی بھی شخص 500$ یا اس سے زیادہ مالیت کے فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کی غیرقانونی خرید و فروخت کا قصوروار پایا جاتا ہے تو وہ دوبارہ **کبھی بھی** فوڈ اسٹامپ بینیفٹس حاصل کرنے کے قابل **نہیں** ہوگا۔ غیرقانونی خرید و فروخت میں فوڈ اسٹامپ بینیفٹس، اجازتی کارڈز یا رسائی والے ڈیوائسز کا غیر قانونی استعمال، منتقلی، حصول، تبدیلی یا قبضہ شامل ہے۔

کوئی بھی شخص جو متعدد فوڈ اسٹامپ بینیفٹس حاصل کرنے کے سلسلے میں جھوٹا بیان دیتا ہے کہ وہ کون ہے یا وہ کہاں رہتا/ رہتی ہے وہ دس سال تک فوڈ اسٹامپ بینیفٹس حاصل نہیں کرپائے گا۔

کوئی بھی شخص جو کسی جرم کے مدنظر مجرم قرار دیے جانے، حراست یا قید سے بچنے کے لیے فرار ہو رہا ہے، یا جو پروبیشن یا پیرول کی شرط کی خلاف ورزی کر رہا ہے، وہ فوڈ اسٹامپ بینیفٹس حاصل کرنے کا اہل نہیں ہے۔

### 3. ثبوت فراہم کرنے کی ذمہ داری

جب آپ مدد کے لیے درخواست دے رہے ہوں یا حاصل کر رہے ہوں تو، آپ سے کچھ چیزوں کا ثبوت فراہم کرنے کے لیے کہا جائے گا جو چیزیں نیچے مذکور ہیں۔ آپ کا کارکن آپ کو بتائے گا کہ آپ کو ان میں سے کون سی چیزیں **لازمی طور پر** ثابت کرنی ہوں گی۔ ہر پروگرام کے لیے ان تمام چیزوں کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ کو ایک پروگرام کے لیے کچھ چیزیں ثابت کرنی پڑ سکتی ہیں اور دوسرے پروگرام کے لیے نہیں۔ اگر آپ پہلی بار اعانت کے لیے درخواست دینے کے لیے آنے کے وقت اپنے ساتھ ثبوت لاتے ہیں تو، آپ جلد ہی مدد حاصل کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں۔

اگر آپ اپنی سوشل سروسز کے مقامی محکمہ میں دستاویزات چھوڑتے ہیں تو، آپ کو یہ ثابت کرنے کے لیے رسید مانگنی چاہیئے کہ آپ نے کون سی دستاویزات چھوڑی ہیں۔ رسید میں آپ کا نام، مخصوص دستاویزات جو آپ نے چھوڑی ہیں، وقت، تاریخ، ڈسٹرکٹ کا نام اور رسید فراہم کرنے والے سوشل سروسز کے کارکن کا نام ہونا چاہیئے۔

اگر آپ کو ضروری ثبوت نہیں ملتا ہے تو، اپنے کارکن سے مدد کرنے کے لیے کہیں۔ اگر سوشل سروسز کے مقامی محکمے کے پاس پہلے ہی ان چیزوں کا ثبوت موجود ہے جن میں تبدیلی نہیں ہوئی ہیں، جیسے کہ آپ کا سوشل سیکیورٹی نمبر تو، آپ کو انہیں دوبارہ ثابت کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

نوٹ: فہرست میں استعمال ہونے والے سب سے عام دستاویزات درج ہیں؛ فہرست مکمل نہیں ہے۔ دوسرے ایسے دستاویزات ہیں جواستعمال کیے جاسکتے ہیں۔

| آپ سے کیا ثابت کرنے کو کہا جاسکتا ہے | اسے ثابت کرنے کی کچھ مثالیں |
|---|---|
| • **آپ کون ہیں** | تصویری ID، ڈرائیور کا لائسنس، یو ایس پاسپورٹ |
| • **درخواست والا گھرانے کا ہر ایک ممبر** | پیدائش یا بپتسمہ کا سرٹیفکیٹ، اسپتال کے ریکارڈز، ڈرائیور کا لائسنس |
| • **آپ کہاں رہتے ہیں** | موجودہ کرایہ کی رسید، رہن کا ریکارڈ، غیر رشتہ دار مالک مکان کی جانب سے بیان |
| • **شیلٹر کے اخراجات** | موجودہ کرایہ کی رسید، موجودہ لیز، رہن کے ریکارڈز، جائیداد اور اسکول ٹیکس کے ریکارڈز، سیور اور پانی کے بلز، ایندھن کے بلز، افادہ جات کے بلز، ٹیلی فون بلز |
| • **سوشل سیکیورٹی نمبرز** | سوشل سیکیورٹی کارڈ یا ثبوت کہ آپ نے اپنے گھر کے ہر اس شخص واسطے سوشل سیکیورٹی نمبروں کے لیے درخواست دی ہے جو مدد کے لیے درخواست دے رہے ہیں۔ |

**نوٹ:** ***<u>عارضی اعانت کے لیے، فوڈ اسٹامپ بینیفٹس اور طبی اعانتی پروگرام،</u>*** اگر ہم آپ سے آپ کا سوشل سیکیورٹی نمبر مانگتے ہیں تو، آپ کے پاس ہونے پر آپ کو ہمیں نمبر فراہم کرنا ہوگا۔ اگر ہم سوشل سیکیورٹی ایڈمنسٹریشن کے ساتھ آپ کے نمبر کی تصدیق نہیں کر سکتے تو، آپ کو اپنے سوشل سیکیورٹی نمبر کا ثبوت فراہم کرنا ہوگا۔ اگر آپ کے پاس سوشل سیکیورٹی نمبر نہیں ہے تو، آپ کو بینیفٹس حاصل کرنے کے لیے اس کی درخواست دینی ہوگی۔

***<u>سروسز پروگرام کے لیے،</u>*** کچھ سروسز، جیسے کہ رضاعی نگہداشت، تحفظ طفل، تدارک طفل اور مشاورت کی مختلف فنڈنگ ذرائع سے مالی اعانت فراہم کی جاتی ہے، جن میں سے کئی کے لیے سوشل سیکیورٹی نمبر فراہم کرنا ضروری ہے۔ اگرچہ کچھ سروسز کے لیے درخواست دہندگان کو سوشل سیکیورٹی نمبر فراہم کرنے کی ضرورت نہیں ہے، لیکن اگر آپ سوشل سیکیورٹی نمبر فراہم نہیں کرتے ہیں تو یہ خدمات آپ کے لیے دستیاب نہیں ہوسکتی ہیں۔ لہٰذا ہم ان سروسز کے لیے تمام درخواست دہندگان سے سوشل سیکیورٹی نمبر کی درخواست کر رہے ہیں، تاکہ انہیں وہ تمام بینیفٹس حاصل کرنے میں مدد مل سکے جن کے لیے وہ اہل ہو سکتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| • **شہریت یا امیگریشن کی صورتحال** | سند پیدائش، امریکی پاسپورٹ، ملٹری سروس ریکارڈز، وطن گیری کی سند اور ریاستہائے متحدہ کی شہریت اور امیگریشن سروسز کی دستاویزات۔ |

**نوٹ:** ***فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کے لیے***، شہریت صرف اس صورت میں ضبط تحریر ہونا ضروروری ہے جب یہ قابل اعتراض ہو۔

سوشل سروسز ڈسٹرکٹ کے مقامی محکمے کو کسی بھی غیرملکی کے نام اور پتہ اور دیگر شناختی معلومات کی اطلاع لازمی طور پر دینی چاہیئے جس کا تعین امیگریشن اینڈ نیچرلائزیشن سروس یا امیگریشن جائزہ کے ایگزیکٹو آفس نے کیا ہے، جیسے کہ امریکہ میں غیر قانونی طور رہنے پر، جلاوطنی کے حتمی حکم میں۔ یہ معلومات ڈپارٹمنٹ آف ہوم لینڈ سیکیورٹی کے ساتھ شیئر کی جاسکتی ہیں۔ اس کا اطلاق طبی اعانت پر نہیں ہوتا ہے۔

***سروسز پروگرامز کے لیے،***کچھ سروسز صرف امیگریشن کی مناسب صورتحال والے افراد کے لیے ہی دستیاب ہیں۔ اس لیے ہم تمام درخواست دہندگان کی امیگریشن کی صورتحال کی درخواست کر رہے ہیں تاکہ ان سروسز کا تعین کیا جاسکے جن کے لیے درخواست دہندگان اہل ہو سکتے ہیں۔

***چائلڈ کیئر بینیفٹس کے لیے،*** آپ کو یہ ثابت کرنا ہوگا کہ کوئی بھی بچہ جسے چائلڈ کیئر بینیفٹس حاصل ہورہا ہے وہ قانونی طور پر امریکہ میں رہ رہا ہے۔

**نوٹ:** ***طبی اعانتی پروگرام کے لیے،*** شناخت *اور* شہریت یا امیگریشن کی اطمینان بخش حیثیت دستاویز بند ہونی چاہیئے۔ ریاستہائے متحدہ کے شہری کے طور پر اہل ہونے کے مقصد سے، ریاستہائے متحدہ میں 50 ریاستیں، ڈسٹرکٹ آف کولمبیا، پیورٹو ریکو، گوآم، یو۔ ایس ورجن آئیلینڈز اور شمالی میریانا آئیلینڈز شامل ہیں۔ Medicaid کے مقصد سے امریکہ سموآ یا سوائنز آئیلینڈ سے تعلق رکھنے والے شہریوں کو بھی ریاستہائے متحدہ کا شہری سمجھا جاتا ہے۔

***وہ دستاویزات جن سے شہریت اور شناخت دونوں قائم ہوتی ہیں***

- امریکی پاسپورٹ؛
- وطن گیری کی سند (N-550 یا N-570)؛
- امریکی شہریت کی سند (N-560 یا N-561)۔

***وہ دستاویزات جس سے شہریت کا تعین ہوتا ہے لیکن شناختی دستاویزات کی فہرست سے ایک شناختی دستاویز کی بھی ضرورت ہوتی ہے***

- امریکی سند پیدائش جس میں پیدائش اس طرح ظاہر ہوتی ہو: 50 امریکی ریاستوں میں سے کسی ایک، ڈسٹرکٹ آف کولمبیا، امریکی سموآ، سوائنز آئیلینڈ، پیورٹو ریکو (اگر 1/13/1941 کو یا اس کے بعد پیدا ہوا)، یو۔ ایس ورجن آئیلینڈز (1/17/1917 کو یا اس کے بعد)، شمالی میریانا آئیلینڈز (11/4/1986 کے بعد) (NMI مقامی وقت)، یا گوآم (4/10/1899 پر یا اس کے بعد) میں؛
- پیدائش کی رپورٹ کی تصدیق(DS-1350)
- امریکی شہری کی بیرون ملک پیدائش کی رپورٹ (FS-240)؛
- ڈپارٹمنٹ آف اسٹیٹ کی طرف سے جاری کردہ پیدائش کی تصدیق (فارم FS-545 یا DS-1350)؛
- امریکی شہریت کا شناختی کارڈ (I-197 یا I-179)؛
- امریکی ہندوستانی کارڈ (I-872)؛
- شمالی میریانا کارڈ (I-873)؛
- امریکی حکومت کی طرف سے سول سروس کی ملازمت کا ثبوت (6/1/1976 سے پہلے)؛
- ملٹری کا باضابطہ ریکارڈ آف سروس؛
- گود لینے کا حتمی حکمنامہ؛
- وفاقی یا ریاستی مردم شماری کا ریکارڈ؛ یا
- مندرجہ ذیل دستاویزات قابل قبول ہیں اگر وہ امریکی جائے پیدائش کی نشاندہی کرتی ہیں اور درخواست کی تاریخ سے کم از کم 5 سال پہلے بنائی گئی تھیں:
- ہسپتال کے لیٹر ہیڈ پر اسپتال کے ریکارڈ کا خلاصہ؛
- زندگی یا صحت یا دیگر بیمہ کا ریکارڈ؛
- نرسنگ فسیلیٹی، ماہرانہ نگہداشت کی فسیلیٹی یا دیگر ادارے سے ادارہ جاتی داخلہ کے کاغذات؛ یا
- طبی (کلینک، ڈاکٹر، یا اسپتال) ریکارڈ؛

- دیگر دستاویزات: مندرجہ ذیل میں سے ایک اور امریکی جائے پیدائش دکھانا ضروری ہے:
  - سینیکا انڈین قبائلی مردم شماری کا ریکارڈ؛
  - نواجو انڈینز کے بیورو آف انڈین افیئرز کے قبائلی مردم شماری کا ریکارڈ؛
  - امریکی ریاست کے اہم شماریات پیدائش کے اندراج کی باضابطہ اطلاع؛
  - امریکی عوامی پیدائش کا ریکارڈ جس میں اس شخص کی پیدائش سے 5 سال سے زیادہ عرصے بعد ترمیم کی گئی ہو؛ یا پیدائش کے وقت موجود معالج یا دائی کے دستخط والے بیان۔
  - تحریری حلف نامہ (صرف شاذ و نادر وقوعات میں استعمال کیا جائے)۔

***<u>شناخت قائم کرنے والے دستاویزات</u>***

- انڈین کی ڈگری کی سند یا دیگر اصل امریکی/الاسکائی اصل قبائلی دستاویز
- امیگریشن اینڈ نیشنلٹی ایکٹ (Immigration and Nationality Act, INA) سیکشن 274A(b)(1)(D) میں بیان کردہ کوئی بھی شناختی دستاویز، جیسے کہ:

  - ریاست یا خطہ کی جانب سے جاری کردہ ایک جائز ڈرائیور لائسنس یا تو فرد کی تصویر کے ساتھ یا فرد کی دیگر شناختی معلومات جیسے کہ نام، عمر، جنس، نسل، قد، وزن یا آنکھوں کا رنگ؛
  - فرد کی تصویر کے ساتھ اسکول کا شناختی کارڈ؛
  - امریکی ملٹری کارڈ یا مسودہ ریکارڈ؛
  - وفاقی، ریاستی یا مقامی حکومت کی طرف سے جاری کردہ شناختی کارڈ جس میں ڈرائیور کے لائسنس پر بھی یہی معلومات شامل ہوں؛
  - ملٹری کی زیرکفالت کا شناختی کارڈ؛
  - اصل امریکی قبائلی دستاویز؛ یا
  - امریکی کوسٹ گارڈ مرچنٹ میرینر کارڈ۔

**نوٹ:** 16 سال سے کم عمر کے بچوں کے لیے، اسکول کے ریکارڈ میں نرسری یا یومیہ نگہداشت کے ریکارڈ شامل ہو سکتے ہیں۔ اگر گزشتہ چارٹ میں مندرجہ بالا دستاویزات میں سے کوئی بھی دستیاب نہیں ہے تو، حلف نامہ استعمال کیا جاسکتا ہے۔ حلف نامہ صرف اس صورت میں قابل قبول ہے جب کسی والدین یا سرپرست کے ذریعہ دروغ حلفی کے جرمانے کے تحت دستخط کیے جائیں جس میں بچے کی پیدائش کی تاریخ اور جگہ بیان کی گئی ہو اور اگر شہریت کے لیے حلف نامہ فراہم کیا گیا ہو تو اسے استعمال نہیں کیا جاسکتا ہے۔

***<u>ایسے شواہد جو اجتماعی طور پر حقوق شہریت یافتہ افراد کے لیے امریکی شہریت قائم کرتے ہیں</u>***

***پیورٹو ریکو***

- پیورٹو ریکو میں 4/11/1899 کو یا اس کے بعد پیدائش کے شواہد اور درخواست دہندہ کا بیان کہ وہ 1/13/1941 کو امریکی قبضے یا پیورٹو ریکو میں رہائش پذیر تھے؛ یا
- اس بات کا ثبوت کہ درخواست دہندہ/وصول کنندہ پیورٹو ریکن شہری تھے اور درخواست دہندہ/ وصول کنندہ کا بیان کہ وہ 3/1/1917 کو پیورٹو ریکو میں رہائش پذیر تھے اور انہوں نے اسپین سے اطاعت کا حلف نہیں اٹھایا تھا۔

***امریکی ورجن آئلینڈز***

- امریکی ورجن آئلینڈز میں پیدائش کے شواہد، اور درخواست دہندہ/ وصول کنندہ کا 2/25/1927 کو امریکہ، امریکی قبضہ یا امریکی ورجن آئلینڈ میں رہائش سے متعلق بیان؛
- درخواست دہندہ/ وصول کنندہ کا بیان جس میں 1/17/1917 کو ڈینش شہری کے طور پر امریکی ورجن آئلینڈز کے رہائشی، 25/1927 /2 کو امریکی، امریکی قبضے یا امریکی ورجن آئلینڈز میں شہری اور رہائش کی نشاندہی کی گئی ہے اور انہوں نے ڈینش شہریت برقرار رکھنے کا اعلان نہیں کیا ہے؛ یا
- امریکی ورجن آئلینڈز میں پیدائش کے شواہد، اور درخواست دہندہ/ وصول کنندہ کا 6/28/1932 کو امریکہ، امریکی قبضہ یا کینال زون میں رہائش سے متعلق بیان؛

***شمالی میریانا آئلینڈ (Northern Mariana Islands, NMI) (سابقہ بحرالکاہل کے آئلینڈ کے ٹرسٹ خطہ (Trust Territory of the Pacific Island, TTPI)) کا حصہ***

- NMI، TTPI شہریت اور NMI، امریکی یا امریکی علاقے یا 11/3/1986 (NMI مقامی وقت) پر قبضہ والی جگہ پر پیدائش کا ثبوت اور درخواست دہندہ/ وصول کنندہ کا بیان کہ انہوں نے 11/4/1986 (NMI مقامی وقت) کو غیر ملکی ریاست سے اطاعت نہیں کی ہے؛
- TTPI شہریت، 11/3/1981 (NMI مقامی وقت) سے پہلے سے NMI میں مسلسل رہائش، 1/1/1975 سے پہلے ووٹر رجسٹریشن کا ثبوت اور درخواست دہندہ/ وصول کنندہ کا بیان کہ انہوں نے 11/4/1986 (NMI مقامی وقت) کو غیر ملکی ریاست سے اطاعت نہیں کی ہے؛ یا
- 1974/1/1 سے پہلے سے NMI میں مسلسل رہائش اور درخواست دہندہ/ وصول کنندہ کا بیان کہ انہوں نے 11/4/1986 (NMI مقامی وقت) کو غیر ملکی ریاست سے اطاعت نہیں کی ہے۔

**نوٹ:** اگر کوئی شخص غیر تارکین وطن کی حیثیت سے NMI میں داخل ہوتا ہے اور 1/1/1974 سے NMI میں رہائش پذیر ہے تو یہ مسلسل رہائش نہیں ہے اور فرد امریکی شہری نہیں ہے۔

***<u>تارکین وطن کی حیثیت</u>***

- ریاستہائے متحدہ کی شہریت اور ترک وطنی کی عمومی خدمات (USCIS) کے سب سے عمومی فارمز درج ذیل ہیں:
  - I-551 اقامتی ایلین کارڈ؛
  - I-94 آمد-روانگی کا ریکارڈ؛
  - I-688B یا I-766 ملازمت کی اجازت دہندگی کا کارڈ؛
- ریاستہائے متحدہ کی شہریت اور ترک وطنی کی خدمات (USCIS) فارم I-797 – کارروائی کا نوٹس؛ یا
- 1972 سے قبل ریاستہائے متحدہ میں مسلسل رہائش کا ثبوت۔

**نوٹ:** اگر آپ صرف طبی اعانت کے لیے درخواست دے رہے ہیں تو، آپ کو ہمیں اپنی شہریت یا امیگریشن کی حیثیت کے بارے میں بتانے کی ضرورت نہیں ہے، اگر آپ:

- حاملہ ہیں؛ یا
- ہنگامی طبی کیفیت کی وجہ سے طبی اعانت کے احاطہ کے لیے درخواست دینے والے غیر دستاویز بند تارکین وطن ہیں۔ (شہریت یا امیگریشن کی حیثیت کے بارے میں مزید معلومات کے لیے کتاب 2، LDSS-4148B کا طبی اعانت والا سیکشن دیکھیں)۔

| | |
|---|---|
| **آیا آپ منشیات/ الکحل پر منحصر ہیں** | الکحل/ ڈرگ اسکریننگ کی تشخیص جس میں منشیات کا ٹیسٹ شامل ہوسکتا ہے۔ اس کا اطلاق بہت سے طبی اعانت کے درخواست دہندگان پر نہیں ہوتا، نہ ہی اس کا اطلاق فیملی ہیلتھ پلس، کام کرنے والے معذور افراد کے لیے Medicaid بائے-ان پروگرام، Medicare سیونگز پروگرام یا فیملی پلاننگ بینیفٹ پروگرام پر ہوتا ہے۔ |
| **کمائی ہوئی آمدنی** | موجودہ تنخواہ کی رسیدیں، آجر کا بیان، ٹیکس ریکارڈز، کاروباری ریکارڈز، کمرہ کرایہ پر دینے والے کا بیان یا قیام کے لیے خرچ دے کر کھانے کی ادائیگی کی رقم۔ |
| **آمدنی جو کمائی نہیں گئی** | |
| *بغیر کمائی ہوئی آمدنی کی مثالیں ہیں:* | *بغیر کمائی ہوئی آمدنی کی ثبوت کی مثالیں ہیں:* |
| – **چائلڈ سپورٹ یا نفقہ** | اعانت، یا نفقہ کی ادائیگی کرنے والے شخص کی جانب سے بیان |
| – **سوشل سیکیورٹی بینیفٹس** | حالیہ بینیفٹ چیک یا حالیہ ایوارڈ کا خط |
| – **سابق فوجیوں کی مراعات** | موجودہ بینیفٹ چیک، موجودہ ایوارڈ کا خط، سابق فوجی کی انتظامیہ کی جانب سے باضابطہ خط و کتابت |
| – **بے روزگاری بیمہ سے متعلق بینیفٹس** | نیو یارک اسٹیٹ کے محکمہ محنت کی جانب سے باضابطہ خط و کتابت |
| – **فائدہ اور منافعے** | بینک، کریڈٹ یونین یا بروکر کا بیان |
| – **تعلیمی گرانٹس اور قرضے** | اسکول کی جانب سے بیان یا بینک کے حالیہ ایوارڈ کا خط |
| – **کارکنان کا معاوضہ** | حالیہ ایوارڈ کا خط یا چیک کی پرچی |

- **وسائل**

| *وسائل کی مثالیں یہ ہیں:* | *وسائل کے ثبوت کی مثالیں یہ ہیں:* |
|---|---|
| – **بینک کھاتے** | بینک بکس یا کریڈٹ یونین ریکارڈز |
| – **چیکنگ کھاتے** | بینک کے اسٹیٹمنٹس |
| – **تدفین سے متعلق ٹرسٹ یا فنڈ** | بینک اسٹیٹمنٹ یا جنازے کے معاہدے کی کاپی |
| – **تدفین کا پلاٹ یا معاہدہ** | قبرستان، جنازے کے ڈائریکٹر یا چرچ کا بیان، جنازے کی نقل |
| – لائف انشورنس | بیمہ پالیسی |
| – **رئیل اسٹیٹ آپ کے رہنے کی جگہ کے علاوہ** | رئیل اسٹیٹ کے بروکر کے ذریعہ وثیقہ، قیمت بندی/ موجودہ مالیت کا تخمینہ |
| – موٹر وہیکل | رجسٹریشن، ملکیت، سرمایہ کاری کی معلومات |
| – **اسٹاک اور بانڈز** | اسٹاک سرٹیفکیٹس، بانڈز |

| | |
|---|---|
| • **اسکول جانے والوں کی اسکول حاضری** | اسکول کے ریکارڈز، اسکول کی جانب سے بیان |
| • **ہیلتھ انشورنس** | بیمہ پالیسی، بیمہ کارڈ، کوریج فراہم کرنے والے کا بیان، Medicareکارڈ |
| • **غیر ادا شدہ کرایہ یا افادہ جات** | ہر ایک بل کی نقل، مالک مکان یا افادہ جات کی کمپنی کا اسٹیٹمنٹ |
| • **ادا شدہ یا غیر ادا شدہ طبی بلز** | ہر ایک بل کی کاپی اور ادائیگی کا ثبوت اگر بل کی ادائیگی کی گئی ہے |
| • **غیرتولیتی والدین** | موت کا سرٹیفکیٹ، لواحقین کے بینیفٹس، طلاق کے کاغذات، سابق فوجی کی اعانت یا ملٹری ریکارڈز |
| • **معذور/مجبور/حاملہ** | طبی پیشہ ور فرد کی جانب سے بیان، سوشل سیکیورٹی کا ثبوت |
| • **دیگر اخراجات/ منحصر فرد کی نگہداشت کے اخراجات** | منسوخ شدہ چیکس یا رسیدیں، چائلڈ کیئر کی جانب سے بیان |
| • **ملازمت کی تلاش** | ملازمت کی درخواستوں کی تکمیل یا ملازمت کی تلاش کا دستی کتابچہ |

اگر آپ **صرف سروسز (رضاعی نگہداشت کے علاوہ)** کے لیے درخواست دے رہے ہیں تو، آپ کو درج ذیل آئمٹز کے لیے ثبوت فراہم کرنے کی ضرورت **نہیں** ہے:

- **شیلٹر کے اخراجات**
- **وسائل**
- **غیر ادا شدہ کرایہ یا افادہ جات**
- **ہیلتھ انشورنس**
- **ادا شدہ یا غیر ادا شدہ طبی بلز**
- **دیگر/ منحصر فرد کی نگہداشت کے اخراجات**

اگر آپ صرف **طبی اعانت** کے لیے درخواست دے رہے ہیں اور طویل مدتی نگہداشت کی خدمت کی تلاش میں ہیں تو، آپ کو اپنے وسائل کا ثبوت فراہم کرنا ہوگا۔ فیملی پلاننگ بینیفٹ پروگرام کے لیے درخواست دینے والی حاملہ خواتین یا افراد کو اپنے وسائل کے بارے میں ہمیں بتانے کی ضرورت نہیں ہے۔ عام طور پر، انیس سال کی عمر تک کے بچوں کو اپنے وسائل کے بارے میں ہمیں بتانے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔

اگر آپ طویل مدتی نگہداشت خدمات کے احاطہ کی تلاش میں نہیں ہیں تو، آپ کو ہمیں اپنے وسائل کے بارے میں بتانا ہوگا، لیکن آپ کو ثبوت فراہم کرنے کے بجائے اپنے وسائل کی رقم کی تصدیق کرنے کی اجازت ہے۔ جب آپ اپنی طبی اعانت کی اہلیت کے لیے درخواست دیتے ہیں یا تجدید کرتے ہیں تو، آپ کو بتایا جائے گا کہ آیا آپ کو اپنے وسائل کا ثبوت فراہم کرنا ہوگا۔

### 4. آٹومیٹڈ فنگر امیجنگ سسٹم (AUTOMATED FINGER IMAGING SYSTEM, AFIS) میں مندرج ہونے کی ذمہ داری

اگر آپ مستقل یا ہنگامی عارضی اعانت یا فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کے لیے درخواست دے رہے ہیں یا حاصل کر رہے ہیں تو، آپ کو آٹومیٹڈ فنگر امیجنگ سسٹم (AFIS) میں مندرج ہونا چاہیئے اگر آپ بالغ ہیں (18 سال یا اس سے زیادہ عمر) یا اگر آپ گھرانے کے سربراہ ہیں۔ طبی اعانتی پروگرام کے لیے صرف وہی درخواست دہندہ/ وصول کنندہ کے لیے AFIS میں مندرج ہونے کی ضرورت ہے جن کے طبی اعانت کے شناختی کارڈ میں فوٹو امیج شامل ہونا ضروری ہے۔ اس تقاضے کا اطلاق فیملی ہیلتھ پلس یا فیملی پلاننگ بینیفٹ پروگرام پر نہیں ہوتا ہے۔ عام طور پر، صرف Medicaid والے درخواست دہندگان اور وصول کنندگان کے لیے، تمام افراد جن کی عمر 18 سال یا اس سے زیادہ ہے جن کے بینیفٹ کارڈ کے لیے فوٹو ID کی ضرورت ہوتی ہے انہیں AFIS میں مندرج ہونا ہوگا۔ تاہم، اس اصول میں مخصوص چھوٹ ہے اور وہ اس کاؤنٹی کے لحاظ سے مختلف ہو سکتے ہیں جہاں آپ رہتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس اس بابت کوئی سوالات ہیں کہ آیا آپ کی انگلیوں کی تصویر ہونی چاہیئے کہ نہیں، اپنی کاؤنٹی کے سوشل سروسز کے مقامی محکمے سے رابطہ کریں اور معلوم کریں کہ یہ تقاضہ آپ کی مخصوص صورتحال پر کیسے لاگو ہوسکتا ہے۔

## 5. تبدیلیوں کی اطلاع دینے کی ذمہ داری

**تبدیلیوں کے بارے میں عمومی معلومات**

اگر اپنی درخواست پر سنوائی ہونے کا انتظار کرنے کے دوران آپ کی صورتحال میں کوئی بھی تبدیلی ہوتی ہے تو، آپ کو اپنے کارکن کو جتنی جلدی ممکن ہو بتانا چاہیئے۔

- آپ کو اپنی صورتحال جیسے کہ آمدنی، ملازمت، رہائشی انتظامات یا نگہداشت طفل کے انتظامات میں کسی بھی تبدیلی، یا دیگر ایسی تبدیلیوں کے بارے میں اپنے کارکن کو فوری طور پر مطلع کرنا چاہیئے جس سے آپ کی مستقل اہلیت یا آپ کے بینیفٹ کی رقم متاثر ہوسکتی ہے۔

عارضی اعانت کے لیے، آپ کو تبدیلی کے **10** دنوں کے اندر تبدیلیوں کی اطلاع دینی ہوگی۔ **صرف ایک ہی** استثنی ہے۔ اگر آپ کسی بچے کے لیے عارضی اعانت حاصل کر رہے ہیں اور آپ کو معلوم ہے کہ بچہ 45 دن یا اس سے زیادہ عرصے تک گھر سے غیر حاضر رہے گا تو، آپ کو بچے کے طویل عرصے تک غیرحاضر رہنے کے بارے میں معلوم ہونے کے **5** دنوں کے اندر اس تبدیلی کی اطلاع دینی ہوگی۔ اطلاع دہی کے اس پیمانہ وقت کو پورا کرنا ضروری ہے، خواہ آپ کو دیگر بینیفٹس حاصل ہوں، جیسے فوڈ اسٹامپس اور Medicaid، اور ان پروگراموں کے لیے اطلاع دہی کے تقاضے مختلف ہیں۔ **یہ عارضی اعانت کے لیے بہت اہم ہے کیونکہ تبدیلیوں کی اطلاع دینے میں ناکامی سے آپ کی جاری اہلیت متاثر ہوسکتی ہے۔**

آپ کو ایجنسی کو کسی بھی تبدیلی کے بارے میں مطلع کرنا ہوگا جس میں آپ کی ضروریات میں تبدیلی (مثال کے طور پر، آپ کے کرایہ کی ادائیگی کی رقم کم یا زیادہ ہو جاتی ہے)، آمدنی، وسائل، رہائشی انتظامات، رہائش/ پتہ، گھرانے کی جسامت، ملازمت، صحت کی صورتحال، اپنے بچے کے غیر حاضر والدین کے بارے میں نئی معلومات، صحت بیمہ جو آپ یا آپ کے بچے کے لیے دستیاب ہو جاتا ہے، امیگریشن / شہریت کی حیثیت یا حمل شامل ہے لیکن یہ اسی تک محدود نہیں ہے۔ اگر آپ اس بارے میں پُریقین نہیں ہیں کہ آپ کو تبدیلی کی اطلاع دینی چاہیئے، **رپورٹ کریں۔**

اگر آپ صرف فوڈ اسٹامپ بینیفٹس حاصل کر رہے ہیں اور آپ کو یہ نہیں بتایا گیا ہے کہ آپ چھ ماہ میں رپورٹ کرنے والے ہیں تو، آپ کو 10 دن کے اندر رپورٹ کرنا ہوگا:

- آپ کے گھرانے میں کسی کی بھی کسی بھیآمدنی کے ذرائع میں ہونے والی تبدیلیاں۔
- آپ کے گھرانے کی کُل کمائی ہوئی آمدنی میں ہونے والی تبدیلیاں جب وہ مہینے میں $100 سے زیادہ تک اوپر یا نیچے ہو۔
- آپ کی کُل گھریلو بغیر کمائی ہوئی آمدنی میں تبدیلیاں، جب یہ $25 ماہانہ سے زیادہ تک اوپر یا نیچے ہوتی ہو، اگر **عوامی** ماخذ (جیسے سوشل سیکیورٹی بینیفٹس، بے روزگاری انشورنس بینیفٹس (Unemployment Insurance Benefits, UIB) وغیرہ) سے موصول ہوتی ہیں۔
- آپ کی کل گھریلو بغیر کمائی ہوئی آمدنی میں تبدیلیاں، جب یہ ماہانہ $100 سے زیادہ تک اوپر یا نیچے ہوتی ہے، اگر یہ **نجی** ماخذ (جیسے کہ چائلڈ سپورٹ ادائیگیوں، نجی معذوری بیمہ کی ادائیگیوں وغیرہ) سے موصول ہوتی ہیں۔
- فوڈ اسٹامپ گھرانے سے باہر کسی بچے کو عدالت کے حکم پر چائلڈ سپورٹ کی ادائیگی میں $100 یا اس سے زیادہ کی تبدیلیاں۔
- آپ کے گھرانے میں لوگوں کی تعداد میں تبدیلیاں۔
- اگر آپ منتقل ہوتے ہیں تو، آپ کا نیا پتہ۔
- نئی یا مختلف کاریا دوسری گاڑی۔
- آپ کے کرایہ یا رہن کے اخراجات میں تبدیلی۔
- اگر گھرانے کے تمام افراد کی کل نقد رقم اور بچت اب $2,000 یا اس سے زیادہ ہے (اگر گھر کا ایک فرد معذور ہے یا 60 سال یا اس سے زیادہ ہے تو $3,000 یا زیادہ) تو، آپ کے گھر کی نقد رقم، اسٹاکس، بانڈز، بینک یا بچت والے ادارے میں موجود رقم میں اضافہ ہوتا ہے۔

جب بھی آپ کسی تبدیلی کی اطلاع دیں تو، ہمیں دیکھنا چاہیئے کہ اس سے آپ کی اہلیت پر کیا اثر پڑتا ہے۔ بعض اوقات تبدیلی، جیسے کہ بچہ ہونے یا آپ کے کرایہ میں اضافہ،کا مطلب یہ ہوسکتا ہے کہ آپ کو زیادہ رقم یا دوسری مدد ملے گی۔ تاہم، تبدیلی، جیسے کسی کا مستقل طور پر کے گھر سے جانا، نئی ملازمت شروع کرنا یا زیادہ آمدنی حاصل کرنا، اس کا مطلب یہ ہوسکتا ہے کہ آپ کو کم مدد ملے گی۔

اگر آپ کو عارضی اعانت، فوڈ اسٹامپ بینیفٹس یا طبی اعانت حاصل ہو رہی ہے اور آپ کو سہ ماہی رپورٹس جمع کرنے کی ضرورت **نہیں** ہے اور فوڈ اسٹامپ کے چھ ماہ کے رپورٹ کرنے والے نہیں ہیں تو، آپ کو اپنے کارکن کو 10 دن کے اندر تبدیلیوں کے بارے میں بتانا ہوگا اور اپنے کارکن کو تبدیلی کا ثبوت دینا ہوگا (جیسے تنخواہ کی رسید، ایوارڈ لیٹر، مالک مکان کا بیان)۔ اگر آپ تبدیلی کی اطلاع **نہیں** دیتے ہیں، جیسے کہ زیادہ آمدنی اور اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو بہت زیادہ رقم یا دوسری مدد ملتی ہے تو، آپ کو اسے واپس کرنا پڑ سکتا ہے۔ آپ کے خلاف قانونی کارروائی بھی کی جاسکتی ہے۔ اس کے علاوہ، آپ کو ایک مخصوص مدت کے لیے عارضی اعانت یا فوڈ اسٹامپ بینیفٹس حاصل کرنے کے اہل نہیں ہوسکتے ہیں۔

اگر آپ فوڈ اسٹامپ بینیفٹس حاصل کر رہے ہیں اور منحصر افراد کے بغیر تندرست بالغوں (Able Bodied Adults Without Dependents, ABAWDS) کے لیے کام کے تقاضے سے مشروط ہیں تو آپ کو ملازمت یا دیگر کام کی سرگرمیوں میں اپنی ماہانہ شرکت 80 گھنٹے سے کم ہونے پر رپورٹ کرنی چاہیئے۔

ذیل میں تبدیلیوں کی ان قسموں کی مثالیں ہیں جن کی آپ کو 10 دن کے اندر رپورٹ کرنی چاہیئے، تاوقتیکہ آپ فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کے لیے چھ ماہ کے رپورٹ کرنے والے نہ ہوں:

- آپ کو ملازمت ملتی ہے یا آپ ملازمت سے محروم ہوجاتے ہیں یا آپ کے کام کرنے کے گھنٹے میں تبدیلی ہوتی ہے۔
- آپ کے گھرانے میں موجود افراد کی تعداد تبدیلیاں ہوتی ہیں۔ مثال کے طور پر:
  - ایک غیر تحویلی والدین واپس آجاتے ہیں۔
  - کوئی بچہ گھر چھوڑ دیتا ہے یا واپس آجاتا ہے۔
- آپ حاملہ ہیں، یا آپ کو ابھی بچہ ہوا ہے۔

- آپ کی آمدنی یا کام کے اصل اوقات میں تبدیلی ہوئی ہے۔
- آپ دوسری آمدنی حاصل کرنا شروع یا بند کرتے ہیں، جیسے کہ:
  - سوشل سیکیورٹی بینیفٹس یا سپلیمنٹل سیکیورٹی انکم (Supplemental Security Income, SSI)
  - غیر تحویلی والدین یا شریک حیات کی طرف سے چائلڈ سپورٹ، معاوضہ یا کوئی رقم
  - بے روزگاری بیمہ کی مراعات (UIB)
  - پنشن یا ریٹائرمنٹ بینیفٹس
  - کارکن کا معاوضہ یا حادثہ کا تصفیہ
  - رومر، بورڈر یا کسی دوسرے شخص کو گھر یا اپارٹمنٹ کرایہ پر دینے سے آمدنی
  - ٹیکس ریفنڈز
  - کمائی گئی انکم ٹیکس کریڈٹ (Earned Income Tax Credit, EITC) (صرف فوڈ اسٹامپ بینیفٹس)
  - آپ کو کام کرنے یا دوسرے طریقوں سے جو رقم حاصل ہوتی ہے۔
- آپ کے پتہ میں تبدیلی ہوتی ہے، آپ کے کرایے کی رقم میں تبدیلی ہوتی ہے یا آپ کو اپنی رہائش کی ادائیگی کے لیے زیادہ مدد ملنا شروع ہو جاتا ہے، جیسے کہ حکومت کی طرف سے سبسڈی۔
- 18 سال سے کم عمر کا بچہ اسکول چھوڑ دیتا ہے (اگر آپ صرف طبی اعانت کے لیے درخواست دے رہے ہیں تو اس کی ضرورت نہیں ہے)۔
- آپ کے گھر میں موجود 16 سال یا اس سے زیادہ عمر کا بچہ اسکول چھوڑ دیتا ہے (اگر آپ صرف طبی اعانت کے لیے درخواست دے رہے ہیں تو اس کی ضرورت نہیں ہے)۔
- گھر میں موجود بالغ فرد ہسپتال جاتا ہے، بیمار پڑجاتا ہے یا ایسی کیفیت ہوتی ہے کہ جس سے اس کے کام کرنے، ملازمت کی سرگرمی میں حصہ لینے، یا گھر میں بچوں کی دیکھ بھال کرنے کی صلاحیت متاثر ہوتی ہے (طبی اعانت کے لیے درکار نہیں ہے)۔
- آپ کو غیر تحویلی والدین کے بارے میں کوئی نئی معلومات معلوم ہوتی ہے، جیسے کہ والدین کہاں ہیں۔ (جب تک کہ آپ کو کام کرنے والے معذور افراد کے لیے Medicaidبائی-ان پروگرام حاصل نہ ہو)۔
- آپ کی شادی ہوجاتی ہے، علیحدہ ہو جاتے ہیں یا طلاق لے لیتے ہیں۔
- آپ یا خاندان کے دیگر افراد صحت کا بیمہ حاصل کرتے ہیں، خواہ بیمہ کے لیے کوئی اور ادائیگی کرے۔ (اگر آپ صرف فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کے لیے درخواست دے رہے ہیں تو، آپ کو اس کی اطلاع دینے کی ضرورت نہیں ہے)۔
- آپ یا آپ کے ساتھ رہنے والے کسی فرد کو جائیداد حاصل ہوتی ہے۔
- آپ یا آپ کے ساتھ رہنے والے کوئی فرد کوئی بھی جائیداد یا رقم منتقل کرتے ہیں۔
- آپ یا آپ کے ساتھ رہنے والے کسی فرد کو کسی حادثے میں چوٹ لگتی ہے، طبی اعانت کے ذریعہ طبی علاج کی ادائیگی کی جاتی ہے اور حادثے کا سبب بننے والے فرد کے خلاف قانونی کارروائی کررہے ہیں۔
- کوئی بچہ مسلسل 45 یا زیادہ دنوں یا طبی اعانت کے لیے 30 دنوں کے لیے گھر سے باہر ہوگا۔

**یکمشت ادائیگی کی اطلاع دینے کا تقاضہ**

یکمشت ادائیگی ایک بار کی جانے والی ادائیگی ہے، جیسے کہ بیمہ کا تصفیہ، جمع شدہ رجعی ماہانہ بینیفٹ، کوئی وراثت یا جوا جیتنا جو آپ کی دیگر قابل شمار ماہانہ آمدنی کے ساتھ ملانے پر، آپ کی ماہانہ عارضی اعانت کی ضروریات(جیسے کہ آمدنی کی گنتی سے پہلے عارضی اعانت کی گرانٹ) سے زیادہ ہے۔ جب ایک بار والی ادائیگی چھوٹی ہو، یعنی اسے آپ کی دوسری قابل شمار ماہانہ آمدنی کے ساتھ ملائے جانے پر، یہ آپ کی ماہانہ عارضی اعانت کی ضروریات سے کم ہو (یہ آمدنی سے شمار سے پہلے عارضی اعانت کی گرانٹ ہے) تو، اسے یکمشت نہیں سمجھا جاتاہے؛ اسے آمدنی سمجھا جاتا ہے۔ اگر آپ یا آپ کے گھر کے کسی رکن کو یکمشت ادائیگی، ایک بار والی آمدنی کی ادائیگی حاصل ہوتی ہے یا حاصل ہونے کی توقع ہے تو آپ کو اپنے کارکن کو **فوری طور پر** بتانے کی ضرورت ہے۔ اگر آپ کو یکمشت ادائیگی موصول ہوتی ہے اور آپ کو عارضی اعانت حاصل ہو رہی ہے تو آپ کی گرانٹ ذیل کے مطابق متاثر ہو سکتی ہے:

1) اگر آپ کو یکمشت ادائیگی حاصل ہوتی ہے تو، آپ کو یکمشت رقم کا وہ حصہ رکھنے کی اجازت ہوسکتی ہے، جو آپ کے قابل شمار وسائل کے ساتھ مل کر وسائل کی حد سے زیادہ نہیں ہوتا ہے۔ یہ علاحدہ کردہ وسیلہ کہلاتا ہے۔ وسائل کی حد کسی شخص یا خاندان کے لیے $2,000 یا فرد کے لیے $3,000 ہے، یا خاندان میں 60 سال یا اس سے زیادہ عمر رکن ہیں۔
2) اگر بقیہ رقم (جو وسائل کی سطح سے زیادہ ہے) **آپ کی ماہانہ عارضی** اعانت کی ضروریات سے کم ہے (یہ آمدنی کی گنتی سے پہلے TA گرانٹ ہے) تو، یہ یکمشت ادائیگی کا بقیہ حصہ ہے اور جس مہینے میں آپ اسے حاصل کرتے ہیں اس کی آمدنی کے طور پر شمار کیا جائے گا. ذیل میں موجود **استثنآت** کو ضرور دیکھیں۔
3) اگر بقیہ رقم آپ کی ماہانہ عارضی اعانت کی ضروریات ہیں **سے زیادہ ہے** تو، آپ کو مندرجہ ذیل میں سے ایک اختیارات چننے ہوں گے:

<u>اختیار 1</u>

- سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کو یکمشت ادائیگی **لوٹا دیں** تاکہ ماضی میں آپ کو جو رقم ملی ہے اس کی واپس ادائیگی ہوجائے۔
- اگر یکمشت ادائیگی تعاون کی اس مقدار سے کم ہے جو ماضی میں آپ کو ادا کی گئی تھی تو، آپ کا کیس کھلا رہ سکتا ہے۔
- اگر یکمشت ادائیگی اعانت کی اس مقدار سے زیادہ ہے جو ماضی میں آپ کو ادا کی گئی تھی تو، ذیل کے **"برقرار رکھیں"** سیکشن کے اصولوں کا اطلاق ہوگا۔

اختیار 2

یکمشت ادائیگی کو یا یکمشت ادائیگی کے بیلنس کو **برقرار رکھیں**۔ اس کے بعد آپ کے عارضی اعانت کیس کو ایک خاص وقت کے لیے بند کر دیا جائے گا۔ آپ کا کیس جتنی مدت کے لیے بند رہے گا اس کی طوالت اس امر پر منحصر ہوگی کہ یکمشت ادائیگی کتنی ہے اور آپ کے عارضی اعانت کی ضروریات کتنی ہیں۔

**مثال:** اگر آپ کو ایک یکمشت $4,750 ملتے ہیں، اور کل $5,000 میں $250 کی آمدنی تھی اور آپ کے پاس قابل گنتی وسائل میں $500 ہیں تو، آپ $1,500 ($2,000 وسائل کی حد-$500 وسائل میں) رکھ سکتے ہیں۔ یہ علاحدہ کردہ وسیلے کی حد ہے۔ اگر آپ باقی بچے ($3,500) ایجنسی کو واپس نہیں لوٹاتے ہیں تو، اس کا استعمال کرکے یہ پتہ لگایاجائے گا کہ آپ کو کتنی مدت تک عارضی اعانت مل سکتی ہے۔ اگر آپ کی ماہانہ عارضی اعانت کی ضروریات $500 ہیں تو، آپ کے گھرانے کو 7 مہینے تک عارضی اعانت نہیں مل سکتی ہے ($3,500 ضرب $500 کی ضروریات = 7 مہینے)۔

ذیل میں موجود استثنآت کو ضرور دیکھیں۔

**نوٹ:** اگر آپ چائلڈ کیئر بینیفٹس حاصل کر رہے ہیں تو، کچھ یکمشت ادائیگیاں آپ کی نگہداشت طفل کی اہلیت یا آپ کی چائلڈ کیئر بینیفٹس کی رقم پر اثر انداز ہوں گی۔ آپ کو اپنے کارکن کو کسی بھی یکمشت ادائیگیوں کے بارے میں فوری طور پر بتانا چاہیئے۔

**استثنآت**

آپ اور کوئی بھی شخص جو اس مہینے کے دوران آپ کے کیس میں ہے جس میں آپ کو یکمشت رقم ملی ہے وہ ایک خاص وقت کے لیے عارضی اعانت حاصل نہیں کر سکیں گے، خواہ یکمشت ادائیگی خرچ ہوگئی ہو، **تاوقتیکہ** مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک اس وقت کو مختصر نہ کردے:

- یکمشت رقم کی وصولی کے نوے دن کے اندر، آپ ہمیں دستاویز بھیجتے ہیں کہ آپ نے درج ذیل مستثنیٰ وسائل کے لیے تھوڑی یا تمام یکمشت رقم استعمال کی ہے:
  - آٹوموبائل خریدنے میں جو عارضی اعانت کے وسائل کی حد سے مستثنیٰ ہو اور ملازمت حاصل کرنے یا برقرار رکھنے یا کام کی سرگرمیوں کے سلسلے میں سفر کرنے کے لیے ضروری ہو (زیادہ سے زیادہ رقم $9,300 یا اس سے زیادہ اگر سوشل سروسز کے مقامی محکمے کے ذریعہ مقرر کی گئی ہو)؛
  - ایک علیحدہ بینک اکاؤنٹ یا بینک اکاؤنٹس کھولنا جو عارضی اعانت کے وسائل کی حد سے مستثنیٰ ہوں جیسے کہ ملازمت حاصل کرنے یا برقرار رکھنے کے لیے آٹوموبائل خریدنے کے مقصد سے پہلا یا متبادل آٹوموبائل اکاؤنٹ (زیادہ سے زیادہ رقم $4,650)، یا دو سالہ مابعد ثانوی تعلیمی ادارے میں ٹیوشن کی ادائیگی کے مقصد سے کالج ٹیوشن اکاؤنٹ (زیادہ سے زیادہ رقم $1,400)؛
  - تدفین کا پلاٹ خریدنے کے لیے جو عارضی اعانت کے وسائل کی حد سے مستثنیٰ ہو؛ یا
  - ایک مصدقہ جنازہ معاہدہ خریدنے کے لیے (زیادہ سے زیادہ رقم $1,500) جو عارضی اعانت کے وسائل کی حد سے مستثنیٰ ہو۔

اگروصولیابی سے 90 دنوں کے اندر باقی بچی یکمشت رقم کو استعمال کرتے ہیں اور ہمیں دستاویز بھیجتے ہیں کہ یکمشت رقم ان مستثنی وسائل میں سے ایک یا زائد میں خرچ ہوئی ہے تو ہم آپ کا عارضی اعانت کیس واپس اسی تاریخ سے کھول دیں گے جس تاریخ کو یہ بند ہوا تھا بشرطیکہ آپ دوبارہ درخواست دیں اور بصورت دیگر اہل پائے جائیں۔ اگر آپ کے پاس ان مستثنیٰ وسائل پر یکمشت رقم استعمال کرنے کے بارے میں سوالات ہیں تو، اپنی رقم کے ساتھ کچھ بھی کرنے سے قبل اپنے کارکن سے بات کریں۔

**نوٹ:** اگر سوشل سروسز کا مقامی محکمہ یہ تعین کرتا ہے کہ آپ نے ان مستثنیٰ وسائل میں سے کسی کو بھی ان مقاصد کے لیے استعمال نہیں کیا ہے (الگ رکھا ہے) جن کے لیے وہ مقصود تھے (یعنی بعد میں آپ فنڈز بند کردیتے یا ہٹا دیتے ہیں اور ان بینک اکاؤنٹس کو اس مقصد کے لیے استعمال نہیں کرتے ہیں جس کے لیے ان فنڈز کو الگ رکھا جاتا ہے، یا آپ بصورت دیگر تدفین کے پلاٹس یا جنازے کے معاہدوں کو ختم کر دیتے ہیں وغیرہ) سوشل سروسز کے مقامی محکمہ امداد کی زیادہ ادائیگی کا حساب لگا سکتا ہے۔

- کچھ ایسا ہوتا ہے جس سے آپ کی عارضی اعانت بڑھ جائے گی اگر آپ کو اب بھی عارضی اعانت حاصل ہورہی ہے۔ مثال کے طور پر، آپ کا کرایہ بڑھ جاتا ہے یا آپ کو حمل جیسی خصوصی ضرورت درپیش ہے۔
- کچھ یا تمام یکمشت ادائیگی اس وجہ سے استعمال ہوئی تھی کہ آپ مدد نہیں کرسکے کچھ مثالیں یوں ہیں: آپ کے خاندان کو ہنگامی صورتحال کا سامنا ہوا ہے، آپ کے گھریلو اخراجات غیر معمولی طور پر بہت زیادہ ہیں جیسے کہ ایندھن یا پناہ گاہ یا آپ کی رقم چوری ہو گئی ہے۔
- عارضی اعانت کے لیے نااہل ہونے کے دوران، خاندان کا فرد طبی نگہداشت حاصل کرتا ہے اور اس کی ادائیگی کرتا ہے جس کا احاطہ طبی اعانت کے پروگرام کے تحت کیا جائے گا۔

اگر آپ کے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کو پتہ چلتا ہے کہ آپ کے پاس قابل گنتی جائیداد ہے یا آپ کو یکمشت ادائیگی حاصل ہورہی ہے تو، وہ اس جائیداد یا یکمشت ادائیگی کے خلاف قانونی دعوی دائر کرسکتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اس سے پہلے کہ آپ جائیداد یا یکمشت ادائیگی سے کوئی رقم حاصل کریں، آپ کے سوشل سروسز کا مقامی محکمہ آپ، آپ کے شریک حیات اور بچے (بچوں)، بشمول سوتیلے بچوں کو ملنے والی عارضی اعانت کی رقم لے سکتا ہے۔ قانونی دعوی ذاتی چوٹ کے تصفیے اور آپ کے پاس موجود کسی بھی غیرمنقولہ جائیداد پر بھی کیا جاسکتا ہے۔ غیرمنقولہ جائیداد میں آپ کی زیرملکیت گھر اور جس میں آپ رہتے ہیں شامل ہے، ساتھ ہی دوسری غیرمنقولہ جائیداد بھی شامل ہے جس کے آپ مالک ہوسکتے ہیں۔

اگر آپ فوڈ اسٹامپ بینیفٹس حاصل کر رہے ہیں اور آپ کو غیر اعادی -یکمشت رقم ملتی ہے تو، اسے اس مہینے سے شروع ہونے والے وسائل کے طور پر شمار کیا جائے گا جو اسے موصول ہوا تھا اور اسے آمدنی میں شمار نہیں کیا جائے گا۔

اگر آپ طبی اعانت حاصل کر رہے ہیں تو، یکمشت ادائیگی سے آپ کی اہلیت متاثر ہوسکتی ہے۔ آپ کو اپنے کارکن کو آپ کو حاصل ہونے والی کسی بھی یکمشت ادائیگیوں کے بارے میں فوری طور پر بتانا چاہیئے۔

### 6. اپنے عمومی فائدے کے شناختی کارڈ کے سلسلے میں ذمہ داریاں (COMMON BENEFIT IDENTIFICATION CARD, CBIC)

عارضی اعانت نقد یا فوڈ اسٹامپ بینیفٹس تک رسائی کے لیے آپ کو اپنا عمومی فائدے کا شناختی کارڈ (CBIC) اور ذاتی شناختی نمبر (Personal Identification Number ,PIN) کی ضرورت ہوگی۔ جب آپ اپنے بینیفٹس تک رسائی حاصل کریں گے تو آپ کا CBIC اور آپ کا PIN آپ کے دستخط کے طور پر کام کرے گا۔

اپنے اکاؤنٹ بیلنسز پر نظر رکھنا آپ کی ذمہ داری ہے۔ اگر آپ کو شک ہے کہ آپ کے اکاؤنٹس تک آپ کے علم کے بغیر رسائی کی گئی ہے تو، آپ کو اپنی CBIC کو غیر فعال کرنے کے لیے EBT کسٹمر سروس ہاٹ لائن سے رابطہ کرنا چاہیئے۔ ایسا کرنے کے بعد آپ کو متبادل کارڈ حاصل کرنے کے لیے اپنے کارکن سے رابطہ کرنا چاہیئے۔

آپ کو ان نقد اور فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کے لیے ذمہ دار ٹھہرایا جائے گا جو آپ کے CBIC کارڈ اور PIN کا استعمال کرتے ہوئے حاصل کیے جاتے ہیں۔ اگر کوئی دوسرا آپ کے اکاؤنٹ تک رسائی کے لیے آپ کا عمومی فائدے کا شناختی کارڈ (CBIC) اور PIN استعمال کرتا ہے تو، بینیفٹس کا کوئی متبادل جاری نہیں کیا جائے گا خواہ آپ یہ دعوی کریں کہ آپ کو یہ بینیفٹس نہیں ملے ہیں۔

اتنے ذاتی شناختی نمبر(PIN) کو خفیہ رکھنے کی ذمہ داری آپ کی ہے۔ آپ کو کسی کو بھی اپنا PIN **نہیں** بتانا چاہیئے اور اسے اپنے CBIC کارڈ پر **نہیں** لکھنا چاہیئے۔ اپنا PIN نمبر کبھی بھی نہ بتائیں؛ خواہ وہ شخص سوشل سروسز کے مقامی محکمے سے ہونے اور معلومات درکار ہونے کا دعوی کرے۔ سوشل سروسز کے مقامی محکمے سے کسی بھی فرد کو آپ سے کبھی بھی آپ کا PIN نمبر نہیں مانگنا چاہیئے۔

اگر آپ کا عمومی فائدے کا شناختی کارڈ (CBIC) گم ہوگیا ہے، چوری ہو گیا ہے یا خراب ہوگیا ہے تو کسٹمر سروس کو 6399-328-888-1 پر کال کریں۔ اپنا کارڈ تبدیل کروانے کے لیے آپ کو اپنے اہلیت والے کارکن کو کال کرنا ہوگا۔ اپنے کارڈ کے غلط یا بیجا استعمال، جیسے کہ اسے فروخت کرنا، کے نتیجے میں ریاستی اور/ یا وفاقی حکام کے ذریعہ اس کی تفتیش کی جاسکتی ہے۔ دستاویزی خلاف ورزیوں کے نتیجے میں پابندیاں عائد کی جائیں گی جن میں شامل ہیں:

- پروگرام سے نااہلی، اور/یا
- تلافی/ واپس لوٹانے کے ذریعے وصولیابی؛ اور/یا
- استغاثہ

اگر آپ اپنا ذاتی شناختی نمبر (PIN) بھول گئے ہیں تو آپ نیا PIN منتخب کرنے کے لیے کسٹمر سروس کو 6399-328-888-1 پر کال کرسکتے ہیں۔ آپ اپنے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کے دفتر میں ذاتی طور پر نیا PIN منتخب کرسکتے ہیں، یا آپ اپنے کارکن کو کہہ سکتے ہیں کہ وہ الیکٹرانک بینیفٹ ٹرانسفر کے ٹھیکیدار کے ذریعہ ڈاک سے آپ کا نیا PIN بھیجیں۔

طبی اعانت کی سروسز تک رسائی کے لیے آپ کو اپنا CBIC کارڈ بھی دکھانے کی ضرورت ہوگی۔ فیملی ہیلتھ پلس سروسز تک رسائی کے لیے، آپ کے ذریعہ منتخب کردہ ہیلتھ پلان کے ذریعہ آپ کو بھیجے گئے کارڈ کا استعمال کریں۔

### 7. اپنے فوڈ اسٹامپ بینیفٹس تک رسائی کی ذمہ داریاں

**اگر آپ الیکٹرانک بینیفٹ ٹرانسفر (EBT) کے ساتھ فوڈ اسٹامپ بینیفٹس حاصل کر رہے ہیں تو:**

اگر آپ کو فوڈ اسٹامپ بینیفٹس حاصل کرنے کی منظوری دی جاتی ہے تو، آپ کے بینیفٹس ہر ماہ اسی تاریخ کو آپ کے الیکٹرانک بینیفٹ ٹرانسفر (EBT) فوڈ اسٹامپ بینیفٹس اکاؤنٹ میں جاری کیے جائیں گے۔ اگر آپ لگاتار 365 دنوں تک اپنا EBT فوڈ اسٹامپ بینیفٹس اکاؤنٹ استعمال نہیں کرتے ہیں تو، یہ اخراج والی حیثیت میں آجائے گا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی بھی فوڈ اسٹامپ بینیفٹس جو کم سے کم 365 دنوں سے آپ کے اکاؤنٹ میں دستیاب ہیں انہیں خارج کر(ہٹا) دیا جائے گا۔ خارج کردہ فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کو بدلا نہیں جاسکتا۔

### 8. اپنے بینیفٹ کی فاضل ادائیگیوں کو واپس ادا کرنے کی ذمہ داری

**عارضی اعانت کے لیے:**

اگر آپ کو اس سے زیادہ عارضی اعانت حاصل ہوتا ہے جتنا آپ کو ہونا چاہیئے (فاضل ادائیگی) تو آپ کو اسے واپس ادا کرنا ضروری ہے۔ اگر آپ کا کیس فعال ہو تو ہم فاضل ادائیگی کی رقم آئندہ آپ کو ملنے والے عارضی اعانت کے بینیفٹس سے واپس لے لیں گے۔ اگر آپ کا عارضی اعانت کا کیس بند ہے تو، سوشل سروسز کا مقامی محکمہ آپ سے واجب الادا رقم کی واپس ادائیگی کے بارے میں رابطہ کرے گا۔

**طبی اعانت کے لیے:**

آپ کو حاصل ہونے والی خدمات کے لیے کی گئی کوئی بھی طبی اعانت کی ادائیگیاں یا آپ کی جانب سے اس مدت کے لیے ادا کردہ پریمیم جب آپ طبی اعانت کے اہل نہیں تھے انہیں واپس ادا کرنا پڑ سکتا ہے۔ سوشل سروسز کا مقامی محکمہ آپ سے واجب الادا رقم کی واپس ادائیگی کے بارے میں رابطہ کرے گا۔

**فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کے لیے:**

اگر آپ کو اس سے زیادہ فوڈ اسٹامپ بینیفٹس حاصل ہوتے ہیں جتنا آپ کو ہونا چاہیئے (فاضل ادائیگی) تو آپ کو اسے واپس ادا کرنا ضروری ہے۔ اگر آپ کا کیس فعال ہے تو، ہم فاضل ادائیگی کی رقم آئندہ آپ کو ملنے والے فوڈ اسٹامپ بینیفٹس سے واپس لے لیں گے۔ اگر آپ کا کیس بند ہو گیا ہو تو آپ اپنے کھاتے میں باقی بچے فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کے غیر استعمال شدہ بینیفٹس کے ذریعے واپس ادائیگی کر سکتے ہیں، یا آپ نقد بھی ادا کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کو فاضل ادائیگی ہوئی ہے جسے واپس ادا نہیں کیا گیا ہے تو، اس کو وصولی کے لیے متعدد طریقے سے بھیجا جائے گا جس میں وفاقی حکومت کے ذریعہ خودکار وصولی شامل ہے۔ وفاقی بینیفٹس (جیسے کہ سوشل سیکیورٹی) اور جو ٹیکس ریفنڈز آپ پانے کے حقدار ہیں انہیں فاضل ادائیگی کی واپسی ادائیگی کے لیے لے لیا جائے گا۔ قرضہ کارروائی کے چارجز کا بھی مستوجب ہوگا۔

آپ کی فاضل ادائیگی کے لیے کسی بھی قلمزد کردہ فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کو رکھ لیا جائے گا۔ اگر آپ فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کے لیے دوبارہ درخواست دیتے ہیں اور آپ نے اپنے اوپر بقایا رقم ادا نہیں کی ہے تو، فوڈ اسٹامپ بینیفٹس آپ کو دوبارہ ملنا شروع ہو جانے پر انہیں کم کر دیا جائے گا۔ اس وقت، کم کرنے کے بعد جو بینیفٹس آپ کو ملیں گے اس کی مقدار سے آپ کو مطلع کر دیا جائے گا۔

<u>**نگہداشت طفل بینیفٹس کے لیے:**</u>

اگر آپ کو جو چائلڈ کیئر بینیفٹس ملنے چاہیئں اس سے زیادہ ملتے ہیں تو آپ انہیں ہر صورت واپس لوٹا دینا چاہیئے۔ اگر آپ کا کیس فعال ہے، تو بچوں کے اخراجات میں آپ کے والدین والے حصے میں اضافہ ہوسکتا ہے یا آپ کے چائلڈ کیئر بینیفٹس کی مقدار کو اس وقت تک کم کیا جاسکتا ہے جب تک کہ آپ پر واجب الادا رقم واپس ادا نہ کردی جائے۔ اگر آپ کا کیس بند ہے تو، آپ کو اب بھی اپنی واجب الادا رقم واپس ادا کرنی ہوگی یا دوبارہ درخواست دینے پر آپ اہل نہیں ہوں گے۔

## 9. ملازمتی ذمہ داریاں

<u>**عارضی اعانت کے لیے:**</u>

عارضی اعانت کے درخواست دہندہ یا وصول کنندہ کے طور پر آپ کو لازمی طور پر:

- ملازمت کی مسلسل تلاش کریں، خواہ آپ کو ایسا کرنے کے لیے تفویض نہ کیا گیا ہو، اور اس بات کا ثبوت فراہم کرنے کے لیے تیار رہیں کہ آپ ملازمت کی تلاش کررہے ہیں۔ اگر آپ کو ملازمت کی تلاش کے لیے نگہداشت طفل کی ضرورت ہے تو، آپ کو اپنے کارکن کو بتانا ہوگا۔
- دستیاب ہونے پر ملازمت حاصل کریں۔
- کام کرنے کی اپنی صلاحیت کی تشخیص میں شرکت کریں اور کام کی سرگرمی والے اسائنمنٹ میں شرکت کریں۔
- جب تک اس بات کا تعین نہیں کیا جاتا کہ آپ کام کی سرگرمیوں سے مستثنیٰ ہیں، آپ کو سوشل سروسز کے مقامی محکمے کی طرف سے تفویض کردہ کام کی سرگرمیوں میں حصہ لینا چاہیئے۔ آپ کو کام کی سرگرمی کے اسائنمنٹ میں حصہ لینے یا اس بات کی تصدیق کے لیے کہ آپ کو طبی کیفیت لاحق ہے جو آپ کو کام کرنے سے روکتی ہے، طبی معائنہ کرنے یا طبی بیان حاصل کرنے کی بھی ضرورت ہوسکتی ہے۔
- اگر یہ تعین کیا گیا ہے کہ آپ کام کی سرگرمیوں میں شرکت سے مستثنیٰ ہیں تو، آپ کو کام کرنے کی صلاحیت بحال کرنے کے لیے طبی دیکھ بھال یا روزگار کی دیگر خدمات قبول کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ آپ کو سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کے ساتھ کسی میٹنگ میں شرکت کرنے اور یہ تعین کرنے کے لیے ثبوت فراہم کرنے کی بھی ضرورت ہوسکتی ہے کہ آیا آپ بدستور کام کی ضروریات سے مستثنیٰ ہیں یا نہیں۔
- اگر آپ کو گھریلو تشدد کی وجہ سے ملازمت کی سرگرمیوں سے عارضی چھوٹ حاصل ہے تو، آپ کو چھوٹ کی خاطر مسلسل اہلیت کا تعین کرنے کے لیے چھوٹ کی ہر مدت کے اختتام سے پہلے گھریلو تشدد سے متعلق رابطہ کار سے ملنا ہوگا۔

**اگر آپ مذکور بالا فہرست میں شامل تقاضوں کی تعمیل نہیں کرتے ہیں تو، آپ کو یا آپ کے گھرانے کو عارضی اعانت سے انکار کیا جاسکتا ہے یا آپ کے گھرانے کی عارضی اعانت کے بینیفٹس کو کم کیا جاسکتا ہے۔**

آپ کو کام کرنے لائق سمجھا جاتا ہے اور آپ کو کام کی سرگرمیوں میں حصہ لینا چاہیئے تاوقتیکہ آپ کا تعین سوشل سروسز کے مقامی محکمے کے ذریعہ یوں نہ کیا جائے:

1) اس حد تک معذور، بے بس، بیمار یا زخمی ہیں کہ آپ کام کی سرگرمیوں میں مصروف عمل ہونے سے قاصر ہیں؛
2) آپ کی عمر سولہ سال سے کم یا ساٹھ سال سے زائد ہے؛
3) انیس سال سے کم عمر کے ہیں اور کل وقتی طور پر سیکنڈری، پیشہ ورانہ یا تکنیکی اسکول جاتے ہیں؛
4) گھر میں موجود کسی بیمار، بے بس یا معذور رکن کی دیکھ بھال کے کل وقتی طور پر گھر پر رہنے کی ضرورت ہے اور آپ وہ واحد شخص ہیں جو مناسب طور پر اس طرح کی دیکھ بھال کر سکتے ہیں؛
5) حاملہ ہیں اور تیس دنوں کے اندر اندر اپنے بچے کو جنم دینے کی توقع ہے؛
6) بارہ مہینے سے کم عمر کے بچے کی دیکھ بھال کے لیے گھر پر رہنے کی ضرورت ہے۔ یہ چھوٹ بچے کی پیدائش کے تین مہینے سے زیادہ تک نہیں رہے گی تاوقتیکہ سماجی خدمات کا مقامی محکمہ آپ کی زندگی میں زیادہ سے زیادہ بارہ ماہ تک چھوٹ میں توسیع کا عزم نہ کرے؛
7) نگہداشت طفل نہ ہونے کی وجہ سے شرکت نہیں کرپارہے ہیں؛
8) شرکت کرنے سے قاصر ہیں اور گھریلو تشدد کی وجہ سے آپ کو ملازمت کے تقاضوں سے چھوٹ حاصل ہے جو کہ گھریلو تشدد سے متعلق رابطہ کار نے فراہم کی ہے۔

<u>**عارضی اعانتی کام کے اسائنمنٹ کی تعمیل میں ناکامی پر پابندیاں:**</u>

اگر آپ کام کی سرگرمیوں میں شرکت کرنے سے مستثنی نہیں ہیں اور مذکور بالا تقاضوں کی تعمیل نہیں کرتے ہیں تو، آپ کو یا آپ کے گھرانے کو عارضی اعانت سے انکار کیا جاسکتا ہے یا آپ کے گھرانے کی عارضی اعانت کے بینیفٹس کو کم کیا جاسکتا ہے۔ بینیفٹس کم ہونے کی مدت اس بات پر منحصر ہے کہ آیا آپ کے گھرانے میں زیرکفالت بچہ ہے یا نہیں اور آپ اس کی تعمیل کرنے میں کتنی بار ناکام رہے ہیں۔

زیر کفالت بچوں والے گھرانے کے لیے، گھرانے کے گرانٹ میں اس طرح سے کمی کی جائے گی:

- تعمیل کرنے میں پہلی ناکامی – جب تک آپ تعمیل نہیں کرتے ہیں،
- تعمیل کرنے میں دوسری ناکامی – کم از کم تین مہینے اور جب تک آپ اس کی تعمیل نہیں کرتے ہیں،
- تعمیل کرنے کی تیسری ناکامی اور اس کے بعد اس کی ناکامیاں – کم از کم چھ مہینے اور جب تک آپ اس کی تعمیل نہیں کرتے ہیں،

زیر کفالت بچوں کے بغیر گھرانے کے لیے، گھرانے کے گرانٹ میں اس طرح سے کمی کی جائے گی:

- تعمیل کرنے میں پہلی ناکامی – کم از کم 90 دن اور جب تک آپ اس کی تعمیل نہیں کرتے ہیں،
- تعمیل کرنے میں دوسری ناکامی – کم از کم 150 دن اور جب تک آپ اس کی تعمیل نہیں کرتے ہیں،
- تعمیل کرنے کی تیسری اور اس کے بعد اس کی ناکامیاں – کم از کم 180 دن اور جب تک آپ اس کی تعمیل نہیں کرتے ہیں،

اگر سوشل سروسز کے مقامی محکمے کا کوئی عہدیدار یہ تعین کرتا ہے کہ آپ نے اس بارے میں جان بوجھ کر غلط بیانی کی ہے کہ آپ کو ایسے نقص کا سامنا ہے جو کام کی سرگرمیوں میں آپ کے حصہ لینے کی صلاحیت کو محدود کرے گی تو، آپ کی عارضی اعانتی گرانٹ کو ایک مدت کے لیے کم کیا جاسکتا ہے۔ اگر اس وجہ سے آپ پر پابندی عائد کی جاتی ہے تو، یہ پابندی اس وقت تک جاری رہے گی جب تک کہ آپ ملازمت کے تقاضوں کی تعمیل کرنے کے خواہشمند نہ ہوں اور اس بارے میں مزید جان بوجھ کر غلط بیانی نہ کریں کہ آپ کو کسی نقص کا سامنا ہے۔ (اس حقیقت سے کہ طبی شہادت آپ کے نقص کے دعوے کی تائید نہیں کرتے، اس سے بذات خود اس بات کی نشاندہی نہیں ہوتی ہے کہ آپ پر پابندی لگائی جائے گی۔)

**<u>فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کے لیے:</u>**

جب تک آپ فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کے لیے درخواست دہندہ یا وصول کنندہ کے طور پر کام سے متعلق رجسٹریشن کے تقاضوں سے مستثنیٰ نہ ہوں آپ کو لازمی طور پر:

- حقیقی یا ممکنہ ملازمت کے موقع کے لیے ملازمت یا حوالہ قبول کریں؛
- کام کرنے کی صلاحیت تشخیص میں شرکت کریں؛
- اپنی ملازمت کی صورتحال اور کام کے لیے دستیابی کے بارے میں معلومات فراہم کریں؛
- کام سے متعلق سرگرمی کے اسائنمنٹس میں حصہ لیں۔

**اگر آپ مندرجہ بالا فہرست میں شامل تقاضوں کی تعمیل نہیں کرتے ہیں تو، آپ اپنے فوڈ اسٹامپ بینیفٹس سے محروم ہو سکتے ہیں۔**

آپ کو کام کے لیے رجسٹریشن کرنے والا سمجھا جاتا ہے اور کام سے متعلق رجسٹریشن کے تقاضوں کی تعمیل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے تاوقتیکہ آپ کا تعین سماجی خدمات کے عہدیدار کے ذریعہ یوں کیا جائے:

- آپ کی عمر 16 سال سے کم یا 60 سال سے زائد ہو؛
- ذہنی یا جسمانی طور پر اس حد تک معذور، بے بس، بیمار یا زخمی ہیں کہ آپ کام کی سرگرمیوں میں مصروف عمل ہونے سے قاصر ہیں؛
- وفاقی فنڈ یافتہ (Temporary Assistance for Needy Families, TANF) عارضی اعانت کے کام کے تقاضوں کے مستوجب ہیں اور اس کی تعمیل کرتے ہیں؛ اگر آپ کو TANF کے کام کے تجربے کے لیے تفویض کیا جاتا ہے تو، فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کی جانب سے کام کے تقاضہ کے اس استثنیٰ کا اطلاق نہیں ہوتا ہے؛
- آپ چھ سال سے کم عمر کے زیر کفالت بچے کی نگہداشت کے ذمہ دار ہوں۔ اگر آپ TANF کے کام کے تجربے میں شرکت کرتے ہیں تو، فوڈ اسٹامپ کی جانب سے کام کے تقاضہ کے اس استثنیٰ کا اطلاق نہیں ہوتا ہے؛
- آپ معذور فرد کی نگہداشت کے ذمہ دار ہوں؛
- آپ بیروزگاری بیمہ بینیفٹس کے ایسے درخواست دہندہ یا وصول کنندہ ہوں جس کے لیے بے روزگاری کے معاوضہ کی درخواست کی کارروائی کے حصے کے بطور رجسٹر ہونا ضروری ہو؛
- آپ نشہ یا الکحل کے علاج اور باز بحالی پروگرام میں ایک مستقل شرکت کنندہ ہوں اور سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کے اہلکار یہ طے کرے کہ آپ یا تو کام کرنے سے قاصر ہیں یا عملی سرگرمیوں کا اسائنمنٹ ناقابل عمل ہے؛
- طالب علم نے کم از کم نصف وقت کسی تسلیم شدہ اسکول، تربیتی پروگرام یا اعلیٰ تعلیم کے ادارے میں داخلہ لیا ہے؛
- آپ کارروائی کے مشترکہ التزامات کے تحت سپلیمنٹل سیکیورٹی انکم (SSI) اور فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کے درخواست دہندہ ہوں تاوقتیکہ یا تو سپلیمنٹل سیکیورٹی انکم (SSI) کے لیے آپ کے اہل ہونے کا تعین ہو گیا ہو اور اس طرح آپ کام کے لیے رجسٹریشن سے مستثنی ہوں یا سپلیمنٹل سیکیورٹی انکم (SSI) کے لیے آپ کے نا اہل ہونے کا تعین ہو گیا ہو؛ یا
- 16 یا 17 سال کی عمر کے ایسے فرد ہوں جو گھرانے کا سربراہ نہ ہو یا جو کم از کم نصف وقت پر اسکول یا ملازمت کی تربیت کے پروگرام میں حاضر ہورہا ہو۔

**<u>فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کے کام کے اسائنمنٹ کی تعمیل میں ناکامی پر پابندیاں:</u>**

اگر آپ کام کی سرگرمیوں میں شرکت کرنے سے مستثنی نہیں ہیں اور مذکور بالا تقاضوں کی تعمیل نہیں کرتے ہیں تو، آپ اپنے فوڈ اسٹامپ بینیفٹس سے محروم ہوسکتے ہیں۔ اپنے بینیفٹس سے محروم ہونے کے وقت کی طوالت کا انحصار اس بات پر ہے کہ آپ کس بار تعمیل کرنے میں ناکام رہے ہیں۔

- تعمیل کرنے میں پہلی ناکامی – کم از کم دو مہینے اور جب تک آپ اس کی تعمیل نہیں کرتے ہیں
- تین سالوں کی مدت کے اندر تعمیل کرنے میں دوسری ناکامی – کم از کم چار مہینے اور جب تک آپ اس کی تعمیل نہیں کرتے ہیں
- تنی سالوں کی مدت کے اندر تعمیل کرنے میں تیسری اور اس کے بعد کی ناکامیاں – کم از کم چھ مہینے اور جب تک آپ اس کی تعمیل نہیں کرتے ہیں

**فوڈ اسٹامپ بینیفٹس حاصل کرنے والوں کے لیے اضافی ضروریات جو زیر کفالت افراد کے بغیر جسمانی طور پر صحت مند بالغ (ABAWD) ہیں:**

اگر آپ کام کے لیے رجسٹریشن کرنے والے ہیں تو، آپ کو اضافی فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کی اہلیت کے تقاضوں کو پورا کرنے کی بھی ضرورت پڑ سکتی ہے جب تک کہ آپ:

- کی عمر 18 سال سے کم یا 50 سال یا اس سے زائد نہ ہو؛
- حاملہ ہیں؛
- کوئی ایسے بالغ (بشمول والدین) ہین جو فوڈ اسٹامپ والے ایسے گھرانے میں نہ رہتے ہیں جہاں کسی رکن کی عمر 18 سال سے کم ہے۔
- جسمانی یا ذہنی رکاوٹ کی وجہ سے فی ماہ کم از کم 80 گھنٹے کام کرنے سے قاصر ہیں۔

اگر آپ کام کے لیے رجسٹریشن کرنے والے ہیں اور مندرجہ بالا تین وجوہات میں سے کسی ایک کی بنیاد پر مستثنیٰ نہیں ہیں تو، آپ ہر 36 ماہ میں صرف تین ماہ کے لیے ہی فوڈ اسٹامپ بینیفٹس حاصل کرنے کے اہل ہوں گے جب تک کہ آپ:

– مہینے میں کم از کم 80 گھنٹے کام نہ کررہے ہوں؛ یا
– سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کی جانب سے ماہانہ کم از کم 80 گھنٹے کے لیے منظور شدہ ورک پروگرام میں شرکت نہ کررہے ہوں؛ یا
– کام کے تجربے کے اسائنمنٹ کی مکمل تعمیل نہ کرتے ہوں۔

اگر آپ تین ماہ کی حد سے پرے فوڈ اسٹامپ بینیفٹس حاصل کرنا جاری رکھنا چاہتے ہیں تو، آپ کے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کو اہل قرار دینے والے کام تربیت کا موقع آپ کو دستیاب کرانا ہوگا۔ کام یا تربیت کے کون سے مواقع دستیاب ہیں اس پر بات چیت کرنے کے لیے اپنے کارکن سے رابطہ کریں۔

اگر آپ فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کے لیے اس لیے اپنی اہلیت سے محروم ہوجاتے ہیں کہ آپ نے مندرجہ بالا تقاضے کو تین یا اس سے زیادہ مہینوں تک پورا نہیں کیا ہے جس کے دوران آپ نے فوڈ اسٹامپ بینیفٹس حاصل کیے ہیں تو، آپ کو فوڈ اسٹامپ بینیفٹس دوبارہ حاصل ہونا شروع ہو سکتے ہیں، اگر بصورت دیگر اہل ہونے پر، آپ کے 30 دن کی مدت کے تقاضے کو پورا کرلینے یا یہ ظاہر کرنے کے بعد کہ آپ فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کے لیے اپنی درخواست کے بعد 30 دن کے اندر ایسا کریں گے۔ اس کے بعد آپ کو فوڈ اسٹامپ بینیفٹس حاصل کرنا جاری رکھنے کے لیے کام کو جاری رکھنا یا کام کے پروگرام میں شرکت کرنا ہوگا۔

آپ کے کسی پروگرام میں کام کرنے یا شرکت کرنے کے ذریعے فوڈ اسٹامپ بینیفٹس کے لیے اپنی اہلیت کو دوبارہ قائم کرنے کے بعد، اگر آپ اپنی ملازمت کھو دیتے ہیں یا اپنے تفویض کردہ پروگرام میں حصہ لینے سے قاصر ہیں تو، آپ کام کے پروگرام میں کام یا شرکت کیے بغیر اسی 36 مہینے کی مدت میں اضافی تین مہینے تک فوڈ اسٹامپ بینیفٹس حاصل کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں۔

**طبی اعانت کے لیے:**

طبی اعانت کے لیے ملازمت کی کوئی تقاضے نہیں ہیں۔ تاہم معذور افراد کے لیے Medicaidبائی-ان پروگرام کے اہل ہونے کے واسطے، فرد کے لیے کام میں مصروف عمل ہونا ضروری ہے۔

## .10 نگہداشت طفل سے متعلق حقوق

نگہداشت طفل فراہم کنندہ کو **تلاش اور منتخب کرنے** کی ذمہ داری آپ کی ہے۔ آپ کو نگہداشت طفل کی خدمات کی لاگت کے کسی بھی خاندانی حصہ کی فوری طور پر ادائیگی کرنی ہوگی۔

**عارضی اعانت وصول کنندگان کے لیے:**

اگر آپ کو کام کی سرگرمیوں میں شرکت کرنے کے لیے نگہداشت طفل کی ضرورت ہے اور آپ نگہداشت طفل فراہم کنندہ کو تلاش کرنے سے قاصر ہیں تو، آپ کو لازمی طور پر:

- اپنے کارکن کو بتائیں کہ آپ نے فراہم کنندہ تلاش کرنے کے لیے کیا کیا ہے اور فراہم کنندہ تلاش کرنے میں مدد طلب کریں۔
- آپ کے کارکن یا دیگر پروگراموں کی جانب سے دیئے گئے تمام حوالہ جات پر پیروی کریں جو آپ کو فراہم کنندہ تلاش کرنے میں مدد کر رہے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ کو ان سبھی فراہم کنندہ سے رابطہ کرنا یا ملنا چاہیئے جن کا آپ کو حوالہ دیا گیا ہے جب تک آپ ایسا فراہم کنندہ کا انتخاب کرنے کے اہل نہ ہو جائیں جو مناسب، قابل رسائی، موزوں اور حسب مقدور ہو۔
- اگر آپ نے ان تمام فراہم کنندگان سے رابطہ کیا ہے جن کا آپ کو حوالہ دیا گیا تھا اور اب بھی ان فراہم کنندگان میں سے کسی کا انتخاب نہیں کرپاتے ہیں تو، آپ کو تحریری طور پر اپنے کارکن کو بتانا ہوگا کہ آپ نے کن فراہم کنندگان سے رابطہ کیا ہے اور آپ نے ان فراہم کنندگان میں سے کسی کا بھی انتخاب کب اور کیوں نہیں کیا۔ آپ وجوہات میں درج ذیل میں سے ایک شامل ہونا چاہیئے:
-
    - فراہم کنندہ درکار دنوں یا اوقات میں دستیاب نہیں تھا یا آپ کے بچے کی خصوصی ضروریات کا خیال نہیں رکھ سکا۔
    - آپ کار یا عوامی نقل و حمل کے ذریعے فراہم کنندہ تک پہنچنے سے قاصر تھے۔
    - فراہم کنندہ آپ کے گھر یا کام کی سرگرمی سے "معقول فاصلے" کے اندر موجود نہیں تھا۔ سوشل سروسز کے ہر مقامی محکمے کا "معقول فاصلے" کا مختلف مطلب ہوتا ہے۔ سوشل سروسز کا مقامی محکمے کو آپ کو بتانا چاہیئے کہ آپ کے ضلع میں معقول فاصلے کا کیا مطلب ہے۔
    - وہ دوست، رشتہ دار یا پڑوسی جن پر آپ نے غور کیا ہے یا جن سے رابطہ کیا وہ غیر موزوں تھے۔
- اگر آپ یہ ظاہر کرتے ہیں کہ آپ فراہم کنندہ کا پتہ لگانے میں ناکام ہیں تو، آپ کے کارکن کو آپ کو دو فراہم کنندگان کا انتخاب پیش کرنا ہوگا۔ ان میں سے کم از کم ایک انتخاب نگہداشت طفل فراہم کنندہ ہونا چاہیئے جو نیویارک ریاست یا نیویارک شہر کے محکمہ صحت اور ذہنی حفظان صحت کے ساتھ لائسنس یافتہ یا رجسٹرڈ ہو۔ آپ کو ان فراہم کنندگان میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا چاہیئے یا یہ ظاہر کرنا چاہیئے کہ وہ مناسب، قابل رسائی، حسب استطاعت یا موزوں کیوں نہیں ہیں۔

- آپ کو نگہداشت طفل فراہم کنندہ کی تلاش جاری رکھنی چاہیئے اور اپنے کام کی سرگرمی سے دستبرداری کے دوران تمام حوالہ جات کی پیروی کرنی چاہیئے۔
- اگر آپ یہ ظاہر نہیں کر سکتے کہ آپ فراہم کنندہ کا پتہ لگانے میں ناکام تھے اور آپ کو پیشکش کردہ فراہم کنندگان کے دو انتخابات مناسب، قابل رسائی، حسب استطاعت یا موزوں نہیں ہیں تو، آپ کے اپنے کام سے متعلق سرگرمی میں حصہ لینے میں ناکام رہنے پر آپ کی عارضی اعانت نقد گرانٹ گھٹ جائے گی۔

## 11. بچے اور شریک حیات کے تعاون سے متعلق ذمہ داریاں

نگہداشت طفل حاصل کرنے والے عارضی اعانت کے درخواست دہندہ یا وصول کنندہ کے طور پر، آپ کو اپنے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کے ساتھ ولدیت متعین کرنے اور ذیل کی طرح مدد اکٹھا کرنے میں تعاون کرنا چاہیئے:

### سپورٹ کلیکشن – عارضی اعانت

جب آپ عارضی اعانت کے لیے درخواست پر دستخط کرتے ہیں اور جب تک آپ عارضی اعانت حاصل کرتے ہیں، آپ اپنے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کو اپنے اوپر کسی ایسے فرد کے اوپر واجب الادا کسی بھی امدادی ادائیگیاں حاصل کرنے کے کا اپنا حق دے دیتے ہیں جس کے لیے آپ عارضی اعانت کے لیے درخواست دے رہے ہیں یا حاصل کررہے ہیں۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ جب تک آپ عارضی اعانت حاصل کرتے ہیں، سوشل سروسز کے مقامی محکمے کے پاس موجودہ تعاون اور ماضی کے بقایہ تعاون کو حاصل کرنے کا حق حاصل ہے **(بقایا جات)**۔

اگر آپ کو تعاون یا ولدیت کے فرمان کے بغیر براہ راست تعاون کی ادائیگی کی جارہی ہے تو، آپ کو اس رقم کی اطلاع اپنے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کو دینی ہوگی۔

کیے گئے کسی بھی کلیکشنز کو آپ اور آپ کے بچوں کو فراہم کی جانے والی اعانت کے لیے سوشل سروسز کے مقامی محکمے کو بازادائیگی کی خاطر استعمال کیا جائے گا، سوائے "پاس-تھرو" ادائیگی یا اضافی اعانت کی ادائیگیوں کے۔ **("آپ کے حقوق" سیکشن 10، پاس-تھرو اور زائد تعاون کی ادائیگیوں میں تعاون – عارضی اعانت سے متعلق حقوق" دیکھیں۔)**

یہاں تک کہ آپ کی عارضی اعانت کے کیس کے ہونے کے بعد بھی، آپ کے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کو بعض اوقات سابقہ واجب تعاون **(بقایہ جات)** کا بھی حق ہوگا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کا سوشل سروسز کا مقامی محکمہ ان ادائیگیوں کو اکٹھا کرنے کے لیے قانونی کارروائی کرے گا۔

**عارضی اعانت** کے درخواست دہندہ یا وصول کنندہ کی حیثیت سے، آپ کو اپنے سوشل سروسز کے مقامی محکمے کے چائلڈ سپورٹ انفورسمنٹ یونٹ کے ساتھ تعاون کرنا چاہیئے **تاوقتیکہ** آپ کے پاس ایسا نہ کرنے کی کوئی اچھی وجہ ہو۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کے پاس تعاون نہ کرنے کی ایک اچھی وجہ ہے **("معقول وجہ کے دعوے")** تو، آپ کو اپنے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کو بتانا ہوگا۔

آپ کی سوشل سروسز کا مقامی محکمہ آپ کی **"معقول وجہ والے دعوے"** کی اجازت دے گا اگر:

- چائلڈ سپورٹ انفورسمنٹ یونٹ کے ساتھ آپ کے تعاون سے آپ کو یا آپ کے بچوں کو جسمانی یا جذباتی نقصان پہنچنے کا امکان ہے؛
- آپ کا بچہ محرمات سے مباشرت یا عصمت دری کی وجہ سے ہوئے حمل کی وجہ سے ہوا ہے؛
- آپ اپنے بچے کو گود لینے کے لیے ایک گود لینے والی مجاز ایجنسی کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔

آپ سے کہا جائے گا کہ آپ اپنے/ اپنی سابقہ شریک حیات، یا بچے کے والدین کے بارے میں زیادہ سے زیادہ معلومات اور/یا دستاویزات دیں، جیسے اس فرد کا سوشل سیکیورٹی نمبر، تاریخ پیدائش، پتہ، آجر کا نام اور پتہ اور پیٹرنٹی یا سپورٹ اقدامات سے متعلق کوئی عدالتی معلومات۔ اس معلومات کو استعمال کیا جائے گا:

- شادی کے بندھن کے بغیر پیدا ہونے والے ہر بچے کی ولدیت کے تعین میں؛
- ہر بچے کی غیر تحویلی والدین سے چائلڈ سپورٹ حاصل کرنے میں جب تک کہ ہر بچہ 21 سال کا نہ ہو جائے؛
- اپنی اعانت کی ادائیگیوں کو سوشل سروسز کے مقامی محکمے کے سپورٹ کلیکشنز یونٹ کو دینے کا اہتمام کرنے میں۔

آپ کو معلومات یا دستاویزات فراہم کرنے کے لیے حسب ضرورت چائلڈ سپورٹ آفس میں اور کسی بھی عدالتی کارروائی میں حاضر ہونے کا بھی مطالبہ کیا جائے گا۔ اگر آپ کو یقین ہے کہ ان میں سے کسی بھی تقاضوں کی تعمیل گھریلو تشدد کی وجہ سے آپ کو یا آپ کے بچوں کو خطرے میں ڈال دے گی، تو آپ اس ضرورت سے عارضی چھوٹ کے اہل ہو سکتے ہیں۔ دستبرداری حاصل کرنے کے لیے، آپ کو گھریلو تشدد اسکریننگ فارم کو مکمل کرنا ہوگا یا اپنے کارکن کو مطلع کرنا ہوگا کہ آپ تشخیص کے لیے گھریلو تشدد کے رابطہ کار سے ملنا چاہتے ہیں۔

اگر آپ چائلڈ سپورٹ انفورسمنٹ یونٹ کے ساتھ تعاون نہیں کرتے تو "معقول وجہ کے دعوے" کی عدم موجودگی میں، عدم تعمیل کے ہر واقعے کے لیے آپ کی عارضی اعانت کی گرانٹ میں 25% کمی کی جائے گی اور آپ کے بچوں کے لیے کسی بھی عارضی اعانت کسی دوسرے شخص کو ادا کی جاسکتی ہے، جسے **"حفاظتی وصول کنندہ"** کہا جاتا ہے۔

اگر آپ اپنے "معقول وجہ کے دعوے" کے حوالے سے اپنے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کی کسی بھی کارروائی سے متفق نہیں ہیں تو، آپ کانفرنس اور منصفانہ سماعت کے لیے کہہ سکتے ہیں **("آپ کے حقوق"، دفعہ 5 "کانفرنسز اور منصفانہ سماعتیں" ملاحظہ کریں۔)**

### چائلڈ سپورٹ میں تعاون – کم آمدنی والے نگہداشت طفل کی اعانت کی ضرورت نہیں ہے

نگہداشت طفل کی اعانت حاصل کرنے کے لیے بچوں کے تعاون کی پیروی کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ تاہم، ولدیت متعین کرنے اور بچوں کی مدد کی ذمہ داری ان والدین پر ڈالنا جن کے پاس مالیاتی وسائل موجود ہیں، خاندانی خود کفالت اور معاشی سلامتی کی جانب ایک قدم فراہم کرتا ہے۔ چائلڈ سپورٹ نیویارک ریاست کے تنہا والدین والے گھرانوں کے لیے آمدنی کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ تحویلی والدین کی آمدنی کے بعد، چائلڈ سپورٹ کم آمدنی والے خاندانوں کے لیے آمدنی کا دوسرا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔ غیر حاضر والدین سے اپنے بچے کے لیے چائلڈ سپورٹ آمدنی اور نگہداشت صحت کے بیمہ کے بینیفٹس حاصل کرنا آپ کے خاندان کی فلاح و بہبود کے لئے اہم ہے۔

ہر لوکل سروسز ڈسٹرکٹمیں چائلڈ سپورٹ انفورسمنٹ یونٹ (Child Support Enforcement Unit, CSEU) ہے جو آپ کے بچے کی ولدیت متعین کرنے میں مدد کرے گا۔ CSEU امداد اطفال کے رہنما خطوط پر مبنی امداد کا آرڈر حاصل کرنے کے لیے فیملی کورٹ میں ایک عرضی دائر کرنے میں آپ کی مدد کرے گی۔ چائلڈ سپورٹ آپ کے نگہداشت طفل کے کچھ اخراجات کا احاطہ کر سکتی ہے۔ اس کے علاوہ، CSEU اس بات کو یقینی بنائے گا کہ آپ کو وہ چائلڈ سپورٹ حاصل ہو جس کے آپ حقدار ہیں اور آپ کو فیملی کورٹ میں غیر ادا شدہ مدد حال کرنے کے لیے درخواست جمع کرنے میں مدد کرے گا۔ آپ کے درخواست کرنے پر CSEU آپ کے امداد کے آرڈر کا جائزہ لے گی اور اگر اہل ہوں تو امداد اطفال کی رقم پر گزارے کی لاگت کا ایڈجسٹمنٹ لاگو کرے گی۔

یہ خدمات آپ کے لیے دستیاب ہیں خواہ غیر تحویلی والدین نیویارک ریاست میں یا اس سے باہر رہتے ہوں۔ اگر آپ کسی بھی سال چائلڈ سپورٹ سروسز حاصل کرتے ہیں تو $25 ڈالر سالانہ سروسز فیس وصول کی جائے گی اگر آپ نے کبھی بھی ضرورت مند کنبوں کے لیے عارضی اعانت حاصل نہیں کی ہے اور چائلڈ سپورٹ ہر سال 1 اکتوبر سے شروع ہونے والی 12 ماہ کی مدت کے دوران آپ کے لیے کم از کم $500 ڈالر اکٹھا کرتی ہے۔

### چائلڈ سپورٹ کا حوالہ اور کلیکشن فوسٹر کیئر (رضاعی نگہداشت)

اگر آپ رضاکارانہ طور پر اپنے بچے کو رضاعی نگہداشت میں رکھتے ہیں، یا آپ کے بچے کو ہٹا کر رضاعی نگہداشت میں رکھا گیا ہے اور آپ بچے کے فطری والدین، سوتیلے والدین یا گود لینے والے والدین ہیں تو، آپ کو مقامی سوشل سروسز کے ڈسٹرکٹ کے ساتھ تعاون کرنا چاہیئے تاکہ ضلع یہ تعین کرسکے کہ آیا کوئی ایسی صورتحال موجود ہے جو انہیں آپ کو مقامی سوشل سروسز کے ڈسٹرکٹ کے چائلڈ سپورٹ انفورسمنٹ یونٹ کا حوالہ دنیے سے منع کرے گی۔ اگر ایسی کوئی صورتحال موجود نہیں ہے تو، آپ کو درخواست کردہ معلومات فراہم کرنے میں تعاون کرنا چاہیئے، بشمول فریق ثالث کی صحت کے بیمہ کی معلومات اور اپنے پاس موجود کوئی ضروری دستاویزات فراہم کرنا اور آپ پر قانونی ذمہ داری ہے کہ آپ اپنے بچے کی رضاعی نگہداشت کے اخراجات میں تعاون کریں۔

ایسی صورتحال یا شرائط جو چائلڈ سپورٹ کے حوالے سے منع کرتی ہیں وہ یہ ہیں:

(1) جب موزوں سوشل سروسز کے اہلکار یہ تعین کرتے ہیں کہ اس طرح کے حوالے سے بچے کی صحت، حفاظت یا فلاح و بہبود بری طرح متاثر ہوگی جس کی جانب سے اس طرح کی ادائیگیاں کی جاتی ہیں یا بچے کے گھر کے دیگر افراد یا بچے کی پلیسمنٹ کی مدت کو بری طرح متاثر کرے گی یا رضاعی نگہداشت سے فارغ ہونے پر بچے کی گھر واپس آنے کی صلاحیت کو نقصان پہنچائیں گی؛ یا
(2) جب شادی کے بندھن کے بغیر پیدا ہونے والے بچے کو ایسے بچے کی والدہ اور والد کے ذریعہ حوالگی کو موزوں سوشل سروسز کے اہلکار قبول کرلیتے ہیں تو، بچے کو حوالے کرنے والے والدین کو سوشل سروسز ڈسٹرکٹ کے چائلڈ سپورٹ انفورسمنٹ یونٹ کے پاس نہیں بھیجنا چاہیئے؛ یا
(3) گود نہ لینے والے شریک حیات کے معاملے میں، جب گود نہ لینے والا/ والی شریک حیات علیحدگی کے تحریری معاہدے کے بموجب علیحدہ اور گود لینے والے شریک حیات کے الگ رہ رہا/ رہی ہو یا جب گود نہ لینے والا/ والی شریک حیات گود لینے کی کارروائی شروع کرنے سے پہلے کم از کم تین سال سے گود لینے والے/ والی شریک حیات کے الگ رہ رہا/ رہی ہو۔

### چائلڈ سپورٹ کوآپریشن – طبی اعانت

جب آپ خود کے لیے طبی اعانت حاصل کرنا چاہتے ہیں اور آپ اپنے 21 سال سے کم عمر کے بچے کے لیے بھی درخواست دے رہے ہیں اور بچے کے دوسرے والدین بچے کے ساتھ نہیں رہ رہے ہیں یا بچے کے طبی بلوں میں مدد نہیں کریں گے تو، آپ کو اپنے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کے چائلڈ سپورٹ انفورسمنٹ یونٹ کے ساتھ تعاون کرنا ہوگا۔ اگر آپ حاملہ ہیں، یا یہ آپ کے حمل کے اختتام کے مہینے کے بعد دو ماہ کے اندر ہے یا آپ صرف بچے کے لیے درخواست دے رہے ہیں تو اس کی ضرورت نہیں ہے۔ اپنے بچے کے طبی بلوں کی ادائیگی کے لیے غیر تحویلی والدین سے مدد حاصل کرنے کی کوشش کرنے اور، اگر آپ کا بچہ شادی کے بندھن کے بغیر پیدا ہوا ہے تو، ولدیت کے تعین کے لیے آپ کو چائلڈ سپورٹ انفورسمنٹ یونٹ کے ساتھ تعاون کرنا ہوگا۔

آپ کو صرف طبی تعاون حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔ آپ کو غیر تحویلی والدین سے سوشل سروسز کے مقامی محکمے کو نقد اعانت کے لیے اپنے حقوق حاصل کرنے یا تفویض کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر آپ اپنے بچے کی خاطر طبی اعانت کے لیے درخواست دے رہے ہیں، اگر آپ ولدیت متعین کرنے میں تعاون نہیں کرتے ہیں تو، آپ کے بچے کی اہلیت متاثر نہیں ہوگی۔

آپ کو اپنے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کو طبی بلوں یا صحت کے بیمہ کے لیے رقم اکٹھا کرنے کا اپنا حق سپرد کرنا ہوگا۔ آپ کو خود کے اور اپنے بچوں کے لیے قانونی طور پر ذمہ دار لوگوں سے صحت کے بیمہ اور طبی بلوں کی خاطر رقم حاصل کرنے کے لیے محکمہ کے ساتھ بھی تعاون کرنا چاہیئے۔

طبی اعانت کے درخواست دہندہ یا وصول کنندہ کی حیثیت سے، آپ کو چائلڈ سپورٹ انفورسمنٹ یونٹ کے ساتھ تعاون کرنا چاہیئے **تاوقتیکہ** آپ کے پاس ایسا نہ کرنے کی کوئی معقول وجہ ہو۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کے پاس تعاون نہ کرنے کی معقول وجہ ہے **("معقول وجہ کے دعوے")** تو آپ کو اپنے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کو بتانا ہوگا۔ آپ کی سوشل سروسز کا مقامی محکمہ آپ کی **"معقول وجہ والے دعوے** کی اجازت دے گا اگر:

- چائلڈ سپورٹ انفورسمنٹ یونٹ کے ساتھ آپ کے تعاون سے آپ کو یا آپ کے بچوں کو جسمانی یا جذباتی نقصان پہنچنے کا امکان ہے؛
- آپ کا بچہ محرمات سے مباشرت یا عصمت دری کی وجہ سے ہوئے حمل کی وجہ سے ہوا ہے؛ یا
- آپ اپنے بچے کو گود لینے کے لیے ایک گود لینے والی مجاز ایجنسی کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔

آپ سے بچے کے غیر تحویلی والدین کے بارے میں جتنی ممکن ہو زیادہ سے زیادہ معلومات اور/ یا دستاویزات فراہم کرنے کے لیے کہا جائے گا، جیسے کہ والدین کا سوشل سیکیورٹی نمبر، تاریخ پیدائش، پتہ، آجر کا نام اور پتہ اور ولدیت یا سپورٹ کی کارروائیوں سے متعلق کوئی عدالتی معلومات۔

اس معلومات کو استعمال کیا جائے گا:

- شادی کے بندھن کے بغیر پیدا ہونے والے ہر بچے کی ولدیت کا تعین کرنے میں جس کے لیے آپ درخواست دے رہے ہیں یا طبی اعانت حاصل کر رہے ہیں، جب بچے کی عمر کم از کم دو ماہ ہو؛ یا
- ہر بچے کی غیر تحویلی والدین سے صحت بیمہ اور طبی بلوں کے لیے رقم حاصل کرنے میں تاوقتیکہ ہر بچے کی عمر 21 سال نہ ہوجائے۔

آپ کو معلومات یا دستاویزات فراہم کرنے کے لیے حسب ضرورت چائلڈ سپورٹ آفس میں اور کسی بھی عدالتی کارروائی میں حاضر ہونے کا بھی مطالبہ کیا جائے گا۔

اگر آپ چائلڈ سپورٹ انفورسمنٹ یونٹ کے ساتھ تعاون نہیں کرتے ہیں تو، آپ اپنے لیے طبی اعانت حاصل نہیں کر سکتے، تاوقتیکہ آپ کے پاس تعاون نہ کرنے کی **"معقول وجہ"** نہ ہو، یا آپ حاملہ ہوں، یا یہ اس مہینے کے بعد دو ماہ کے اندر ہے جس میں آپ کا حمل ختم ہوا ہے۔

### چائلڈ سپورٹ کو نظرانداز کرنا – طبی اعانت

عام طور پر، ہر ماہ اکٹھا کی جانے والی موجودہ چائلڈ سپورٹ کے پہلے $50.00 کا شمار اس وقت نہیں کیا جاتا جب سوشل سروسز کا مقامی محکمہ یہ فیصلہ کرتا ہے کہ آیا آپ طبی اعانت حاصل کر سکتے ہیں۔ جب بچہ مصدقہ نابینا یا مصدقہ معذور ہوتا ہے تو، بچے کو غیر حاضر والدین سے ملنے والی کسی بھی معاون ادائیگی کے ایک تہائی کو شمار نہیں کیا جاتا ہے۔

### خود کو سپورٹ کریں

آپ کو غیر حاضر شریک حیات یا جہاں قابل اطلاق ہو، سابق شریک حیات سے طبی اعانت حاصل کرنے میں تعاون کرنے کی ضرورت ہے۔ آپ کو ہمیں یہ بتانا ضروری ہے کہ آیا شریک حیات یا سابق شریک حیات کو، آپ کے طبی بلوں کی ادائیگی میں مدد کرنے یا آپ کو صحت کے بیمہ کا کوریج فراہم کرنے کی ضرورت ہے، یا ہوسکتی ہے۔ آپ کو ایسا تب تک کرنا چاہیئے جب تک کہ آپ حاملہ نہ ہوں، اس مہینے کے بعد دو ماہ کے اندر جس میں آپ کا حمل ختم ہوا ہو، یا آپ نے **"معقول وجہ"** سے تعاون نہ کیا ہو۔

**اگر آپ اپنے "معقول مقصد کے دعوے" کے بارے میں اپنے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کے کسی بھی کارروائی سے متفق نہیں ہیں تو، آپ کانفرنس اور منصفانہ سماعت کا مطالبہ کرسکتے ہیں۔ ("آپ کے حقوق"، دفعہ 5 "کانفرنسز اور منصفانہ سماعتیں" ملاحظہ کریں۔)**

## 12. عارضی اعانت کے لیے الکحل اور منشیات کے بیجا استعمال کی اسکریننگ کے تقاضوں کو مکمل کرنے کی ذمہ داری

تمام بالغ اور گھرانے کے سربراہ درخواست دہندگان اور عارضی اعانت حاصل کرنے والوں کو الکحل پسندی اور منشیات کے بیجا استعمال کی اسکریننگ والا سوالنامہ مکمل کرنا ہوگا۔ سوالنامہ مکمل کرنے کے بعد، آپ کو رسمی تشخیص کے لیے مستند الکحل پسندی اور منشیات کے بیجا استعمال سے متعلق کونسلر (CASAC) کے پاس جانے کی ضرورت ہوسکتی ہے تاکہ یہ تعین کیا جاسکے کہ آپ کو الکحل یا منشیات کے بیجا استعمال کا مسئلہ ہے یا نہیں۔ تشخیص مکمل کرنے کے بعد سوشل سروسز کا مقامی محکمہ اس بات کا تعین کرے گا کہ کون سا علاج، اگر کوئی ہے تو، درکار ہوگا۔ اگر یہ تعین کیا جاتا ہے کہ علاج کے پروگرام کی ضرورت ہے تو، آپ کو علاج کی معلومات کے افشاء کے لیے رضامندی فارم پر دستخط کرنے چاہئیں اور اپنے علاج کی پیش رفت کی تعمیل کو اپنے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ میں دستاویزی شکل دینا ضروری ہے۔

اگر آپ کو یقین ہے کہ الکحل اور منشیات کے بیجا استعمال کی تشخیص یا علاج کی تعمیل آپ کو یا آپ کے بچوں کو گھریلو تشدد کی وجہ سے خطرے میں ڈال دے گی تو، آپ اس ضرورت سے عارضی دستبرداری کے اہل ہو سکتے ہیں۔ دستبرداری حاصل کرنے کے لیے، آپ کو گھریلو تشدد اسکریننگ فارم کو مکمل کرنا ہوگا یا اپنے کارکن کو مطلع کرنا ہوگا کہ آپ تشخیص کے لیے گھریلو تشدد کے رابطہ کار سے ملنا چاہتے ہیں۔

اگر آپ اسکریننگ یا تشخیص کے عمل میں شرکت کرنے میں ناکام رہتے ہیں یا علاج کے پروگرام سے معلومات جاری کرنے کے لیے رضامندی فارم پر دستخط کرنے میں ناکام رہتے ہیں تو، آپ عارضی اعانت کے اہل نہیں ہوں گے اور آپ کے خاندان کی عارضی اعانت کی گرانٹ میں کمی کی جائے گی۔ سیفٹی نیٹ اسسٹنس پروگرام گھرانے کے دوسرے تمام اہل افراد کو بینیفٹس فراہم کرے گا۔

اگر آپ:

- مطلوبہ علاج میں شرکت کرنے یا مکمل کرنے میں ناکام ہوجاتے ہیں؛
- علاج کی تعمیل کو دستاویزی شکل دینے میں ناکام ہوجاتے ہیں؛ یا
- علاج کے پروگرام میں شرکت کرنے میں ناکام ہوجاتے ہیں جسے سوشل سروسز ڈسٹرکٹ آپ کے لیے مناسب تعین کرتا ہے؛

آپ کو عارضی اعانت حاصل کرنے پر پابندی لگائی جاسکتی ہے۔ اس کے علاوہ، اگر آپ مکمل ہونے سے قبل اقامتی معالجاتی پروگرام چھوڑ دیتے ہیں تو، آپ کو کوئی ذاتی ضروریات کا بھتہ (personal needs allowance ,PNA) نہیں ملے گا جو آپ کے علاج کے پروگرام میں ہونے کے دوران جمع ہوا تھا۔

## 13. طبی اعانت کے لیے الکحل اور منشیات کے بیجا استعمال کی اسکریننگ مکمل کرنے کی ذمہ داری

کچھ طبی اعانت کے درخواست دہندگان اور وصول کنندگان کو الکحل اور منشیات کے بیجا استعمال کی اسکریننگ، تشخیص اور علاج کی ضروریات کی تعمیل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ مندرجہ ذیل طبی اعانت کے درخواست دہندگان اور وصول کنندگان کو الکحل اور منشیات کے بیجا استعمال کے ان تقاضوں کی تکمیل کرنی ہوگی: ایک شخص جس کی عمر 21 سے 65 سال کے درمیان ہے اور حاملہ نہیں ہے، تصدیق شدہ نابینا یا تصدیق شدہ معذور ہے؛ حاملہ عورت کا شوہر یا بوائے فرینڈ جس کا گھرانے میں کوئی اور بچہ نہیں ہے؛ سوتیلے والدین جن کا گھرانے میں اپنا کوئی بچہ نہیں ہے جب کہ فطری والدین بھی گھر میں موجود ہوں؛ فرد واحد؛ یا بے اولاد جوڑا۔

فیملی ہیلتھ پلس یا فیملی پلاننگ بینیفٹ پروگرام کے لیے درخواست دینے یا حاصل کرنے والے افراد کو الکحل اور منشیات کے بیجا استعمال کی اسکریننگ میں حصہ لینے کی ضرورت نہیں ہے۔

## 14. طبی اعانت فراہم کنندگان کے استعمال سے متعلق ذمہ داریاں

**اس سے پہلے کہ** آپ طبی نگہداشت حاصل کریں، آپ کو اس بات کو یقینی بنانا ہوگا کہ ڈاکٹر، فارماسسٹ یا کوئی اور شخص جس سے آپ مدد چاہتے ہیں وہ طبی اعانت کے بل کے لیے رضامند ہوں۔ تمام طبی فراہم کنندگان طبی اعانت قبول نہیں کرتے ہیں۔

اگر آپ کو طبی اعانت کے لیے درخواست دینے کے بعد طبی نگہداشت کی ضرورت ہے لیکن عمومی بینیفٹ شناختی کارڈ (CBIC) حاصل کرنے سے پہلے، تب بھی آپ کو اس بات کو یقینی بنانا ہوگا کہ فراہم کنندہ طبی اعانت قبول کرتا ہے۔ اگر آپ کو طبی اعانت کے لیے درخواست دینے کے بعد لیکن CBIC حاصل کرنے سے پہلے بل ادا کرنا ہے تو، ہم صرف اسی صورت میں بل ادا کرسکتے ہیں جب آپ طبی اعانت کے اہل ہیں اور فراہم کنندہ طبی اعانت قبول کرتا ہے۔

جب آپ کو طبی اعانت کے لیے منظوری دی جاتی ہے تو، آپ Medicaid کے زیر انتظام نگہداشت ہیلتھ پلان میں شامل ہونے کے قابل ہو سکتے ہیں۔ کچھ کاؤنٹیز میں، آپ کو منصوبے میں شامل ہونا پڑ سکتا ہے۔ آپ کو اپنے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ سے آپ کے شرکت کرنے یا نہ کرنے اور آپ کے پلان کے انتخاب بارے میں معلومات حاصل ہوں گی۔ اگر آپ کے پاس ایسا ڈاکٹر ہے جسے آپ ملتے رہنا چاہتے ہیں تو، آپ کو یہ دیکھنے کے لیے چیک کرنے کی ضرورت ہے کہ آیا وہ Medicaid کے زیر انتظام نگہداشت ہیلتھ پلان میں ہے جس میں آپ شامل ہیں۔ جب آپ Medicaid کے زیر انتظام نگہداشت ہیلتھ پلان میں شرکت کریں گے تو، آپ کو اپنے پلان کی جانب سے ہیلتھ پلان کا کارڈ ملے گا۔

آپ کو اپنی طبی اعانت کے بینیفٹس تک رسائی کے لیے اپنے CBIC کا استعمال کرنے کی ضرورت ہے۔ یہاں تک کہ اگر آپ Medicaid کے زیر انتظام نگہداشت ہلیتھ پلان میں شامل ہوتے ہیں تب بھی، آپ فارمیسی جیسی کچھ خدمات کے لیے اپنا CBIC کارڈ استعمال کریں گے۔ جب آپ طبی نگہداشت حاصل کرنے کے لیے اس کا استعمال کرتے ہیں تو، اپنے CBIC کو ذمہ دارانہ طریقے سے استعمال کرنا ضروری ہے۔

اگر آپ فیملی ہیلتھ پلس کے اہل ہیں تو، آپ کو اپنی تمام صحت کی نگہداشت اس زیر انتظام نگہداشت کے منصوبے سے حاصل کرنی چاہیئے جو آپ نے منتخب کیا ہے۔ اگر آپ کو فیملی پلاننگ سروسز کے لیے کوئی اور ہیلتھ پلان کارڈ ملتا ہے تو، آپ اس کارڈ کو صرف فیملی پلاننگ کے لیے استعمال کریں گے۔

اگر آپ طبی اعانت کا غلط استعمال کرتے ہیں تو، آپ کو **وصول کنندہ پر پابندی کا پروگرام (Recipient Restriction Program, RRP) میں رکھا جائے گا۔** یہ پروگرام طبی اعانت فراہم کنندگان کی حد کو محدود کرتا ہے جس سے آپ طبی نگہداشت حاصل کرتے ہیں، تاوقتیکہ آپ کو ہنگامی صورتحال درپیش نہ ہو۔ طبی اعانت فراہم کنندہ کوئی ایسا شخص یا فیسیلٹی ہے جو طبی نگہداشت فراہم کرتا ہے۔ طبی اعانت فراہم کنندگان کے انتخاب میں آپ کو پابند کرنے کی کچھ وجوہات یہ ہیں:

- آپ کو اسی مسئلے کے لیے کئی ڈاکٹروں سے نگہداشت حاصل ہورہی ہے۔
- آپ ضرورت سے زیادہ طبی نگہداشت حاصل کر رہے ہیں۔
- آپ تجویز کردہ دوائی ایسے طریقے سے لے رہے ہیں جو آپ کی صحت کے لئے خطرناک ہے۔

اگر آپ **وصول کنندہ پر پابندی کے پروگرام** میں ہیں تو، آپ کوئی مناسب وجہ ہونے پر ہر تین ماہ یا اس سے جلد اپنے واحد طبی اعانت فراہم کنندہ کو تبدیل کرنے کے لیے کہہ سکتے ہیں۔

کچھ اچھی وجوہات یہ ہیں:

- آپ یا آپ کا طبی اعانت فراہم کنندہ کہیں منتقل ہوجاتا ہے اور اپنے فراہم کنندہ تک پہنچنا مشکل ہے۔
- آپ کا طبی اعانت فراہم کنندہ اب مزید طبی اعانت قبول نہیں کرتا ہے۔
- آپ کا طبی اعانت فراہم کنندہ آپ سے نہیں ملنا چاہتا ہے۔

پہلی بار جب آپ طبی اعانت کا غلط استعمال کرتے ہیں تو، آپ کو دو سال کے لیے ایک طبی اعانت فراہم کنندہ تفویض کیا جائے گا۔ اگر دوسری بار غلط استعمال کرتے ہیں تو، آپ کو 3 سال کی نئی مدت کے لیے محدود کر دیا جائے گا۔ اگر آپ پھر بھی طبی اعانت کا غلط استعمال کرتے ہیں تو، آپ کو چھ سال کے لیے محدود کردیا جائے گا۔

## 15. دوبارہ توثیق کرنے کی ذمہ داریاں

وفاقی اور ریاستی ضوابط کا تقاضہ ہے کہ یہ دیکھنے کے لیے آپ کے کیس کا جائزہ لیا جائے کہ آیا آپ کو وہ تمام مدد مل رہی ہے جو آپ کو ملنی چاہیئے۔ اس جائزے کو دوبارہ توثیق کرنے یا تجدید کے نام سے جانا جاتا ہے۔

اس بات کے تعین کے لیے آپ سے بہت سے ایسی ہی سوالات پوچھے جائیں گے کہ آیا آپ کے حالات میں تبدیلی ہوئی ہے۔ اگر آپ کے پاس کوئی سوالات ہیں یا کسی بھی فارمز کو بھرنے میں دشواری کا سامنا ہے تو، مدد طلب کریں۔

اگر آپ اپنے کارکن کو وجہ بتائے بغیر مطلوبہ انٹرویو میں حاضر نہیں ہوتے ہیں تو، آپ کا کیس بند ہوسکتا ہے۔ اس لیے، آپ کو اپنے کارکن کو اس کی وجہ بتانے کو یقینی بنائیں۔ اگر آپ کے پاس کوئی معقول وجہ ہے تو، آپ کا کیس بند نہیں کیا جائے گا۔ ایک معقول وجہ کی ایک مثال انٹرویو کے دن بیمار پڑجانا ہوگا۔ آپ کو مدد حاصل کرتے

رہنے کے لیے دوبارہ توثیق کرنے کی تمام ضروریات کو پورا کرنا ہوگا۔ ان تقاضوں میں سے ایک کے بطور، اگر آپ سے کچھ مخصوص کاغذات یا ثبوت فراہم کرنے کے لیے کہا جاتا ہے تو، آپ کو دس دنوں کے اندر ایسا کرنا چاہیئے، یا آپ کے بینیفٹس کو کم کیا یا روکا جاسکتا ہے۔

آپ کو اپنی طبی اعانت یا چائلڈ کیئر اعانت کی تجدید کے لیے شخصی انٹرویو مکمل کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ صرف طبی اعانت یا چائلڈ کیئر اعانت حاصل کرنے والے افراد کو ڈاک کے ذریعہ تجدید والا پیکیج حاصل ہوگا جن میں تجدید کو مکمل کرنے اور اپنے سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کو واپس کرنے سے متعلق ہدایات ہوں گی۔ اگر آپ فوڈ اسٹامپ بینیفٹس اور طبی اعانت یا فوڈ اسٹامپ بینیفٹس اور چائلڈ کیئر اعانت حاصل کر رہے ہیں تو، آپ کے فوڈ اسٹامپ انٹرویو کو آپ کی Medicaid تجدید یا آپ کی چائلڈ کیئر اعانت کی تجدید کے طور پر بھی کام میں لایا جاسکتا ہے۔

## 16. عارضی اعانت کے لیے درخواست دینے یا حاصل کرنے کے لیے نابالغ والدین کی ذمہ داریاں

اگر آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے اور آپ ایک ایسے والدین ہیں جن کی شادی نہیں ہوئی ہے اور جو بچے کی دیکھ بھال کر رہے ہیں اور بارہ ہفتوں سے کم عمر کے کوئی بچے نہیں ہیں تو، آپ کو ہائی اسکول ڈپلومہ یا اس کے مساوی (اگر آپ نے ہائی اسکول مکمل نہیں کیا ہے) کے لیے کام کرنا چاہیئے، یا اپنے کارکن کی طرف سے منظور شدہ متبادل تعلیمی پروگرام میں حصہ لینا چاہیئے۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ گھریلو تشدد کی وجہ سے نابالغ سے متعلق تعلیمی تقاضوں کی تعمیل آپ کو یا آپ کے بچوں کو خطرے میں ڈال دے گی تو، آپ اس تقاضے سے عارضی دستبرداری کے اہل ہو سکتے ہیں۔ دستبرداری حاصل کرنے کے لیے، آپ کو گھریلو تشدد اسکریننگ فارم کو مکمل کرنا ہوگا یا اپنے کارکن کو مطلع کرنا ہوگا کہ آپ تشخیص کے لیے گھریلو تشدد کے رابطہ کار سے ملنا چاہتے ہیں۔

اگر آپ حاملہ ہیں اور آپ کی عمر 18 سال سے کم یا ایسے والدین ہیں جن کی عمر 18 سال سے کم ہے اور شادی شدہ نہیں ہیں تو، آپ کو والدین، قانونی سرپرست یا کسی دوسرے رشتہ دار کے ساتھ رہنا چاہیئے۔ اگر آپ کا کارکن یہ تعین کرتا ہے ایسا ممکن نہیں ہے یا آپ کے بچے کے بہترین مفاد میں ممکن نہیں ہے تو، سوشل سروسز کا مقامی محکمہ یہ فیصلہ کرے گا کہ آیا آپ کے رہنے کا موجودہ انتظام مناسب ہے۔ اگر ایسا نہیں ہے تو، سوشل سروسز کا مقامی محکمہ دیگر مناسب رہائشی انتظامیات تلاش کرنے میں آپ کی مدد کرے گا۔

ان اصولوں کا اطلاق طبی اعانت پر نہیں ہوتا ہے۔

## 17. اگر آپ بے گھر ہیں تو عارضی رہائش کے لیے آپ کی ذمہ داریاں

اگر آپ کو بے گھری کی وجہ سے عارضی رہائشی اعانت کی ضرورت ہے تو، آپ کے لیے اسے پڑھنا انتہائی اہم ہے!

اگر آپ کچھ اہم اصولوں کی پیروی نہیں کرتے ہیں تو، آپ کو عارضی رہائشی اعانت نہیں مل سکتی ہے۔

بعض اوقات، اگر آپ اصولوں کی پیروی نہ کرنے کی وجہ سے عارضی رہائشی اعانت سے محروم ہوجاتے ہیں تو، اصولوں کی پیروی کرنے پر آپ اس مدد کو فورا دوبارہ حاصل کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں۔

دیگر اوقات میں، اگر آپ عارضی رہائشی اعانت سے محروم ہو جاتے ہیں تو آپ کو ایک مخصوص مدت کے لیے عارضی رہائشی اعانت دوبارہ حاصل نہیں ہوسکتی ہے خواہ آپ اصولوں کی پیروی کرنے پر رضامند ہوں۔ عارضی رہائشی اعانت کے لیے آپ کتنی وقت کی اہلیت کھو سکتے ہیں یہ اس بات پر منحصر ہوگا کہ آپ کس اصول کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔

عارضی رہائشی اعانت کی مدد سے محروم ہونے سے بچنے کے لیے آپ کو جن اصولوں کی پیروی کرنی ہوگی ان میں سے کچھ ذیل میں درج ہیں:

- آپ کو سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کے عملے کو یہ معلوم کرنے میں مدد کرنی چاہیئے کہ آیا آپ ہنگامی رہائشی اعانت کے اہل ہیں۔
- آپ کو سوشل سروسز کے مقامی محکمہ کے عملہ یا سوشل سروسز کے مقامی محکمے کے ذریعہ بحال کردہ فرد سے ملاقات کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے تاکہ آپ کے لیے ایک آزادانہ قیام کا منصوبہ تیار کرنے میں مدد مل سکے۔ اگر آپ کے لیے ایک آزادانہ قیام کا منصوبہ تیار کیا گیا ہے تو، آپ کو منصوبے کی ایک کاپی موصول ہوگی۔ آزادانہ قیام کا منصوبہ آپ کو ان اصول کے بارے میں بتائے گا آپ کو جن کی پیروی کرنی چاہیئے۔
- آپ کو فعال طور پر مستقل رہائش کی تلاش کرنی چاہیئے اور آپ کو غیر معقول طور پر ایسی مستقل رہائش سے انکار نہیں کرنا چاہیئے جس کی پیشکش سوشل سروسز کے مقامی محکمے کے عملے کی طرف سے کی جاتی ہے۔
- آپ کو اس طرح کا رویہ اپنانا چاہیئے جس سے اس عارضی رہائشی سہولت کے باضابطہ آپریشن میں کوئی مداخلت نہ ہو جہاں آپ قیام رہے ہیں۔ آپ کو ایسے کام نہیں کرنے چاہئیں جس سے کسی کی صحت یا تحفظ کو خطرہ لاحق ہو۔

آپ کے لیے یہ جاننا ضروری ہے کہ اگر آپ اصولوں کی پیروی کرنے میں ناکام رہتے ہیں تو، آپ اور آپ کے خاندان ایک مدت کے لیے عارضی رہائشی اعانت کی اہلیت کھو سکتے ہیں!

عارضی اعانت حاصل کرنے کے لیے آپ کو دیگر تمام اہلیت کے تقاضوں کی تعمیل کرنے کی بھی ضرورت ہوگی، جیسے ملازمت کے تقاضوں کی تعمیل کرنا۔ اگر آپ عارضی اعانت کے ان دیگر تقاضوں کی تعمیل کرنے میں ناکام رہتے ہیں، اور آپ کے پاس تعمیل کرنے میں ناکامی کی اچھی وجہ نہیں ہے تو، آپ پر پابندی لگائی جاسکتی ہے، یا آپ عارضی اعانت کے لیے اہلیت کھو سکتے ہیں، جو اس بات پر منحصر ہے کہ آپ کس ضرورت کی پیروی کرنے میں ناکام رہتے ہیں۔ عارضی اعانتی گرانٹ کی اہلیت سے محروم ہونے سے آپ اور آپ کا خاندان عارضی رہائشی اعانت کے لیے نااہل ہوجائے گا۔ پابندی لگنے سے، جس کے نتیجے میں آپ کی گرانٹ میں کمی آئے گی، عارضی رہائش کی ادائیگی کے لیے آپ کی گرانٹ میں کافی رقم نہ ہونے کی صورت میں، عارضی رہائش کا بھی نقصان بھی ہوسکتا ہے۔

**18. سپلیمنٹل سیکیورٹی انکم (SSI) کے لیے درخواست دینے کی ذمہ داری**

اگر آپ کو ایسی طبی کیفیت لاحق ہے جو آپ کو کام کرنے سے روکتی ہے، تو آپ کو سپلیمینٹل سکیورٹی انکم (SSI) کے لیے فائل کرنے کی ضرورت **ہوسکتی** ہے۔

اگر آپ کو جسمانی یا ذہنی طبی کیفیت یا کیفیات لاحق ہیں جو اتنی خراب ہیں کہ یہ آپ کو کام کرنے سے روکتی ہے تو، آپ کو اس معلومات کی اطلاع اپنے کارکن کو دینی چاہیئے۔ اگر آپ کا کارکن اس بات سے متفق ہے کہ آپ کی طبی کیفیت آپ کو کام کرنے سے روک رہی ہے تو، آپ کا کارکن آپ سے سوشل سیکیورٹی ایڈمنسٹیرشن میں SSI کے لیے درخواست دینے کا **تقاضہ** کرے گا۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ:

- آپ کو SSI کے لیے درخواست دینی چاہیئے۔
- آپ کو SSI کے تمام تقاضوں کے ساتھ تعاون کرنا چاہیئے۔
- آپ عارضی اعانت حاصل کرتے ہوئے SSI کے لیے زیر التوا درخواست کو واپس نہیں لے سکتے ہیں،
- اگر آپ کی SSI درخواست نامنظور ہو جاتی ہے تو، آپ کو اس انکار کے خلاف اپیل کرنی چاہیئے جب تک کہ آپ کا کارکن آپ سے یہ نہ کہے کہ آپ کو اپیل دائر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

اگر آپ ان تقاضوں کی تعمیل میں ناکام رہتے ہیں تو، آپ عارضی اعانت کے اہل نہیں ہوں گے۔